# یکساں قومی نصاب

## برائے

## اسلامیات (لازمی)

## جماعت اوّل تا دہم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## پیش لفظ

یکساں قومی نصاب برائے اسلامیات کی تیاری کے لیے نظر ثانی کمیٹی نے انتہائی پر خلوص کوششوں اور گزشتہ نصابات کا جائزہ لینے کے بعد اس نصاب میں بہتری لانے کی حتی الامکان سعی کی ہے۔ پہلا مسودہ تیاری کے بعد تمام صوبوں اور علاقوں میں بھیجنے کے علاوہ ویب سائٹ پر بھی رکھا گیا اور بذریعہ اشتہارات مختلف سٹیک ہولڈرز کو دعوت دی گئی کہ وہ اس ڈرافٹ نصاب کے متعلق اپنی آرا و تجاویز بھیجیں۔ مزید بر آں ملک بھر میں ماہرین نصابیات، تیاری کتب، امتحانات، اساتذہ، والدین اور طلبہ کے ساتھ مشاورت کی نشستیں رکھی گئیں تاکہ اس نصاب کے متعلق تجاویز حاصل کی جا سکیں۔ دینی مدارس کے وفاقات وتنظیمات کے نمائندوں نے اس نصاب کا جائزہ لینے کے بعد اس کی توثیق کی اور اسلام آباد میں تمام صوبوں، علاقوں، وفاقی تعلیمی ادارہ جات (کینٹ اینڈ گیریژن) اور محققین و ماہرینِ مضمون کے اجلاس میں یہ نصاب تکمیل تک پہنچا۔

نصابِ اسلامیات کی نظر ثانی کا مقصد ہے کہ یہ نصاب محض عقائد، عبادات، سیرت اور اخلاق و آداب کی معلومات تک محدود نہ رہے بلکہ طلبہ کی کردار سازی اور ان کی شخصیت میں رسوخ پیدا کیا جائے۔ اس لیے نصاب میں دو دائرہ ہائے کار (Strands) کا اضافہ کیا گیا ہے تاکہ طلبہ کو دورِ حاضر کے مسائل کو اسلامی تعلیمات کی روشنی میں حل کرنے کی ترغیب دی جا سکے۔ ان میں "حسن معاملات و معاشرت" اور "اسلامی تعلیمات اور عصرِ حاضر کے تقاضے" شامل ہیں۔ مزید بر آں نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ کے عملی پہلوؤں کو نصاب اسلامیات کا حصہ بنایا گیا تاکہ ابتدا ہی سے طلبہ کے لیے ہر معاملے میں سیرت طیبہ ایک روشن مثال کی صورت میں مشعلِ راہ ثابت ہو۔

نصاب کی تیاری میں دائرہ ہائے کار (Strands) معیارات (Standards)، حدودِ تدریج (Benchmarks) حاصل تعلّم (Learning Outcomes) اور مجوّزہ سرگرمیوں (Activities) کے علاوہ مجوّزہ تشکیلی و تکمیلی جانچ (Suggested Formative and Summative Assessment) کو بھی باقاعدہ طور پر شامل کیا گیا ہے جو نہ صرف تیاری کتب میں مدد دے گا بلکہ اساتذہ کے لیے بھی بطور سبقی خاکہ ممد و معاون ثابت ہو گا۔

نصاب میں طلبہ کے سیکھنے کے مواقع بڑھانے کی کوشش کی گئی ہے تاکہ طلبہ اسلامیات کو صرف مضمون کے طور پر نہ پڑھیں بلکہ اس کو اپنی روزمرہ زندگی میں شامل عمل کر سکیں اور ایک اچھا مسلمان بن سکیں۔ نظر ثانی کمیٹی برائے اسلامیات نے نصاب کے تدریسی مواد کے اطلاق کو عام فہم اور آسان زبان میں متعارف کروانے کی تجویز دی ہے اور اساتذہ اور مصنفین کے لیے ہدایات بھی ترتیب دی ہیں جن پر عمل کرنے سے بہترین نتائج کی امید کی جا سکتی ہے۔

امید کی جاتی ہے کہ اس نصاب اسلامیات کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ اپنی ملی و قومی شناخت پر فخر کر سکیں اور اس کے ساتھ ساتھ اقوامِ عالم میں اپنی اقدار پر کاربند رہتے ہوئے بھرپور کردار ادا کر سکیں۔

# مقاصد تدریسِ اسلامیات (اول تا دوازدہم)

**یکساں نصابِ اسلامیات اول تا دوازدہم کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

۱۔ اس بات پر پختہ ایمان اور یقین کریں کہ اللہ تعالیٰ ایک ہے۔ صرف وہی خالق، مالک، رازق اور حاکم ہے۔ اس کا کوئی شریک نہیں۔ اور یہ کہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم اللہ کے آخری نبی اور رسول ہیں۔

۲۔ تمام نبیوں اور رسولوں پر ایمان لا سکیں اور عقیدۂ ختم نبوت پر پختہ یقین رکھیں نیز ان پر نازل کردہ آسمانی کتب پر ایمان لائیں اور قرآن مجید کو آخری الہامی کتاب مانیں اور اللہ تعالیٰ کے مقرب فرشتوں پر پورے یقین اور صدقِ دل سے ایمان لا سکیں۔

۳۔ اس بات پر ایمان لائیں کہ یہ دنیا فانی ہے، قیامت ضرور آئے گی اس یقین کے ساتھ آخرت کی بہترین تیاری کر سکیں۔

۴۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے محبت رکھیں اور آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سیرت اور اسوہ حسنہ سے آگاہ ہوں- سچے دل سے سیرت اور اسوہ حسنہ کی اتباع کریں اور معاشرے میں اسلامی اقدار و تعلیمات کے احیاء کا فریضہ سر انجام دیں۔

۵۔ قرآن مجید کی تلاوت کی اہمیت اور اس کے آداب سے واقف ہوں۔ قرآن مجید کی تجوید، رموز و قاف، درست تلفظ اور روانی کے ساتھ تلاوت کر سکیں اور اس کا مفہوم سمجھیں۔ ذوق و شوق اور خشیت و اخلاص کے ساتھ قرآنی تعلیمات کی پیروی کر سکیں۔

۶۔ عبادات کی اصل روح اور ان کی اہمیت کو سمجھ سکیں اور خشوع و خضوع سے ان کی ادائیگی کر سکیں۔

۷۔ معاشرتی زندگی میں آدابِ معاشرت، حسنِ اخلاق و معاملات اور حقوق و فرائض سے متعلق اسلامی تعلیمات کی اہمیت سے واقف ہوں اور ان کے فوائد و برکات سے آگاہ ہوتے ہوئے اپنی زندگی اس کے مطابق ڈھال سکیں۔

۸۔ اپنے وطن سے محبت، قومی یکجہتی و سلامتی، نظریاتی سرحدوں کی حفاظت اور دفاعِ وطن کے لیے جدوجہد کر سکیں۔

۹۔ روزمرہ زندگی میں اخلاقِ حسنہ مثلاً خدمتِ خلق، اخوت و مساوات، تحمل و بردباری، نظم و ضبط، سچائی، حیا، ایفائے عہد، عفو و درگزر کو اپنا سکیں اور اخلاقِ رذیلہ مثلاً فضول خرچی، غرور و تکبر، نمود و نمائش اور ریاکاری وغیرہ کی تمام صورتوں سے اجتناب کر سکیں۔

۱۰۔ لسانی، علاقائی، صوبائی، مذہبی، مسلکی، گروہی تعصب اور فرقہ وارانہ سوچ سے بالاتر ہو کر ملی اتحاد قائم کر سکیں۔

۱۱۔ رواداری، برداشت اور صبر و تحمل کے جذبے سے سرشار ہو کر قومی یکجہتی قائم کریں اور دیگر مذاہب کے پیروکاروں کا لحاظ کر سکیں نیز دوسرے مذاہب کے پیروکاروں کے حقوق کا بھی خیال رکھ سکیں۔

۱۲۔ ملکی اور بین الاقوامی ذمہ داریوں سے آگاہ ہو کر ایک ذمہ دار شہری کا کردار ادا سکیں۔

۱۳۔ انبیاء کرام علیہم السلام، اہل بیت اطہار، ازواج مطہرات، صحابہ کرام رضی اللہ تعالی عنہم اجمعین، مشاہیر اسلام اور صوفیائے کرام کی دینی خدمات اور کردار سے آگاہ ہو سکیں اور اپنی زندگی کو ان کے مطابق ڈھال سکیں۔

۱۴۔ مسلمانوں کے تابناک ماضی پر فخر کر سکیں اور عظیم مسلمان شخصیات کو اپنے لیے مشعلِ راہ بنا سکیں۔

۱۵۔ ۔اس بات پر پختہ یقین کریں کہ اسلام ایک عالمگیر دین ہے اور زندگی کے ہر شعبے کے لیے مکمل ضابطۂ حیات ہے۔ یہ قیامت تک تمام بنی نوع انسان کے لیے رہنمائی ہے۔ اس لیے دینی تعلیمات کو سمجھتے ہوئے انھیں عملی طور پر اپنا سکیں۔

۱۶۔ اسلامی تعلیمات کی روشنی میں جدید علوم اور ٹیکنالوجی سے استفادہ کریں۔ جدید آلات اور ذرائع مواصلات کا مثبت اور موزوں استعمال کر سکیں۔

۱۷۔ علم کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے تحقیق، غور و فکر، تدبر اور پرکھنے کا جذبہ بیدار کر سکیں۔ عہد حاضر کے نئے رجحانات کو اسلامی نقطہ نظر سے سمجھ سکیں اور اپنے مسائل کا حل تلاش کر سکیں۔

۱۸۔ نظریۂ پاکستان کی حقیقی روح کو قرآن و سنت کی روشنی میں سمجھتے ہوئے مملکتِ پاکستان کو اسلامی فلاحی ریاست بنانے میں فعال کردار ادا کر سکیں۔

۱۹۔ قرآن و سنت کی تعلیمات کی روشنی میں حفظانِ صحت کے اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے اپنی ذہنی اور جسمانی صحت کا خیال رکھ سکیں۔

۲۰۔ قرآن و سنت کی تعلیمات کی روشنی میں قدرتی اور فطری ماحول کے تحفظ اور فوائد کو سمجھتے ہوئے صفائی، شجر کاری اور پانی بچاؤ مہم جیسی سرگرمیوں میں پر جوش حصہ لے سکیں۔

۲۱۔ اسلامی اقدار و روایات سے متصادم اور ثقافتی یلغار سے متاثر ہوئے بغیر قرآن و سنت کی تعلیمات کے مطابق انفرادی، خاندانی اور معاشرتی زندگی استوار کر سکیں۔

۲۲۔ مسلم شناخت کو اپنے ظاہری اعمال، کردار اور رویوں میں اختیار کر سکیں اور شریعت کے دائرے میں رہتے ہوئے امر بالمعروف و نہی عن المنکر کا فریضہ سرانجام دے سکیں۔

# اسلامیات کے یکساں قومی نصاب کی ترتیب

اسلامیات کا یہ نصاب ترتیب کے لحاظ سے پہلی سے بارہویں جماعت تک ہے۔ یہ نصاب طلبہ کی طبعی عمر اور ذہنی سطح سے مطابقت اور علمی، سماجی اور مذہبی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ترتیب دیا گیا ہے۔ اس نصاب میں استعمال ہونے والی چند اصطلاحات کی تفصیل درج ذیل ہے:۔

## دائرہ ہائے کار (Strands)

یکساں قومی نصابِ اسلامیات (پہلی سے بارہویں جماعت تک) درج ذیل سات دائرہ ہائے کار پر مشتمل ہے:۔

1. قرآن مجید و حدیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم
2. ایمانیات و عبادات
3. سیرتِ طیّبہ
4. اخلاق و آداب
5. حسنِ معاملات و معاشرت
6. ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام
7. اسلامی تعلیمات اور عصرِ حاضر کے تقاضے

## معیارات (Standards)

یکساں قومی نصابِ اسلامیات (پہلی سے بارہویں جماعت تک) سات دائرہ ہائے کار پر مشتمل ہے۔ ہر دائرہ کار کے الگ الگ معیار (Standard) مقرر کیے گئے ہیں۔ معیار سے مراد وہ علم، مہارتیں اور رویوں کے بارے میں ہماری توقعات ہیں جو طلبہ اسکول کے بارہ سالوں میں جانیں گے، مہارت حاصل کریں گے اور وہ ان سے اپنے رویوں میں مثبت تبدیلی لائیں گے۔

## حدودِ تدریج (Benchmarks)

نصابِ اسلامیات (پہلی سے بارہویں جماعت تک) کو پانچ حدودِ تدریج میں تقسیم کیا گیا ہے۔ حدودِ تدریج، معیارات کے حصول کے لیے مقرر کیے گئے ہیں جن سے مراد وہ علم، مہارتیں اور رویوں کے بارے میں ہماری توقعات ہیں جو طلبہ مقرر کردہ پانچ حدودِ تدریج میں جانیں گے، مہارت حاصل کریں گے اور وہ ان سے اپنے رویوں میں مثبت تبدیلی لائیں گے۔ جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

| حدودِ تدریج | جماعتیں |
| --- | --- |
| اوّل | پہلی اور دوسری جماعت |
| دوم | تیسری تا پانچویں جماعت |
| سوم | چھٹی تا آٹھویں جماعت |
| چہارم | نویں اور دسویں جماعت |
| پنجم | گیارہویں اور بارہویں جماعت |

## حاصل تعلّم (Learning Outcomes)

نصابِ اسلامیات کو پانچ حدودِ تدریج میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ہر حدودِ تدریج کے حصول کے لیے ہر جماعت، باب یا عنوان کے لیے حاصل تعلّم مقرر کیے گیے ہیں جن سے مراد وہ علم، مہارتیں اور روّیوں کے بارے میں ہمارے حاصلات کے متوقع نتائج ہیں جو طلبہ کسی خاص جماعت، باب یا عنوان میں جانیں گے، مہارت حاصل کریں گے اور وہ ان سے اپنے روّیوں میں مثبت تبدیلی لائیں گے۔

## مجوّزہ سرگرمیاں (Suggested Activities)

نصابِ اسلامیات کے معیارات، حدودِ تدریج اور حاصلِ تعلّم کے بہتر حصول کے لیے ہر جماعت، باب یا عنوان کے لیے حاصل تعلّم مقرر کیے گیے ہیں۔ ان حاصل تعلّم میں وقوفی (Cognitive)، مہاراتی (Psychomotor)، اور رویہ جاتی (Affective) پہلوؤں کے حصول کے لیے مجوّزہ سرگرمیاں (Suggested Activities) بھی شامل کی گئی ہیں۔ امید کی جاتی ہے کہ جہاں ممکن ہو ان سرگرمیوں کو استعمال کرنے کے ساتھ ساتھ اساتذہ کرام اپنے ماحول اور موجود سہولیات کے مطابق سرگرمیوں کا انتخاب کریں گے۔

## مجوّزہ جانچ (Suggested Assessment)

مجوّزہ جانچ میں دونوں طرح کی جانچ یعنی تشکیلی جانچ اور تکمیلی جانچ شامل کی گئی ہے۔ اس اضافے کا مقصد اساتذہ کرام کو ایک سبقی خاکہ مہیا کرنا ہے تاکہ وہ مجوّزہ کتاب کے ساتھ ساتھ بہتر تدریس کے لیے حاصل تعلّم کو مد نظر رکھتے ہوئے وقتاً فوقتاً طلبہ کی جانچ کر سکتے ہیں اور نتائج کی روشنی میں اپنے طرزِ تدریس میں بہتری لا سکتے ہیں۔

# ناظرہ قرآن مجید

لازمی تدریس قرآن ایکٹ 2017 کے تحت پہلی جماعت سے پانچویں تک ناظرہ قرآنِ مجید پڑھانالازمی ہے۔ صوبوں اور علاقوں میں ان کے صوبائی ایکٹ کی روشنی میں قران مجید کی تدریس کی جاسکتی ہے۔ نصاب اسلامیات میں پہلی سے پانچویں جماعت تک قرآنی قاعدہ اور تیس پارے درج ذیل ترتیب سے تجویز کیے گئے ہیں:۔

| | |
|---|---|
| جماعت اوّل | قرآنی قاعدہ مع آخری دس سورتیں |
| جماعت دوم | تیسواں اور پہلا پارہ |
| جماعت سوم | دوسرا تا آٹھواں پارہ |
| جماعت چہارم | نواں تا اٹھارواں پارہ |
| جماعت پنجم | انیسواں تا انتیسواں پارہ |

**نوٹ:** ناظرہ قرآن مجید با قاعدہ تجوید کے ساتھ پڑھایاجائے۔ اس کے ساتھ ساتھ بروقت قران مجید کی تکمیل کے لیے کچھ کام بطور ہوم ورک بھی تجویز کیا جاسکتا ہے۔ مزید برآں قران مجید کی کسی بھی ممکنہ بے حرمتی سے بچنے کے لیے ضروری ہے کہ قران مجید کو اسکول میں محفوظ مقام پر رکھاجائے اور حتی الامکان کوشش کی جائے کہ قران مجید یادائرہ کار بچوں کے بستوں میں نہ ہوں۔

# ترجمہ قرآن مجید

لازمی تدریس قران ایکٹ 2017 کے تحت چھٹی سے بارھویں جماعت تک ترجمہ قرآنِ مجید پڑھانا لازمی ہے۔ صوبوں اور علاقوں میں ان کے صوبائی ایکٹ کی روشنی میں ترجمہ قران مجید کی تدریس کی جاسکتی ہے۔ نصاب اسلامیات میں چھٹی سے دسویں جماعت تک ترجمہ قران پاک درج ذیل ترتیب سے تجویز کیا گیا ہے:۔

| جماعت | مطالعہ قرآن |
| --- | --- |
| جماعت ششم | سورۃ الفاتحہ<br>درج ذیل انبیائے کرام کے قصص پر مشتمل مختلف سورتیں:<br>• حضرت آدم علیہ السلام<br>• حضرت نوح علیہ السلام<br>• حضرت ہود علیہ السلام<br>• حضرت صالح علیہ السلام<br>• حضرت لوط علیہ السلام<br>• حضرت شعیب علیہ السلام<br>سورۃ الفیل تا سورۃ الناس |
| جماعت ہفتم | درج ذیل انبیائے کرام کے قصص پر مشتمل مختلف سورتیں:<br>• حضرت ابراہیم علیہ السلام<br>• حضرت موسیٰ علیہ السلام<br>سورۃ النباء تا سورۃ الھمزیٰ |
| جماعت ہشتم | • قصہ حضرت یوسف علیہ السلام (سورۃ یوسف)<br>• سورۃ الزخروف تا سورۃ الواقعہ |
| جماعت نہم | • سورۃ المریم تا سورۃ الحج<br>• سورۃ الفرقان تا سورۃ السجدۃ<br>• سورۃ السبا تا سورۃ ص<br>• سورۃ الاحقاف |
| جماعت دہم | • سورۃ الانعام اور سورۃ الاعراف |

| | |
|---|---|
| <ul><li>سورۃ یونس تا سورۃ الکھف (ماسوائے سورۃ یوسف)</li><li>سورۃ المومنون</li><li>سورۃ الزمر تا سورۃ الشوریٰ</li></ul> | |

**نوٹ**

بروقت ترجمہ قران مجید کی تکمیل کے لیے کچھ کام بطور ہوم ورک بھی تجویز کیا جاسکتا ہے۔ مزید بر آں قران مجید کی کسی بھی ممکنہ بے حرمتی سے بچنے کے لیے ضروری ہے کہ قرآن مجید کو اسکول میں محفوظ مقام پر رکھا جائے اور حتی الامکان کوشش کی جائے کہ قرآن مجید یا پارے بچوں کے بستوں میں نہ ہوں۔

## دائرہ ہائے کار(Strands)، معیارات(Standards )اور حدودِ تدریج/تدریس( Benchmarks )

### دائرہ کار(Strand)۔ا: قرآن مجید و حدیثِ نبوی صلی اللہ علیہ و علیٰ آلہ واصحابہ وسلم

**معیار(Standard ):** قرآن مجید (تلاوت، حفظ، ترجمہ) اور حدیثِ نبوی صلی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلم (ترجمہ) اور ان کی تعلیمات کو سمجھ کر اپنی زندگی میں اپنانے کی صلاحیت پیدا کریں۔

| حدودِ تدریج/تدریس( Benchmarks ) اوّل و دوم | حدودِ تدریج/تدریس( Benchmarks ) سوم تا پنجم |
|---|---|
| • قرآن مجید کی درست تجوید کے بنیادی اصول (مخارج اور رموزِ او قاف کا خیال رکھتے ہوئے) قرآنی قاعدہ کی مدد سے سیکھ سکیں۔<br>• قرآن مجید کی آخری دس سورتوں کی تلاوت کر سکیں۔<br>• قرآن مجید کا تیسواں اور پہلا پارہ درست تجوید اور رموزِ او قاف کے ساتھ تلاوت کر سکیں۔<br>• تعوّذ، تسمیہ، کلمہ طیبہ اور مختصر درود شریف (صلی اللہ علیہ و علیٰ آلہ واصحابہ وسلم) مع مفہوم یاد کر سکیں اور موزوں مواقع پر ان کا استعمال کر سکیں۔<br>• روزمرہ زندگی میں استعمال ہونے والے عربی کلمات اور ان کا مفہوم یاد اور استعمال کر سکیں۔(ان شا اللہ، ما شا اللہ، الحمد للہ، یر حمک اللہ)۔<br>• روزمرہ زندگی سے متعلق تین مختصر صحیح احادیث مع ترجمہ سمجھ کے ان پر عمل کر سکیں۔<br>• چھے اسمائے حسنیٰ مع معانی سمجھ سکیں | • قرآن مجید کی درست تجوید کے ساتھ (مخارج اور رموزِ او قاف کا خیال رکھتے ہوئے) تلاوت کرنے کی اہلیت پیدا کر سکیں۔<br>• قرآن مجید کے تیسرے پارے سے لے کر انتیسویں پارے تک قرآن مجید درست تجوید اور رموزِ او قاف کے ساتھ تلاوت کر سکیں۔<br>• قرآن مجید کی آخری دس سورتیں حفظ کر کے نماز اور نماز کے علاوہ پڑھنے کے عادی بن سکیں۔<br>• سورہ فاتحہ، آیت الکرسی، کلماتِ طیبات، ثناء، تشہد، درود شریف، دعائے قنوت، تسبیحات اور مسنون دعائیں مع ترجمہ یاد کر سکیں۔<br>• کلماتِ طیبات: سبحان اللہ، اللہ اکبر، جزاک اللہ خیرا، استغفر اللہ، لا حول و لا قوۃ الا باللہ، مع ترجمہ یاد کر سکیں۔<br>• روزمرہ زندگی سے متعلق پندرہ مختصر اور صحیح احادیث مع ترجمہ سمجھ کے ان پر عمل کر سکیں۔<br>• اکیس اسمائے حسنیٰ مع معانی سمجھ سکیں |

| حدودِ تدریج/تدریس( Benchmarks ) ششم تا ہشتم | حدودِ تدریج/تدریس( Benchmarks ) نہم ودہم |
|---|---|
| • قرآن مجید کی منتخب کردہ سورتیں (بمطابق ضمیمہ) کا ترجمہ یاد کر سکیں۔<br>• قرآن مجید کی منتخب کردہ سورتیں (بمطابق ضمیمہ) کے تراجم کے مفہوم کو سمجھ سکیں۔<br>• ان احکام کو سمجھ کر اپنی عملی زندگی میں ہدایت ورہنمائی حاصل کر سکیں۔<br>• قرآن مجید کی منتخب کردہ سورتوں (سورۃ اللیل ۹۲ تا سورۃ الھمزۃ ۱۰۴) کو درست تلفظ اور روانی کے ساتھ حفظ کر کے نماز میں اور نماز کے علاوہ پڑھنے کے عادی بن سکیں۔<br>• منتخب کردہ مسنون دُعائیں اور کلمات ترجمہ اور مفہوم کے ساتھ حفظ کر سکیں اور روزمرہ زندگی میں موزوں مواقع پر ان کو پڑھنے کے عادی بن سکیں۔<br>• بائیس(22) مختصر اور صحیح احادیث مع ترجمہ (بمطابق ضمیمہ) ذہن نشین کر سکیں نیز اُن سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے عملی زندگی کا حصہ بنا سکیں۔<br>• 33 اسمائے حسنیٰ مع معانی سمجھ سکیں۔ | • قرآن مجید کی منتخب کردہ سورتیں (حصہ چہارم و پنجم) کے تراجم کے مفہوم کو سمجھ سکیں۔<br>• منتخب سورتوں میں دیے گئے احکام کو سمجھ کر عملی زندگی میں ہدایت ورہنمائی حاصل کر سکیں۔<br>• قرآن مجید کی تدوین اور اِس کی حفاظت کے بارے میں جان سکیں۔<br>• حفاظت و تدوین حدیث (عہدِ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم، عہدِ صحابہ) کے بارے میں آگاہ ہو سکیں۔<br>• بیس(20) مختصر اور صحیح احادیث مع ترجمہ (بمطابق ضمیمہ) ذہن نشین کر سکیں نیز اُن سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے عملی زندگی کا حصہ بنا سکیں۔<br>• چالیس اسمائے حسنیٰ مع معانی سمجھ سکیں۔ |

**دائرہ کار(Strand)۔۲:ایمانیات وعبادات**

**الف:ایمانیات**

**معیار:(Standard )** عقائدِ اسلام کی حقیقت بالخصوص عقیدہ توحید ورسالت وختمِ نبوت، اور ان کے تقاضوں کو جان کر ان پر ایمان مضبوط کریں اور عملی زندگی میں ان کے تقاضے پورے کریں۔

| حدودِ تدریج/تدریس( Benchmarks ) اوّل ودوم | حدودِ تدریج/تدریس( Benchmarks ) سوم تا پنجم |
|---|---|
| • اللہ تعالیٰ کی وحدانیت پر ایمان لاسکیں اور سمجھ سکیں کہ صرف اللہ تعالیٰ ہی تمام مخلوقات کے خالق ہیں۔<br>• اس بات کو سمجھ کر ایمان لے آئیں کہ تمام انبیائے کرام کو اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی رہنمائی کے لیے مبعوث فرمایا۔<br>• اس بات پر ایمان رکھیں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ و اصحابہ وسلم خاتم النبیین یعنی اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے بعد ہمیشہ کے لیے کوئی نبی یا رسول نہیں آئے گا۔<br>• قرآن وسنت کی روشنی میں اس بات پر ایمان رکھیں کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسولوں پر الہامی کتب نازل کی ہیں اور ان کتابوں اور رسولوں کے نام بتاسکیں۔ | • پانچ بنیادی عقائدِ اسلام کا تعارف حاصل کرسکیں۔<br>• عقائدِ اسلام کی ضرورت واہمیت سمجھ سکیں۔<br>• عقائدِ اسلام کے عملی زندگی میں اثرات کے بارے میں اجمالی طور پر جان سکیں۔<br>• ان عقائد پر پختہ یقین رکھتے ہوئے انھیں اپنی عملی زندگی میں شامل کرسکیں۔<br>• عقیدہ ختمِ نبوت پر پختہ ایمان رکھیں اور یہ کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی تعلیمات تکمیلی اور ہمیشہ کے لیے رہنے والی ہیں اور دنیا وآخرت میں کامیابی کا ذریعہ صرف اسوہ حسنہ پر عمل کرنے میں ہی ہے۔ |
| **حدودِ تدریج/تدریس( Benchmarks ) ششم تا ہشتم** | **حدودِ تدریج/تدریس( Benchmarks ) نہم ودہم** |
| • بنیادی عقائدِ اسلام کا مفہوم تفصیل سے جان سکیں۔<br>• روزمرہ زندگی میں عقائدِ اسلام کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔<br>• عقائدِ اسلام کے عملی زندگی میں اثرات کو تفصیلی طور پر سمجھ سکیں۔<br>• اِن عقائد پر پختہ یقین رکھتے ہوئے انہیں اپنی عملی زندگی میں صدقِ دل سے تقاضے پورے کرسکیں۔<br>• عقیدہ ختمِ نبوت پر پختہ ایمان رکھیں اور حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سیرتِ طیبہ سے مکمل طور پر واقفیت حاصل کرتے ہوئے اُسوہِ حسنہ کی صدقِ دل سے اتباع کریں۔<br>• فرشتوں، آسمانی کتب، آخرت اور تقدیر پر ایمان مضبوط کرسکیں اور عملی زندگی میں ان کے تقاضے پورے کریں۔ | • بنیادی عقائدِ اسلام کا مفہوم اور ان کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔<br>• عقائدِ اسلام کے عملی زندگی میں اثرات کا جائزہ لے سکیں۔<br>• اِن عقائد پر پختہ یقین رکھتے ہوئے انہیں اپنی عملی زندگی میں صدقِ دل سے تقاضے پورے کرسکیں۔<br>• عقیدۂ توحید ورسالت پر ایمان مضبوط کرسکیں۔<br>• عقیدہ ختمِ نبوت پر پختہ ایمان رکھیں اور حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سیرتِ طیبہ سے مکمل طور پر واقفیت حاصل کرتے ہوئے اُسوہِ حسنہ کی صدقِ دل سے اتباع کریں۔<br>• فرشتوں، آسمانی کتب، آخرت اور تقدیر پر ایمان مضبوط کرسکیں اور عملی زندگی میں ان کے تقاضے پورے کریں۔ |

## ب:عبادات

**معیار(Standard) :**

ارکانِ اسلام اور دیگر عبادات میں اللہ تعالیٰ کی بندگی اور اطاعتِ رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی اصل روح کو جان کر اپنی زندگی ان کے مطابق گزاریں اور ان کے روحانی و معاشرتی فوائد حاصل کریں۔

| حدودِ تدریج/تدریس( Benchmarks ) اول ودوم | حدودِ تدریج/تدریس( Benchmarks ) سوم تاپنجم |
|---|---|
| • یہ سمجھ لیں کہ نماز اسلام کا بنیادی رکن ہے، پنجگانہ نمازوں کے نام جان لیں اور یہ کہ مسجد نماز پڑھنے کی جگہ ہے اور اذان نماز کے لیے پکار کا نام ہے۔<br>• یہ سمجھ لیں کہ روزہ(صوم) اسلام کا ایک اہم رکن ہے اور رمضان المبارک مسلمانوں کے لیے روزے رکھنے کا مہینہ ہے۔<br>• عیدین اور دیگر اسلامی تہواروں کے متعلق جان سکیں۔ | • پانچ ارکان اسلام کے بارے میں اجمالی طور پر جان سکیں اور ان کی اہمیت و فضیلت سے آگاہ ہوتے ہوئے اپنی زندگی میں ان کی پابندی کر کے اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کر سکیں۔<br>• اللہ تعالیٰ کی بندگی اور اطاعت واتباع رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ و اصحابہ وسلم کی اہمیت و فرضیت جان کر اپنی زندگی میں ان پر عمل پیرا ہو سکیں۔ |
| **حدودِ تدریج/تدریس( Benchmarks ) ششم تاہشتم** | **حدودِ تدریج/تدریس( Benchmarks ) نہم ودہم** |
| • اسلامی عبادات کے بارے میں جان سکیں۔<br>• اسلامی عبادات کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں اور ان کی معاشرتی اہمیت واثرات کو سمجھ کر اُن پر عمل پیرا ہو کر سکیں۔<br>• اسلامی عبادات (طہارت وپاکیزگی، کلمہ شہادت، نماز، روزہ، زکوۃ، حج وغیرہ) کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنے کی کوشش کر سکیں۔<br>• اللہ تعالیٰ کی بندگی کی اہمیت سمجھ کر خشیت، اخلاص اور ذوق وشوق کے ساتھ عبادت کر سکیں۔ | • اسلام میں عبادات کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں اور ان کی معاشرتی اہمیت واثرات کو سمجھ کر اُن پر عمل پیرا ہو کر سکیں۔<br>• اسلامی عبادات (نماز، روزہ، زکوۃ وعشر، حج وقربانی) کے احکام و مسائل سمجھ سکیں۔<br>• اللہ تعالیٰ کی بندگی کی اہمیت سمجھ کر خشیت، اخلاص اور ذوق وشوق کے ساتھ عبادت کر سکیں۔ |

## دائرہ کار(Strand)۔۳: سیرتِ طیّبہ

**معیار(Standard)**

اپنے دلوں میں حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی محبت اور ادب پیدا کرتے ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سیرتِ طیّبہ کے ہر پہلو سے آگاہی حاصل کریں اور یہ جان لیں کہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم خاتم النبیین ہیں آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سیرت پر عمل کرنا ہی دنیا و آخرت کی کامیابی کا ضامن ہے۔

| حدودِ تدریج/تدریس( Benchmarks ) اول ودوم | حدودِ تدریج/تدریس( Benchmarks ) سوم تا پنجم |
|---|---|
| • نبی آخر الزمان حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی ولادتِ مبارکہ اور گھرانے کے متعلق جان سکیں۔<br>• نبی آخر الزمان حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سیرت طیبہ کی روشنی میں اخلاقِ حسنہ کے پہلوؤں کے متعلق جان سکیں اور ان پر عمل کر سکیں۔<br>• یہ سمجھ سکیں کہ نبی آخر الزمان حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سیرت طیبہ اور تعلیمات کی پیروی کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔<br>• یہ سمجھ سکیں کہ نبی آخر الزمان حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے محبت ایمان کا لازمی دائرہ کار ہے۔ | • حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت مبارکہ سے لے کر غزوات تک سیرت طیبہ کے واقعات سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• ایمان وعقیدت کے ساتھ سنتِ رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ و اصحابہ وسلم کی اتباع کرتے ہوئے روزمرہ زندگی میں رہنمائی حاصل کر سکیں۔ |
| **حدودِ تدریج/تدریس( Benchmarks ) ششم تا ہشتم** | **حدودِ تدریج/تدریس( Benchmarks ) نہم ودہم** |
| • ایمان اور محبت کے ساتھ سنتِ رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ و اصحابہ وسلم کی اتباع کرتے ہوئے روزمرہ زندگی میں رہنمائی حاصل کر سکیں۔<br>• حضرت محمد صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سیرتِ طیبہ کے واقعات (غزوات سے لے کر معرکہ ٔموتہ تک) سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صفات حسنہ (تواضع، بردباری اور عفوودرگزر) سے آگاہ ہو کر انہیں اپنی زندگی میں اپنا سکیں۔<br>• حضرت محمد صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ کے مختلف پہلوؤں (بطور سربراہ خاندان، بطور سیاسی مدبر اور سپہ سالار ) سے آگاہی حاصل کر کے اس سے رہنمائی حاصل کر سکیں۔ | • ایمان اور محبت کے ساتھ سنتِ رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ و اصحابہ وسلم کی اتباع کرتے ہوئے رہنمائی حاصل کر سکیں۔<br>• حضرت محمد صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سیرتِ طیبہ کے واقعات (فتح مکہ سے لے کر وصال نبی تک) سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صفات حسنہ (بچپن اور جوانی کے واقعات، ذوقِ عبادت، سخاوت وایثار، صلہ ٔرحمی، خواتین کے ساتھ حسنِ سلوک) سے آگاہ ہو کر انہیں اپنی زندگی میں اپنا سکیں<br>• حضرت محمد صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ کے مختلف پہلوؤں (بطور سرچشمہ ہدایت اور اندازِ تربیت) سے آگاہی حاصل کر کے اس سے رہنمائی حاصل کر سکیں۔ |

## دائرہ کار(Strand)۔۴:اخلاق و آداب

### معیار(Standard)

اسلامی تعلیمات کی روشنی میں اخلاقِ حسنہ اور اچھی عادات سے واقفیت حاصل کر کے اپنی عملی زندگی میں ان کا اطلاق کریں۔

| حدودِ تدریج/تدریس( Benchmarks ) اول ودوم | حدودِ تدریج/تدریس( Benchmarks ) سوم تا پنجم |
|---|---|
| • قرآن وسنت کی روشنی میں اخلاقِ حسنہ کے متعلق جان سکیں۔<br>• اسلامی آدابِ زندگی کے متعلق جان کر اس کا عملی زندگی میں مظاہرہ کر سکیں۔<br>• والدین، اساتذہ اور بڑوں کے ادب کے متعلق جان سکیں۔<br>• یہ سمجھ سکیں کہ تمام انسان اور جانور اللہ تعالیٰ کی تخلیق ہیں اور ان کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنا چاہیے۔ | • قران وسنت کی روشنی میں اخلاقِ حسنہ جیسے سچائی، ایفائے عہد اور عفوو در گزر وغیرہ کے متعلق جان کر اپنی زندگی میں لاگو کر سکیں۔<br>• سادگی، رواداری، گفتگو کے آداب، رحم دلی، وقت کی پابندی اور کفایت شعاری کے متعلق جان کر انھیں اپنی زندگیوں کا حصہ بنا سکیں۔<br>• اچھی صفات کو اپنا کر ایک مثالی مسلمان بن کر معاشرے کی خدمت کر سکیں۔ |
| **حدودِ تدریج/تدریس( Benchmarks ) ششم تا ہشتم** | **حدودِ تدریج/تدریس( Benchmarks ) نہم ودہم** |
| • قرآن وسنت کی روشنی میں صداقت وامانت، صبر و تحمل، میانہ روی، نظم وضبط، سخاوت وایثار اور مساوات جیسے اعلیٰ اخلاق واقدار کو اپنا سکیں اور روز مرہ زندگی میں ان پر عمل پیرا ہو سکیں۔<br>• اسلامی تعلیمات کی روشنی میں آدابِ زندگی مثلاً گفتگو کے آداب، مجلس، کھانے پینے، تعلیم و تعلّم اور قومی املاک و وسائل کے استعمال کے آداب کو سمجھ کر ایک مثالی اسلامی معاشرے کی بنیاد رکھ سکیں۔<br>• بُری عادات مثلاً چوری، ریاکاری، نمود و نمائش اور حرص ولالچ سے اجتناب کر سکیں اور معاشرے میں ان کے منفی اثرات سے بخوبی واقف ہو سکیں۔ | • قرآن وسنت کی روشنی میں قرآن وسنت کی روشنی میں شکر و قناعت، امانت و دیانت، اخلاص و تقویٰ اور پردہ پوشی جیسے اعلیٰ اخلاق واقدار کو اپنا سکیں اور روز مرہ زندگی میں ان پر عمل پیرا ہو سکیں۔<br>• اسلامی تعلیمات کی روشنی میں بری عادات مثلاً تکبر، حسد، جھوٹ، غیبت و بہتان، جادو، ستاروں کے ذریعے قسمت کا حال جاننا اور توہم پرستی سے اجتناب کر سکیں اور معاشرے میں ان کے منفی اثرات کا جائزہ لے سکیں۔ |

## دائرہ کار (Strand) ۔۵: حسنِ معاملات و معاشرت

**معیار (Standard)**

باہمی تعلقات اور معاملات میں اسلامی تعلیمات سے آگاہ ہوں اور قومی و بین الاقوامی معاملات میں ان سنہری اصولوں پر عمل کریں۔

| حدودِ تدریج / تدریس (Benchmarks) اوّل و دوم | حدودِ تدریج / تدریس (Benchmarks) سوم تا پنجم |
|---|---|
| • نوٹ: دائرہ کار (Strand) حسنِ معاملات و معاشرت اوّل و دوم میں شامل نہیں ہیں۔ | • حقوق العباد، دیانت داری اور باہمی تعلقات کے متعلق اسلامی تعلیمات کی اہمیت سے اجمالی طور واقف ہو سکیں۔<br>• اپنے حقوق و فرائض کو سمجھتے ہوئے ایک مثالی مسلمان، محبِ وطن اور ذمہ دار شہری بن سکیں۔<br>• روزمرہ زندگی میں بری عادات سے اجتناب کرتے ہوئے اپنے تمام معاملات خوش اسلوبی سے سرانجام دے سکیں۔ |
| **حدودِ تدریج / تدریس (Benchmarks) ششم تا ہشتم** | **حدودِ تدریج / تدریس (Benchmarks) نہم و دہم** |
| • قرآن و سنت کی روشنی میں حسنِ معاملات و معاشرت مثلاً عدل و احسان، کسبِ حلال، قانون کا احترام، امن و سلامتی، امر بالمعروف و نہی عن المنکر اور اتحادِ ملی کو سمجھ کر عمل پیرا ہو سکیں۔<br>• حقوق العباد سے منسلک فرائض کے متعلق اسلامی تعلیمات اور اُن کی اہمیت سے واقف ہو سکیں تاکہ روزمرہ زندگی میں ان پر عمل پیرا ہو سکیں اور ایک مثالی مسلمان بن کر معاشرے کی خدمت کر سکیں۔ | • قرآن و سنت کی روشنی میں حسنِ معاملات و معاشرت مثلاً قسم کے احکام و مسائل، گواہی کے احکام و مسائل، ہمسایوں کے حقوق، سود کی حُرمت، اسلامی ریاست اور جہاد فی سبیل اللہ کے تصور کو سمجھ سکیں۔<br>• حسنِ معاملات و معاشرت سے منسلک دیے گئے موضوعات کے متعلق اسلامی تعلیمات پر عمل پیرا ہو سکیں اور ایک مثالی مسلمان بن کر معاشرے کی خدمت کر سکیں۔ |

## دائرہ کار(Strand)۔٦: ہدایت کے سر چشمے اور مشاہیر اسلام

### معیار (Standard)

انبیاء کرام علیہم السلام، اہلِ بیت اطہار، ازواجِ مطہرات، صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین، مشاہیر اسلام اور صوفیائے کرام رحمہم اللہ کی پاکیزہ زندگیوں سے آگاہ ہوں اور عملی زندگی میں ان کی پیروی کریں۔

| حدودِ تدریج/تدریس( Benchmarks ) اوّل و دوم | حدودِ تدریج/تدریس( Benchmarks ) سوم تا پنجم |
|---|---|
| • انبیائے کرام علیہم السلام (حضرت آدم علیہ السلام، حضرت نوح علیہ السلام) کا مختصر تعارف جان سکیں۔<br>• یہ جان لیں کہ حضرت آدم علیہ السلام اللہ کے پہلے نبی ہیں اور حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے بعد کبھی کوئی نبی نہیں آئے گا۔<br>• حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت نوح علیہ السلام کی زندگیوں کے واقعات سے مختصراً آگاہی حاصل کرسکیں۔ | • انبیاء کرام علیہم السلام (حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت اسماعیل، حضرت اسحٰق، حضرت داؤد علیہ السلام، حضرت موسیٰ علیہ السلام اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام) کی حیاتِ طیبہ اور ان کے اوصاف سے واقف ہوسکیں۔<br>• خلفائے راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے حالاتِ زندگی، دینی خدمات اور سیرت و کردار کو اجمالی طور پر جان کر انہیں مشعلِ راہ بنا کر دنیا و آخرت کی کامیابی حاصل کرسکیں۔ |
| **حدودِ تدریج/تدریس( Benchmarks ) ششم تا ہشتم** | **حدودِ تدریج/تدریس( Benchmarks ) نہم و دہم** |
| • مشاہیر اسلام کی حیاتِ طیبہ کے بارے میں جان سکیں۔<br>• اسلام کی مشہور شخصیات کی دینی اور روحانی خدمات کو جان کر اُن کی قابلِ رشک زندگیوں سے رہنمائی حاصل کرسکیں نیز مسلمانوں کی عظمت کی بحالی کا شعور اُجاگر ہوسکے۔<br>• اہلِ بیت اطہار، ازواجِ مطہرات، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور صوفیائے کرامؒ کی پاکیزہ زندگیوں سے آگاہ ہوسکیں نیز اُن کی اتباع کا ذوق پیدا ہوسکے۔ | • چند مشاہیر اسلام کی حیاتِ طیبہ کا تعارف حاصل کرسکیں۔<br>• اسلام کی مشہور شخصیات کی دینی اور روحانی خدمات کو جان کر اُن کی قابلِ رشک زندگیوں سے رہنمائی حاصل کرسکیں۔<br>• اہلِ بیت اطہار، ازواجِ مطہرات، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم، صحابیات کرام، صوفیائے کرام اور علما و مفکرین کی پاکیزہ زندگیوں کے بارے میں جان کر اُن کی تعلیمات پر عمل پیرا ہوسکیں۔ |

## دائرہ کار(Strand)۔۷:اسلامی تعلیمات اور عصرِ حاضر کے تقاضے

### معیار(Standard)

اسلامی تہذیب و تمدن کے خدّوخال کی پہچان کرتے ہوئے عصرِ حاضر کے مسائل (قومی اور بین الاقوامی) کے حل میں اپنا کردار ادا کر سکیں اور اس کی کی روح کو فخر کے ساتھ اپناتے ہوئے عصرِ حاضر کے مسائل کا حل تلاش کر سکیں اور اسے دنیا و آخرت کی کامیابی کا ذریعہ سمجھیں۔ وطنِ عزیز پاکستان میں اسلامی، اخلاقی اور روحانی اقدار و روایات کو فروغ دے سکیں نیز یہ کہ غم و خوشی کے موقعوں پر اسلامی و غیر اسلامی تہذیب میں امتیاز کر سکیں۔

| حدودِ تدریج/تدریس( Benchmarks ) اوّل و دوم | حدودِ تدریج/تدریس( Benchmarks ) سوم تا پنجم |
| --- | --- |
| **نوٹ:** دائرہ کار (Strand) اسلامی تعلیمات اور عصرِ حاضر کے تقاضے اوّل و دوم میں شامل نہیں ہیں۔ | • ''پاکیزگی نصف ایمان ہے'' اس حدیث کے پیشِ نظر اسلامی تہذیب کی خصوصیات اپناتے ہوئے ماحول کو صاف رکھنے میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔<br>• قدرت کے خوبصورت مظاہر (پانی اور پودوں) کی اہمیت، استعمال اور حفاظت کے بارے میں اسلامی تعلیمات جان کر ان پر عمل کر سکیں۔<br>• انسانی جان و مال اور عزت کی حفاظت سمجھتے ہوئے صحت و تندرستی ،حادثات سے بچنے کی تدابیر، ٹریفک قوانین کی پابندی اور تجاوزات سے اجتناب کر سکیں۔ |
| **حدودِ تدریج/تدریس( Benchmarks ) ششم تا ہشتم** | **حدودِ تدریج/تدریس( Benchmarks ) نہم و دہم** |
| • اسلامی تعلیمات کی روشنی میں عصرِ حاضر میں علم کی ضرورت و اہمیت کو سمجھتے ہوئے علم کے حصول کے لیے کوشاں ہو سکیں۔<br>• ناگہانی آفات میں اور ماحول کی بہتری کے لیے ملک و قوم کی خدمت میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔<br>• اسلامی تعلیمات کی روشنی میں عصرِ حاضر میں ذرائع ابلاغ کے استعمال کے آداب سے آگاہ ہو کر ان سے استفادہ کر سکیں۔ | • اسلامی تعلیمات کی روشنی میں عصرِ حاضر میں خود اعتمادی و خود انحصاری اور ذہنی صحت اور جسمانی ریاضت کی اہمیت سمجھ سکیں۔<br>• اسلام میں مستقبل کی منصوبہ بندی کی اہمیت کو سمجھ کر اس پر عمل پیرا ہو سکیں۔<br>• اسلامی تہذیب تمدن کے امتیازات سے روشناس ہو کر معاشرے میں اپنا اسلامی تشخص برقرار رکھنے میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ |

# نصابی خاکہ اسلامیات

# (جماعت اوّل)

# نصابی خاکہ (جماعت اوّل)

**دائرہ کار۔۱: قرآن مجید و حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم** [SLO: I-01-A-__]

<table>
<tr><td colspan="2">

**الف۔ ناظرہ قرآن مجید**

**حاصل تعلّم**

- قرآنی قاعدہ کے ذریعے تجوید کے قواعد مثلاً دُرست مخارج کے ساتھ حروف تہجی، اشکال اور اصوات کو سمجھ سکیں۔
- قرآن مجید کی آخری چار سورتیں تجوید کے ساتھ پڑھ سکیں۔

</td></tr>
<tr><td>

**علم**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO:I-01-A-01] آدابِ تلاوت کے بارے میں جان سکیں۔
- [SLO:I-01-A-02] حروفِ تہجی کی اشکال اور اصوات کی پہچان کر سکیں۔
- [SLO:I-01-A-03] اعراب مثلاً زبر، زیر، پیش، جزم، تشدید، مد، کھڑی زبر، کھڑی زیر اور اُلٹا پیش کے بارے میں جان سکیں۔
- [SLO:I-01-A-4] تجوید کے قواعد (قلقلہ اور غنہ) سے واقفیت حاصل کر سکیں۔

</td><td>

**صلاحیت**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO:I-01-A-05] دورانِ تلاوت آداب کا خیال رکھیں۔
- [SLO:I-01-A-06] قاعدے کی تختیاں تجوید کے قواعد (قلقلہ، غنہ) اور اعراب کے مطابق پڑھیں۔

</td></tr>
<tr><td colspan="2">

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: حروف تہجی کی اشکال، اصوات اور اعراب کی پہچان کریں گے اور مخارج کے ساتھ ادا کریں گے۔

تکمیلی جانچ: قرآنی قاعدے کو درست مخارج اور تجوید کے ساتھ پڑھ کر سنائیں گے۔

</td></tr>
<tr><td colspan="2">

**مجوّزہ سرگرمیاں:**

- طلبہ کی قراءت کی درستی کے لیے کسی معروف قاری کی آواز میں قراءت سنائی جائے۔
- فلیش کارڈ کی مدد سے حروف تہجی کی مختلف اشکال کی پہچان کروائی جائے۔

</td></tr>
</table>

## ب۔ حفظ قرآن

### حاصل تعلّم

- سورۃ الفاتحہ اور سورۃ الاخلاص دُرست تلّفظ کے ساتھ حفظ کر سکیں اور تجوید کے ساتھ زبانی تلاوت کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-01-A-07]سورۃ الفاتحہ اور سورۃ الاخلاص سے کے متعلق جان سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-01-A-08]سورۃ الفاتحہ اور سورۃ الاخلاص دُرست تلفظ کے ساتھ حفظ کر سکیں۔<br>• [SLO:I-01-A-09]سورتیں پڑھتے وقت تجوید کے قواعد کا خیال رکھ سکیں۔<br>• [SLO:I-01-A-10]سورتوں کو حفظ کر کے تجوید کے ساتھ روزمرہ معمولات میں تلاوت کر سکیں۔ |

### مجوّزہ جانچ

**تشکیلی جانچ:** وقتاً فوقتاً سورتوں کے حفظ کا جائزہ لیا جائے گا۔

**تکمیلی جانچ:** سورۃ الفاتحہ اور سورۃ الاخلاص کی تجوید کے مطابق زبانی تلاوت کریں گے۔

مختصر سوالات کے ذریعے سورتوں کے مضامین کا جائزہ لیا جائے گا۔ مثلاً

- الفاتحہ کسے کہتے ہیں؟
- سورۃ الفاتحہ کے مزید نام بتائیں۔
- سورۃ الاخلاص میں کس چیز کا ذکر کیا گیا ہے؟

### مجوّزہ سرگرمیاں

- طلبہ کی قراءت کی درستی کے لیے کسی معروف قاری کی آواز میں قرأت سنائی جائے۔
- مقابلہ حسن قراءت کرایا جائے اور بہترین قراءت کرنے والے کی حوصلہ افزائی کی جائے۔
- آیات کی ترتیب کے لحاظ سے زبانی مشق کروائی جائے۔ ایک طالب علم پہلی آیت پڑھے اور دوسرا طالب علم دوسری آیت اور اسی ترتیب سے باقی طلبہ اگلی آیات پڑھیں۔

## ج۔ حفظ و ترجمہ

### حاصل تعلّم

- کلمہ طیبہ مع مفہوم یاد کر سکیں۔
- روزمرہ زندگی میں استعمال ہونے والے عربی کلمات اور ان کا مفہوم یاد اور استعمال کر سکیں۔ (ان شاء اللہ، ماشاء اللہ)۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-01-A-11]کلمہ طیبہ کی اہمیت و فضیلت جانیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-01-A-13]کلمہ طیبہ مع ترجمہ یاد کریں۔ |

| | |
|---|---|
| • [SLO:I-01-A-12]روزمرہ زندگی میں استعمال ہونے والے مجوّزہ کلمات کے معانی و مفاہیم سمجھیں۔ | • [SLO:I-01-A-14]کلمہ طیبہ اور مذکورہ کلمات روزمرہ زندگی میں استعمال کریں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** طلبہ کا ان شاءاللہ اور ماشاءاللہ روزمرہ معمولات میں بروقت بولنے کا وقتاً فوقتاً جائزہ لیا جائے گا۔

**تکمیلی جانچ:** طلبہ کلمہ طیبہ مع ترجمہ پڑھ کر سنائیں گے۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- طلبہ کمرہ جماعت میں کلمہ طیبہ کا چارٹ بنا کر آویزاں کریں گے۔
- جن مواقع پر ان شاءاللہ، ماشاءاللہ کا استعمال کیا جاتا ہے ان کی نشاندہی کریں گے۔
- کلمہ طیبہ کے الفاظ اور ان کے مطالب کو ملانے کی سرگرمی کروائی جائے۔
- طلبہ کو مناسب مواقع پر بسم اللہ، الحمدللہ اور جزاک اللہ کہنے کی مشق کرائی جائے۔

## د۔ حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم

## حاصل تعلّم

- ایک مختصر مستند حدیث مبارک (بمطابق ضمیمہ) مع ترجمہ سمجھ کر روزمرہ زندگی میں اِس کی تعلیمات پر عمل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-01-A-15]حدیث شریف کا مطلب جان لیں۔<br>• [SLO:I-01-A-16]حدیث شریف کے معنی و مفہوم سے آگاہ ہوں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-01-A-17]روزمرہ زندگی میں اس حدیث کی تعلیمات پر عمل کریں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** طلبہ حدیث شریف کے مفہوم کو مختصراً بیان کریں گے۔

**تکمیلی جانچ:** حدیث شریف کو سمجھ کر اس پر عمل کو اپنا معمول بنائیں گے اور اِس کا وقتاً فوقتاً جائزہ لیا جائے گا۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- صاف ستھری چیزوں اور گندگی کا موازنہ کرنے کے حوالے سے سرگرمیاں کروائی جائیں جیسا کہ اردگرد کا ماحول اور جسمانی صفائی وغیرہ۔
- کمرا جماعت اور اسکول کے دیگر حصوں کو صاف رکھنے کی عملی مشق کرائی جائے۔

## ہ۔ دعائیں (زبانی)

علم میں اضافے کی دُعا

## حاصل تعلّم

- دعا کو مع ترجمہ زبانی یاد کر کے روزمرہ زندگی میں پڑھنے کے عادی ہو سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |

| | |
|---|---|
| • [SLO:I-01-A-18]دعا کو پڑھنے کی اہمیت و فضیلت سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-01-A-19]دعا کے معنی اور مفہوم سے واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-01-A-20]تین اسمائے حسنیٰ مع معانی پڑھ سکیں۔(**الرَّحْمٰنُ** )نہایت مہربان(، **الرَّحِیْمُ** )ہمیشہ رحم فرمانے والا(، **اَلْمَلِكُ** )بادشاہ | • [SLO:I-01-A-21]دعا کو دُرست تلفظ کے ساتھ یاد کر سکیں۔<br>• [SLO:I-01-A-22]دعا کو اپنی روزمرہ زندگی میں مانگنے کے عادی بن سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** دعا کو یاد کر کے بوقت ضرورت اسے پڑھنے کا معمول بنائیں گے۔

**تکمیلی جانچ:** طلبہ دعا کے مفہوم کو مختصر بیان کریں گے۔

**مجوّزہ سرگرمیاں:**

- دعاؤں کے استعمال کے مواقع متعارف کروائیں۔
- طلبہ دعاؤں کے استعمال کے مزید مواقع تلاش کریں اور جماعت میں پیش کریں۔

**دائرہ کار۔۲: ایمانیات و عبادات**[SLO:I-01-B-__]

**الف۔ ایمانیات:**

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-01-B-01] توحید کے عقیدے سے آگاہ ہو سکیں کہ اللہ تعالیٰ ہی تمام کائنات کا خالق ومالک اور یکتا ہے۔<br>• [SLO:I-01-B-02] اللہ تعالیٰ کی دی گئی نعمتوں سے واقفیت حاصل کر سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-01-B-03]سورہ اخلاص کے لفظ "احد" کو بخوبی سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-01-B-04]اللہ تعالیٰ کی دی گئی نعمتوں پر شکر ادا کر سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ نعمتوں کا چارٹ تیار کریں گے۔

**تکمیلی جانچ:** توحید کے معنی اور تمام کائنات کے خالق کی پہچان کر سکیں گے۔

**مجوّزہ سرگرمیاں:**

- ارکانِ ایمان سے متعلق بچوں کی ذہنی سطح کے مطابق ویڈیو دکھائی جائے۔
- طلبہ میں مختلف تصاویر تقسیم کریں اور انہیں دو حصوں میں بانٹنے کو کہیں:

۱۔ وہ چیزیں جو اللہ تعالیٰ کی براہ راست تخلیق کردہ ہیں جیسے انسان، حیوانات، نباتات و جمادات وغیرہ

۲۔ وہ چیزیں جنھیں انسان اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی طاقت، علم اور عقل سے بناتے ہیں مگر جن کا حقیقی خالق اللہ تعالیٰ ہی ہے۔

**ب۔ نبوت ورسالت**

حاصل تعلّم

- اس بات کو سمجھ کر ایمان پختہ کریں کہ تمام انبیائے کرام علیھم السلام کو اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی رہنمائی کے لیے مبعوث فرمایا اور اس بات پر ایمان پختہ کریں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم خاتم النبیین یعنی اللہ تعالیٰ کے آخری نبی اور رسول ہیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|

| | |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-01-B-05]عقیدہ ختمِ نبوت کو سمجھیں۔<br>• [SLO:I-01-B-06]یہ سمجھ سکیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے بعد کبھی بھی کوئی نبی یا رسول نہیں ہو گا۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-01-B-07]نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے خاتم النبیین ہونے پر یقین پختہ کر سکیں۔<br>• [SLO:I-01-B-08]خاتم النبیین کے معنی بتائیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** طلبہ ختمِ نبوت کے مفہوم کے بارے میں مختصراً بتائیں گے۔

**تکمیلی جانچ:** انبیاء کرام علیہم السلام کے ناموں کی فہرست میں سے آخری نبی کا نام منتخب کریں گے۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- پیارے نبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کا نام "محمد" نقطے ملا کر مکمل کریں۔
- کلمہ طیبہ میں رسالت کے ذکر کو مذکورہ موضوع سے منسلک کریں۔

## ب۔ عبادات

الف۔ ارکانِ اسلام کا تعارف: کلمہ طیبہ

**حاصلِ تعلّم:**

- ارکانِ اسلام کا اجمالی تعارف جان سکیں اور کلمہ طیبہ کا مفہوم اور اُس کی اہمیت سے اجمالی طور پر آگاہ ہو سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-01-B-09]ارکان اسلام کے ناموں سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-01-B-10]کلمہ طیبہ کے معنی و مفہوم جان سکیں۔<br>• [SLO:I-01-B-11]کلمہ طیبہ کی اہمیت سے اجمالی طور پر آگاہ ہو سکیں<br>• [SLO:I-01-B-12]کلمہ طیبہ یاد کر سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-01-B-13]ارکان اسلام کے نام بتا سکیں۔<br>• [SLO:I-01-B-14]کلمہ طیبہ کا ترجمہ سمجھ سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: کلمہ طیبہ کے دونوں حصّوں میں فرق کر سکیں گے۔

تکمیلی جانچ: کلمہ طیبہ کے مفہوم کو مختصراً بیان کریں گے۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- ارکان اسلام کا چارٹ بنوا کر کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔

**ب۔ نماز / مسجد و اذان**

**حاصلِ تعلّم**

- یہ جان لیں کہ مسجد نماز پڑھنے کی جگہ ہے اور اذان نماز کے لیے پکار کا نام ہے۔
- یہ سمجھ لیں کہ نماز اسلام کا بنیادی رکن ہے اور نماز کی مسلمان کی زندگی میں کیا اہمیت ہے۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |

| | |
|---|---|
| • [SLO:I-01-B-15] یہ جان سکیں کہ مسجد نماز پڑھنے کی جگہ ہے اور اذان نماز کے لیے پکار کا نام ہے۔<br>• [SLO:I-01-B-16] اذان سننے کے آداب کے متعلق جان سکیں۔<br>• [SLO:I-01-B-17] یہ جان سکیں کہ نماز کے لیے پاک صاف ہونا ضروری ہے۔<br>• [SLO:I-01-B-18] پانچ نمازوں کے نام جان سکیں۔ | • [SLO:I-01-B-19] اذان سننے کے آداب پر عمل پیرا ہوں۔<br>• [SLO:I-01-B-20] اپنے بڑوں کے ساتھ مسجد جانے کی صورت میں مسجد کے احترام کا مظاہرہ کر سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** صبح، شام، رات اور دوپہر کی نمازوں کے ناموں کو وقت کی تصاویر کے ساتھ ملائیں۔

**تکمیلی جانچ:** پنجگانہ نمازوں کے نام ترتیب وار لکھیں گے۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- طلبہ کو اذان کے وقت مکمل خاموشی اختیار کرنے اور اذان کا جواب دینے کی مشق کروائی جائے۔
- نماز کے ناموں کا چارٹ تیار کر کے کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔

## دائرہ کار۔۳: سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم [SLO:I-01-C-__]

الف۔ ہمارے پیارے نبی خاتم النبیین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم

**حاصل تعلّم**

- نبی آخر الزمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی ولادتِ مبارکہ اور گھرانے کے متعلق جان سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-01-C-01] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی ولادتِ مبارکہ (مہینہ، جگہ وغیرہ) کے بارے میں بنیادی معلومات سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-01-C-02] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے والدین، دادا، چچا، اور رضاعی والدہ کے اسماء گرامی سے آگاہ ہو سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-01-C-03] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی ولادت باسعادت کے حالات اور معجزات کے بارے میں مختصراً جان سکیں۔<br>• [SLO:I-01-C-04] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے والدین اور سرپرستوں کے اسمائے گرامی بتا سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے تعارف اور خاندان کے بارے میں بتائیں گے۔

تکمیلی جانچ: طلبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے خاندان کے افراد کے نام اور ان کے رشتوں کو (کالم الف) کو کالم (ب) میں ملائیں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- نبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے دادا، والد، چچا اور رضاعی والدہ کے اسمائے گرامی کا چارٹ تیار کریں۔

ب۔۔ ہمارے پیارے نبی خاتم النبیین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے اخلاق حسنہ

**حاصل تعلّم**

- نبی آخر الزمان حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے صادق اور امین ہونے کو جان سکیں اور سیرت طیبہ کی روشنی میں اخلاق حسنہ کے پہلوؤں کو اپنا سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-01-C-05] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے خلق عظیم کے بارے میں جان سکیں۔<br>• [SLO:I-01-C-06] صادق اور امین کے مفاہیم سے واقفیت حاصل کر سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-01-C-07] طلبہ سچائی اور امانت داری کی خصوصیات کو اپنا سکیں۔<br>• [SLO:I-01-C-08] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے خلق عظیم کو جان کر جذبہ محبت رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ و اصحابہ وسلم پیدا ہو سکے۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** وقتاً فوقتاً سچائی اور امانت داری سے متعلق عملی نمونے کا جائزہ لیا جائے گا۔

**تکمیلی جانچ:** صادق اور امین کے الفاظ کے مفاہیم کے بارے میں بتائیں گے۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی صداقت اور امانت کے واقعات اپنے ساتھیوں کو سنائیں۔
- طلبہ سچ بولنے کے مواقع کے بارے میں روزمرہ زندگی سے مثال پیش کریں۔

## دائرہ کار۔۴: اخلاق و آداب

[SLO:I-01-D-__]

**معیار**

اسلامی تعلیمات کی روشنی میں اخلاقِ حسنہ اور اچھی عادات سے واقفیت حاصل کر کے اپنی عملی زندگی میں ان کا اطلاق کریں۔

**الف۔ اچھے اخلاق:**

**حاصل تعلم**

- قرآن و سنت کی روشنی میں اچھے اخلاق کے متعلق جان سکیں اور اپنی عملی زندگی میں اچھے اخلاق کی خصوصیات اپنا سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-01-D-01] قرآن و سنت کی روشنی میں اچھے اخلاق کے متعلق جان سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-01-D-02] عملی زندگی میں اچھے اخلاق کی خصوصیات اپنا سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** اچھے اور برے کاموں کی فہرست کالم بنا کر ایک چارٹ کی صورت میں تیار کریں گے۔

**تکمیلی جانچ:** اچھے اخلاق اور برے اخلاق کی تصاویر کی نشاندہی کریں گے۔

| |
|---|
| **مجوّزہ سرگرمیاں**<br>• اچھے اخلاق سے متعلق طلبہ کی عمر کے مطابق ویڈیو دکھائی جائے۔<br>• طلبہ اپنے احساسات بیان کریں جب کسی نے ان کے ساتھ بد سلوکی اختیار کی ہو اور اپنے ردِّ عمل کا اظہار کریں۔ |

| | |
|---|---|
| **ب۔ سلام کرنا**<br>**حاصل تعلیم:**<br>• سلام کرنے کی اہمیت، طریقہ اور آداب سے آگاہ ہو سکیں اور روز مرہ زندگی میں سلام کرنے کی عادت کو اپنا سکیں۔ | |
| **علم**<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-01-D-03]سلام کا مطلب، طریقہ، آداب اور اس کی اہمیت کے بارے میں جان سکیں۔<br>• [SLO:I-01-D-04]سلام کو سنت کے طور پہ جان سکیں۔ | **صلاحیت**<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-01-D-05]اپنی روز مرہ زندگی میں سلام کرنے کی عادت کو اپنا سکیں۔<br>• [SLO:I-01-D-06]سلام کا جواب اور دیگر آداب اپنا سکیں۔ |
| **مجوّزہ جانچ**<br>**تشکیلی جانچ:** سلام کے معنی کے بارے میں مختصر بیان کریں گے۔<br>**تکمیلی جانچ:** سلام کے عملی نمونے کا جائزہ لیا جائے گا۔ | |
| **مجوّزہ سرگرمیاں**<br>• سلام کے حوالے سے ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سنتیں تلاش کر کے جماعت میں پیش کریں۔<br>• اسکول اور اس سے باہر سلام میں پہل کرنے کی عادت اپنائیں۔ | |

**دائرہ کار۔۵: ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام [SLO:I-01-E-__]**

| | |
|---|---|
| **الف۔ انبیائے کرام علیہم السلام کا تعارف**<br>**حاصل تعلیم:** قرآن و سنت کی روشنی میں:<br>• انبیائے کرام علیہم السلام کی خصوصیات اور صفات کے بارے میں مختصر طور پر جان سکیں اور یہ جان لیں کہ پہلے نبی حضرت آدم علیہ السلام اور آخری نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم ہیں۔ | |
| **علم**<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-01-E-01]انبیائے کرام علیہم السلام کے مبعوث ہونے کا مقصد جان سکیں۔<br>• [SLO:I-01-E-02]انبیائے کرام علیہم السلام کی صفات کے بارے میں مختصر طور پر جان سکیں۔ | **صلاحیت**<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-01-E-03]انبیائے کرام علیہم السلام کی تعداد کے بارے میں جان سکیں۔<br>• [SLO:I-01-E-04]نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے آخری نبی ہونے پر ایمان پختہ کر سکیں۔ |
| **مجوزہ جانچ**<br>**تشکیلی جانچ:** انبیائے کرام علیہم السلام کی صفات کا مختصر اًتعارف بیان کریں گے۔<br>**تکمیلی جانچ:** معروضی سوالات کے ذریعے انبیائے کرام علیہم السلام کی بعثت کے مقصد اور صفات کے بارے میں بتائیں گے۔ | |
| **مجوزہ سرگرمیاں**<br>• انبیائے کرام علیہم السلام کی صفات بالخصوص نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے معجزات چارٹ کی صورت میں کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔ | |

# نصابی خاکہ اسلامیات

# (جماعت دوم)

# نصابی خاکہ (جماعت دوم)

دائرہ کار۔ا: قرآن مجید و حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم [SLO: I-02-A-]

<table>
<tr><td colspan="2">

**الف۔ ناظرہ قرآن مجید**

**حاصل تعلّم:**

- قرآن مجید کے پہلے اور تیسویں پارے کی تجوید کے ساتھ تلاوت کر سکیں اور دورانِ تلاوت مخارج اور رموزِ اوقاف کا خیال رکھ سکیں۔

</td></tr>
<tr><td>

**علم**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO: I-02-A-01] حروفِ تہجی کے مخارج سے واقفیت حاصل کریں۔
- [SLO: I-02-A-02] رموزِ اوقاف کو پہچانیں۔

</td><td>

**صلاحیت**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO: I-02-A-03] پارہ نمبر ۳۰ اور پہلے پارے کی تجوید کے قواعد کے مطابق تلاوت کریں۔
- [SLO: I-02-A-04] دورانِ تلاوت رموزِ اوقاف کا خیال کریں۔
- [SLO: I-02-A-05] دورانِ تلاوت آداب کا خیال رکھیں۔

</td></tr>
<tr><td colspan="2">

**جانچ**

**تشکیلی جانچ:** تصاویر کی مدد سے مخرج کی پہچان کریں گے اور درست مخارج کے ساتھ تلفظ ادا کریں گے۔

**تکمیلی جانچ:** پارہ نمبر 30 اور پارہ نمبر 1 کی (**مختلف**) آیات کی تجوید کے قواعد کے مطابق اور روانی سے تلاوت کریں گے۔

</td></tr>
<tr><td colspan="2">

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- طلبہ کی قرأت کی درستی کے لیے کسی معروف قاری کی آواز میں قرأت سنائی جائے۔
- فلیش کارڈز کی مدد سے رموزِ اوقاف کی مشق کریں۔

</td></tr>
</table>

<table>
<tr><td colspan="2">

**ب۔ حفظ قرآن مجید**

**حاصل تعلّم**

- سورتوں کو حفظ کرکے تجوید کے ساتھ نماز میں اور نماز کے علاوہ زبانی تلاوت کر سکیں اور معوذتین کی اہمیت و فضیلت جان سکیں۔

</td></tr>
<tr><td>

**علم**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO: I-02-A-06] معوذتین سے متعارف ہو سکیں۔
- [SLO: I-02-A-07] معوذتین کی اہمیت اور فضیلت جان سکیں۔
- [SLO: I-02-A-08] معوذتین کو حفظ کر سکیں۔

</td><td>

**صلاحیت**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO: I-02-A-09] طلبہ رات کو سونے سے پہلے معوذتین پڑھنے کے عادی بن سکیں۔

</td></tr>
<tr><td colspan="2">

**جانچ**

**تشکیلی جانچ:** معوذتین کا پس منظر بتائیں گے اور بتائیں گے کہ یہ سورتیں کب پڑھی جاتی ہیں؟

**تکمیلی جانچ:** معوذتین کی درست تلفظ اور روانی کے ساتھ زبانی تلاوت کریں گے۔

</td></tr>
<tr><td colspan="2">

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- مقابلہ حسن قرآت کروایا جائے۔

</td></tr>
</table>

- بہترین قرآت کرنے والے کو انعام دیا جائے۔

ج۔ حفظ و ترجمہ

**حاصل تعلّم:**

- تعوذ، تسمیہ اور مختصر درود شریف (صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم) مع مفہوم یاد کر سکیں اور موزوں مواقع پر اُن کا استعمال کر سکیں۔
- یہ جان لیں کہ جب بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کا اسم گرامی سنیں، پڑھیں یا لکھیں تو درود شریف کا اہتمام کرنا چاہیے۔
- روز مرہ زندگی میں استعمال ہونے والے عربی کلمات اور ان کا مفہوم یاد اور استعمال کر سکیں۔ (بسم اللہ، الحمدللہ، یرحمک اللہ، جزاک اللہ)۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| • [SLO: I-02-A-10] تعوذ، تسمیہ اور مختصر درورد شریف کے معانی و مفاہیم سمجھ سکیں۔<br>• [SLO: I-02-A-11] دیے گئے کلمات کے معانی سے واقفیت حاصل کر سکیں۔ | • [SLO: I-02-A-12] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم کا نام مبارک سنتے اور پڑھتے وقت درود شریف پڑھنے کے عادی بن سکیں۔<br>• [SLO: I-02-A-13] روز مرہ زندگی میں ان کلمات کو مواقع کی مناسبت سے پڑھنے کے عادی بن سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ:**

**تشکیلی جانچ:** وقتاً فوقتاً مذکورہ کلمات کے استعمال کا جائزہ لیا جائے گا۔

**تکمیلی جانچ:** تعوذ، تسمیہ اور مختصر درورد شریف، بسم اللہ، الحمد اللہ، یرحمک اللہ اور جزاک اللہ کے کلمات کو ان کے تراجم کے سامنے چسپاں کریں گے۔

**مجوّزہ سرگرمیاں:**

- جماعت میں کلمات کا چارٹ بنا کر آویزاں کریں۔
- طلبہ کو بتایا جائے کہ جب بھی نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کا اسم گرامی سنیں، پڑھیں یا لکھیں تو درود شریف ضرور پڑھیں اور لکھیں۔

د۔ حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم

حاصل تعلّم:

- دو مختصر مستند احادیث مبارکہ مع ترجمہ سمجھ کر روز مرہ زندگی میں اِن کی تعلیمات پر عمل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| • [SLO: I-02-A-14] احادیث مبارکہ کی اہمیت سے واقف ہوں۔<br>• [SLO: I-02-A-15] احادیث مبارکہ کے معانی و مفاہیم سے آگاہ ہوں۔ | • [SLO: I-02-A-16] روز مرہ زندگی میں ان احادیث کی تعلیمات پر عمل کریں۔ |

مجوزہ جانچ

تشکیلی جانچ: احادیث مبارکہ کو سمجھ کر پیارے نبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے اسم گرامی کے ساتھ درود شریف پڑھیں گے۔

تکمیلی جانچ: احادیث مبارکہ کے عنوان کو بیان کریں گے۔

مجوّزہ سرگرمیاں:

- احادیث مبارکہ سے متعلق دی گئی تصاویر میں رنگ بھریں۔

ہ۔ دعائیں (زبانی)

**والدین کے لیے دُعا**

**حاصل تعلّم:**

- دعا کو مع ترجمہ زبانی یاد کرکے اپنی روز مرہ زندگی میں پڑھنے کے عادی ہو سکیں۔

**علم**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO: I-02-A-17] دعا کو پڑھنے کی اہمیت و فضیلت سے آگاہ ہو سکیں۔
- [SLO: I-02-A-18] دعا کے معانی و مفہوم سے واقف ہو سکیں اور دُرست تلفظ کے ساتھ یاد کر سکیں۔
- [SLO: I-02-A-19] تین اسمائے حسنیٰ مع معانی پڑھ سکیں۔

  ، (**اَلْقُدُّوْسُ**) جملہ نقائص و عیوب سے پاک (، **اَلسَّلَامُ**) سلامتی دینے والا (، **اَلْمُؤْمِنُ**) امان بخشنے والا

**صلاحیت**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO: I-02-A-20] دعا کو اپنی روز مرہ زندگی میں پڑھنے کے عادی بن سکیں۔

**مجوزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: دعا کے عربی متن اور ان کے موضوع سے متعلق تصاویر کو آپس میں ملائیں گے۔

تکمیلی جانچ: دعا کو درست تلفظ کے ساتھ زبانی پڑھیں گے۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- دعا کو یاد کرکے روزانہ اسے پڑھنے کا معمول بنائیں۔
- دعا سے متعلق ویڈیو دکھائی جائے۔
- دعاؤں سے متعلق موضوع کے مطابق طلبہ رول پلے کریں گے مثلاً دعا سے متعلق کوئی مکالمہ پیش کریں۔

## دائرہ کار۔۲: ایمانیات و عبادات

### الف۔ ایمانیات [SLO: I-01-B-]

**الف۔ آسمانی کتب اور فرشتے**

**حاصل تعلّم**

- اس بات کو سمجھ کر ایمان پختہ کریں کہ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی رہنمائی کے لیے اپنے رسولوں پر آسمانی کتب نازل کی ہیں اور یہ جان لیں کہ قرآن مجید اللہ تعالیٰ کی آخری کتاب ہے۔ یہ بھی سمجھ سکیں کہ فرشتے اللہ تعالیٰ کی نوری مخلوق ہیں۔

**علم**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO: I-02-B-01] ارکان ایمان سے متعارف ہو سکیں۔ (بطور اعادہ)
- [SLO: I-02-B-02] فرشتوں کی خصوصیات سے آگاہ ہو سکیں۔
- [SLO: I-02-B-03] آسمانی کتابوں کے نزول کا مقصد جان سکیں۔
- [SLO: I-02-B-04] چار بڑے فرشتوں کے نام بتا سکیں ۔
- [SLO: I-02-B-05] جن انبیائے کرام پر کتابیں نازل ہوئیں ان کے نام بتا سکیں ۔
- [SLO: I-02-B-06] چار آسمانی کتابوں کے نام بتا سکیں۔

**صلاحیت**

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO: I-02-B-07] فرشتوں، آسمانی کتابوں، انبیائے کرام علیہم السلام پر ایمان کو پختہ کر سکیں۔
- [SLO: I-02-B-08] قرآن مجید کو آخری آسمانی کتاب جان کر ایمان پختہ کر سکیں۔

**مجوزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: ارکان ایمان کے ناموں کے سامنے ترتیب وار نمبر تحریر کریں گے۔

تکمیلی جانچ: ارکان ایمان، آسمانی کتب اور جن انبیاء کرامؑ پر یہ کتابیں نازل ہوئیں اور چار بڑے فرشتوں کے نام بتائیں گے / لکھیں گے۔

فرشتوں کی خصوصیات بذریعہ معروضی سوالات متعارف کروائی جائیں۔

ب۔ آخرت

حاصل تعلّم

- آخرت کے بارے میں اجمالی طور پر جان سکیں اور جزا و سزا پر ایمان پختہ کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| • [SLO: I-02-B-09] عقیدہ آخرت کے مفہوم سے آگاہ ہو سکیں۔ | • [SLO: I-02-B-10] عقیدہ آخرت کے تصور کے مطابق جزا و سزا پر ایمان پختہ کر سکیں۔ |

مجوزہ جانچ

تشکیلی جانچ: آخرت کے موضوع سے متعلق مختصراً وضاحت ہم جماعت ساتھیوں کے سامنے پیش کریں گے۔

تکمیلی جانچ: معروضی سوالات کے ذریعے آخرت سے متعلق طلبہ کی سمجھ بوجھ کا جائزہ لیا جائے گا۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- دنیا اور آخرت کے معانی بتائے جائیں۔
- نیک اعمال اور برے اعمال کی فہرست تیار کر کے لائیں۔
- یومِ آخرت کے مزید ناموں سے واقف ہوں گے۔

**ب۔ عبادات**

الف۔ روزہ

حاصل تعلّم

- یہ سمجھ لیں کہ روزہ (صوم) اسلام کا ایک اہم رُکن ہے اور روزے کی فضیلت اور اوقات کے بارے میں جان سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| • [SLO: I-02-B-11] روزہ کی اہمیت کو جان سکیں۔<br>• [SLO: I-02-B-12] رمضان المبارک کے بارے میں جان سکیں۔<br>• [SLO: I-02-B-13] روزے کی سحری اور افطاری کے بارے میں جان سکیں۔ | • [SLO: I-02-B-14] روزہ کا مختصر تعارف بیان کر سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: ارکان اسلام کے ناموں کے سامنے ترتیب وار نمبر تحریر کریں گے۔

تکمیلی جانچ: روزے کا مختصر تعارف بیان کریں گے۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- روزہ رکھنے کی نیت اور افطار کرنے کی دعا کا چارٹ بنوا کے کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔

**ب۔ عیدین اور اسلامی تہوار**

| |
|---|
| حاصل تعلّم<br>• عیدین کا تعارف حاصل کر سکیں اور پاکستان میں منائے جانے والے دیگر اسلامی تہواروں کے متعلق جان سکیں۔ |

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-02-B-15] یہ جان سکیں کہ عید الفطر رمضان المبارک کے بعد آتی ہے۔<br>• [SLO: I-02-B-16] یہ جان سکیں عید الاضحیٰ ذی الحج کے مہینے میں آتی ہے۔<br>• [SLO: I-02-B-17] دیگر اسلامی تہواروں کے بارے میں واقفیت حاصل کر سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-02-B-18] عیدین کا مختصر تعارف بیان کر سکیں۔ |

| |
|---|
| مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ:<br>• عیدین اور دیگر اسلامی تہواروں کے مواقع پر کیے جانے والے اعمال بتائیں۔<br>• رمضان المبارک میں نیکیوں کے فضائل بتا سکیں۔<br>تکمیلی جانچ: عید الاضحیٰ کے موقع پر کس نبی کی سنت کو دہرایا جاتا ہے؟ اسی طرز پر مزید سوالات پوچھے جائیں گے۔ |
| مجوّزہ سرگرمیاں<br>• عید کے دن کی سنتیں اپنے ہم جماعت ساتھیوں کو بتائی جائیں۔<br>• جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی تقریبات کا آنکھوں دیکھا حال بیان کریں۔ |

**دائرہ کار۔۳: سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم [SLO: I-02-C-]**

| |
|---|
| الف۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی محبت اور اطاعت<br>حاصل تعلّم<br>• یہ سمجھ سکیں کہ حضرت محمدؐ رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے محبتؐ و اطاعت ایمان کا لازمی جُزو ہے۔<br>• نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے خاندان اور آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی ولادت باسعادت، بچپن کے چیدہ چیدہ واقعات اور پرورش کے بارے میں جان سکیں۔ |

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-02-C-01] حضرت محمدؐ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی ولادت مبارکہ اور گھرانے کے متعلق بنیادی معلومات جان سکیں۔ (بطور اعادہ)<br>• [SLO: I-02-C-02] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے محبت اور اطاعت کے معنی و مفہوم سے آگاہ ہو سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-02-C-03] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سنتوں کو روزمرہ زندگی میں اپنا سکیں۔<br>• [SLO: I-02-C-04] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی محبت کو ایمان کا لازمی جزو بنا سکیں |

| |
|---|
| مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: مثالوں کے ذریعے طلبہ بتائیں کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی محبت و اطاعت کا جذبہ کس طرح اپنے اندر پیدا کر سکتے ہیں۔<br>تکمیلی جانچ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی محبت اور اطاعت کے مفاہیم کو مختصراً بیان کریں گے۔ |
| مجوّزہ سرگرمیاں |

- نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی محبت کو اجاگر کرنے کے لیے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سنتوں میں کوئی سی پانچ سنتیں تلاش کر کے اپنے ہم جماعت ساتھیوں کو بتائی جائیں۔

ب۔ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے اخلاق حسنہ

**حاصل تعلّم**

- حضرت مُحمّد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی، نرم مزاجی، رحم دِلی، ایفائے عہد اور عفو و درگزر کے بارے میں جان سکیں اور اِن اَخلاقِ حسنہ کو اپنا سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-02-C-05] نرم مزاجی، رحمدلی، ایفائے عہد اور عفو درگزر کے مفاہیم کے بارے میں جان سکیں۔<br>• [SLO: I-02-C-06] ان موضوعات کے بارے میں سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO: I-02-C-07] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی رحمدلی، ایفائے عہد، عفو درگزر کے حوالے سے واقعات سے آگاہ ہو سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-02-C-08] اخلاق حسنہ کی افادیت کو سمجھ کر روزمرہ زندگی میں ان پر عمل پیرا ہو سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: مختلف منظر ناموں کو پڑھ کر طلبہ مذکورہ اخلاق کے حوالے سے اپنی رائے پیش کریں گے۔

تکمیلی جانچ: رحم دلی، ایفائے عہد اور عفو و درگزر کے موضوعات کی مختصر اًوضاحت کریں گے۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- طلبہ سبق میں موجود واقعات کے علاوہ اخلاق نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے دیگر واقعات تلاش کر کے اپنے ہم جماعت ساتھیوں کو بتائیں۔

## دائرہ کار۔۴: اخلاق و آداب [SLO: I-02-D-]

الف۔ اسلامی آدابِ زندگی

حاصل تعلّم:

- قرآن و سنّت کی روشنی میں روزمرّہ زندگی کے آداب جان سکیں۔
- کھانے پینے اور گفتگو کے آداب جان سکیں۔
- اپنی عملی زندگی میں اِن آداب پر عمل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-02-D-01] کھانے پینے اور گفتگو کے آداب کی روزمرہ زندگی میں افادیت سے آگاہ ہو سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-02-D-02] کھانے پینے کے آداب کو روزمرہ زندگی میں اپنا سکیں ۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: وقتاً فوقتاً مذکورہ آداب کے حوالے سے چیک لسٹ کی صورت میں جائزہ لیا جائے گا۔

تکمیلی جانچ: کھانے پینے اور گفتگو کے آداب کے درست اور غلط طریقوں میں تصاویر کی مدد سے فرق کریں گے۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- کھانے کے آداب کی سنتیں تلاش کر کے کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔

**ب۔ بڑوں کا ادب**

حاصل تعلّم

- قرآن و سنت کی روشنی میں بڑوں کے ادب و احترام کے بارے میں جان سکیں۔

| علم | صلاحیت |
| --- | --- |
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-02-D-03] والدین، اساتذہ اور بڑوں کے احترام کی اہمیت کے بارے میں واقفیت حاصل کر سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-02-D-04] والدین، اساتذہ کے احترام کو عملی زندگی میں شامل کر سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: وقتاً فوقتاً والدین، اساتذہ اور بڑوں کے ادب کے احترام کے حوالے سے جائزہ لیا جائے گا۔

تکمیلی جانچ: سبق سے متعلق ذہنی آزمائش کا مقابلہ کروایا جائے گا۔ روزمرہ زندگی سے مختلف صورتوں میں طلبہ بڑوں کا ادب کیسے کریں گے؟

مجوّزہ سرگرمیاں

- والدین اور بڑوں کے ادب کے حوالے سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ سے مثالیں تلاش کر کے اپنے ہم جماعت ساتھیوں کو بتائیں۔
- والدین اور بڑوں کے احترام کے حوالے سے کوئی موزوں ویڈیو دکھائی جائے۔
- روزمرہ زندگی میں آپ اپنے بڑوں کا ادب کیسے کرتے ہیں؟ اپنے استاد اور ہم جماعت ساتھیوں کو بتائیں۔

**ج۔ جانوروں سے اچھا سلوک**

حاصل تعلّم

- جانوروں کے حقوق سے آگاہ ہو سکیں اور جانوروں کے ساتھ اچھے سلوک اور ہمدردی کا مظاہرہ کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
| --- | --- |
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-02-D-05] جانوروں کے حقوق سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-02-D-06] جانوروں کے ساتھ بدسلوکی کے مضمرات سے آگاہ ہو سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-02-D-07] جانوروں کے ساتھ حسن سلوک کا مظاہرہ کر سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: طلبہ اپنے پالتو جانوروں کے ساتھ حسن سلوک کے بارے میں اپنے ہم جماعت ساتھیوں کو بتائیں گے۔

تکمیلی جانچ: سبق سے متعلق ذہنی آزمائش کا مقابلہ کروایا جائے گا۔ جانوروں کے ساتھ اپنے ذاتی تجربہ سے آگاہ کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- طلبہ جانوروں سے حسن سلوک کے حوالے سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلّم سے واقعات تلاش کر کے لائیں۔

**دائرہ کار۔۵: ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام**

[SLO: I-02-E-]

**الف۔ انبیائے کرام علیہم السلام**

حاصل تعلّم:

- انبیائے کرام میں سے حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت نوح علیہ السلام کا تعارف اور اُن کے حالات زندگی کے بارے میں جان سکیں۔

| صلاحیت | علم |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-02-E-03]حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت نوح علیہ السلام کے واقعات کو مختصراً اپنے الفاظ میں بیان کر سکیں۔<br>• [SLO: I-02-E-04]حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت نوح علیہ السلام کے واقعات سے سبق حاصل کرتے ہوئے ان پر عمل کر سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-02-E-01]حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت نوح علیہ السلام کا تعارف حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO: I-02-E-02]حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت نوح علیہ السلام کے واقعات سے آگاہی حاصل کر سکیں۔ |
| مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت نوح علیہ السلام کے واقعات کو نمبرات کی مدد سے ترتیب دیں۔<br>تکمیلی جانچ: حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت نوح علیہ السلام کے واقعات اپنے الفاظ میں بتائیں گے۔ | |
| مجوّزہ سرگرمیاں<br>• حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت نوح علیہ السلام کے واقعات سے متعلق کوئز منعقد کروایا جائے۔ | |

# نصابی خاکہ اسلامیات

# (جماعت سوم)

# نصابی خاکہ (جماعت سوم)

## دائرہ کار۔۱: قرآن مجید و حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم [SLO: I-03-A-]

الف۔ ناظرہ قرآن مجید

حاصل تعلّم

- قرآن مجید کے پارہ ۲ تا ۸ کی تجوید کے ساتھ تلاوت کر سکیں اور دورانِ تلاوت مخارج اور رموزِ اوقاف کا خیال رکھ سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-03-A-01] طلبہ حروفِ تہجی کے مخارج کے بارے میں جانیں۔<br>• [SLO: I-03-A-02] رموزِ اوقاف اور دُرست تلفظ سے آگاہ ہوں۔<br>• [SLO: I-03-A-03] تلاوت کے آداب سے واقفیت حاصل کریں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-03-A-04] پارہ نمبر ۲ تا ۸ کی تلاوت قواعد کے مطابق کریں۔<br>• [SLO: I-03-A-05] دورانِ تلاوت آدابِ تلاوت کا خیال رکھیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

**تشکیلی جانچ:** تصاویر کی مدد سے مخرج کی پہچان کریں گے اور درست مخارج کے ساتھ تلفظ ادا کریں گے۔

**تکمیلی جانچ:** پارہ نمبر ۲ تا ۸ کی (**مختلف**) آیات کی تجوید کے قواعد کے مطابق اور روانی سے تلاوت کریں گے۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- طلبہ کی قراءت کی درستی کے لیے کسی معروف قاری کی آواز میں قرأت سنائی جائے۔
- فلیش کارڈز کی مدد سے رموزِ اوقاف کی مشق کریں۔
- مقابلہ حسن قرأت کرایا جائے اور بہترین قرأت کرنے والے کی حوصلہ افزائی کی جائے۔

ب۔ حفظ قرآن

حاصل تعلّم

- سورۃ الکوثر، سورۃ النصر اور سورۃ اللھب دُرست تلّفظ کے ساتھ حفظ کر سکیں اور تجوید کے ساتھ نماز اور نماز کے علاوہ زبانی تلاوت کر سکیں۔

| علم | صلاحیت: |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-03-A-06] سورۃ الکوثر، سورۃ النصر اور سورۃ اللھب کی درست تلفظ اور مخارج کے ساتھ تلاوت کر سکیں۔<br>• [SLO: I-03-A-07] سورۃ الکوثر، سورۃ النصر اور سورۃ اللھب یاد کر سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-03-A-08] مذکورہ سورتوں کو حفظ کر کے تجوید کے ساتھ نماز اور نماز کے علاوہ تلاوت کر سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: سورۃ الکوثر، سورۃ النصر اور سورۃ اللھب اپنے ہم جماعت ساتھیوں کو سنائیں۔

تکمیلی جانچ: سورۃ الکوثر، سورۃ النصر اور سورۃ اللھب زبانی سنائیں گے۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- سورۃ الکوثر، سورۃ النصر اور سورۃ اللھب کے پس منظر سے متعلق معلومات اکٹھی کر کے لائیں۔

ج۔ حفظ و ترجمہ

حاصلِ تعلّم

- اللہ اکبر ، استغفر اللہ، جزاک اللہ خیراً کے معانی و مفاہیم جان سکیں اور ان کلمات کو موقع کی مناسبت سے روز مرہ زندگی میں پڑھ سکیں۔
- درود ابراہیمی کو دُرست تلفظ اور روانی کے ساتھ یاد کر کے کثرت سے درود شریف پڑھنے کے عادی بن سکیں۔
- ثناء اور سورۃ فاتحہ کے ترجمہ سے واقفیت حاصل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-03-A-09] دیے گئے کلمات کے معانی و مفاہیم جان سکیں۔<br>• [SLO: I-03-A-10] درودِ ابراہیمی کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-03-A-11] ثنا اور سورۃ الفاتحہ کے معانی سے آگاہ ہو سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-03-A-12] ان کلمات کو روزمرہ زندگی میں مواقع کی مناسبت سے پڑھنے کے عادی بن سکیں۔<br>• [SLO: I-03-A-13] ہر دعا کے اوّل و آخر درود شریف پڑھنے کی عادت اپنا سکیں۔<br>• [SLO: I-03-A-14] ثنا اور سورۃ الفاتحہ دُرست تلفظ اور روانی کے ساتھ حفظ کر سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: طلبہ سے مقدس کلمات، درود ابراہیمی، ثنا اور سورۃ الفاتحہ کو فرداً فرداً پڑھایا اور ان کا معانی و مفہوم سنا جائے گا۔

تکمیلی جانچ: مقدس کلمات، درود ابراہیمی، ثنا اور سورۃ الفاتحہ حفظ و ترجمہ سننے کا ماہانہ جائزہ لیا جائے گا۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- ثناء اور سورۃ الفاتحہ کے چارٹ تیار کروا کر کمرہ جماعت میں لگائیں۔
- ان کلمات کے پڑھنے کی عملی مشق کروائی جائے۔
- درود ابراہیمی کی آڈیو سنیں۔

د۔ حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم

حاصلِ تعلّم

- چار مختصر مستند احادیث مبارکہ سمجھ سکیں اور ان احادیث کو سمجھ کر روزمرہ زندگی میں ان کی تعلیمات پر عمل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-03-A-15] مذکورہ احادیث مبارکہ کے معانی و مفاہیم سے آگاہ ہو سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-03-A-16] اپنی روزمرہ زندگی میں ان احادیث مبارکہ کی تعلیمات پر عمل کریں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: احادیث مبارکہ کے عربی متن اور انکے تراجم کو کالم کی صورت میں ملائیں۔

تکمیلی جانچ: احادیث مبارکہ کے موضوعات کو مختصراً بیان کریں گے۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- مثالوں کی مدد سے احادیث مبارکہ کے مفہوم کی وضاحت کی جائے۔

<table>
<tr><td colspan="2">ہ۔ دعائیں (زبانی)<br>• کھانے سے پہلے کی دعا اور کھانے کے بعد کی دعا<br>• ان دعاؤں کو مع ترجمہ زبانی یاد کر کے اپنی روزمرہ زندگی میں پڑھنے کے عادی ہو سکیں۔</td></tr>
<tr><td>علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-03-A-17] دعاؤں کو پڑھنے کی اہمیت و فضیلت سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-03-A-18] دعاؤں کے معانی و مفاہیم سے واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-03-A-19] چھ اسمائے حسنیٰ مع معانی پڑھ سکیں۔ المُهَيْمِنُ (نگہبانی اور حفاظت فرمانے والا) (الْعَزِيْزُ) عزت بزرگی اور غلبہ والا (الْجَبَّارُ) بہت زبردست عظمت والا (الْمُتَكَبِّرُ) سب سے اعلیٰ و اَرفع بڑائی والا (الْخَالِقُ) پیدا کرنے والا (الْبَارِئُ) عدم سے وجود میں لانے والا</td><td>صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-03-A-20] دعاؤں کو دُرست تلفظ کے ساتھ یاد کریں۔<br>• [SLO: I-03-A-21] دعاؤں کو سمجھ کر روزمرہ زندگی میں مانگنے کے عادی بن سکیں۔</td></tr>
<tr><td colspan="2">مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: دعاؤں کے عربی متن اور ان کے عنوانات سے متعلقہ تصاویر کو آپس میں ملائیں گے۔<br>تکمیلی جانچ: دعاؤں کو درست تلفظ کے ساتھ زبانی سنائیں گے۔</td></tr>
<tr><td colspan="2">مجوّزہ سرگرمیاں<br>• دعاؤں سے متعلق موزوں ویڈیو دکھائی جائے گی۔<br>• طلبہ کو دعا مانگنے کے آداب سکھائیں۔</td></tr>
</table>

## دائرہ کار۔ ۲: ایمانیات و عبادات

### الف۔ ایمانیات

[SLO: I-03-B-]

<table>
<tr><td colspan="2">الف۔ توحید کا تعارف<br>حاصل تعلّم<br>• اسلامی تعلیمات کی روشنی میں عقیدے کا معنی و مفہوم جان سکیں اور اللہ تعالیٰ کی عظمت و کبریائی جان کر اس کی نعمتوں کا شکر ادا کر سکیں اور عملی زندگی میں توحید کے تقاضے سمجھ سکیں۔</td></tr>
<tr><td>علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-03-B-01] ارکانِ ایمان کا مختصر تعارف حاصل کریں۔<br>• [SLO: I-03-B-02] توحید کے معنی و مفہوم جان سکیں۔<br>• [SLO: I-03-B-03] اللہ تعالیٰ کی ذات و صفات کا وحدہ لاشریک کے طور پر ادراک کر سکیں۔</td><td>صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-03-B-06] اللہ تعالیٰ کی عظمت کو جان کر اس کی نعمتوں پر شکر ادا کرنے کی عادت اپنائیں۔</td></tr>
</table>

| | |
|---|---|
| • [SLO: I-03-B-04] سورہ اخلاص اور کلمہ طیبہ کی تعلیمات سے واقف ہوں۔<br>• [SLO: I-03-B-05] عملی زندگی میں توحید کے تقاضوں کو سمجھ سکیں۔ | |
| مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: ارکان ایمان کی مختصر اًوضاحت کریں گے اور اللہ تعالیٰ کی صفات بیان کریں گے۔<br>تکمیلی جانچ: توحید کا تقاضا کیا ہے؟ اس بارے میں مختصر اًپیراگراف تحریر کریں گے۔ | |
| مجوّزہ سرگرمیاں<br>• اللہ تعالیٰ کی صفات کی فہرست بنوائی جائے۔<br>• اسمائے حسنیٰ کی آڈیو سنائی جائے۔<br>• بچوں کو سیر پر لے جا کر اللہ تعالی کی قدرت وعظمت سے متعارف کیا جائے۔ | |

| | |
|---|---|
| ب۔ نبوت ورسالت<br>حاصل تعلّم:<br>• نبوت اور رسالت کا معنی، مفہوم اور ضرورت کو سمجھ سکیں۔<br>• انبیائے کرام علیہم السلام کی صفات سے واقف ہو کر ان کی تعظیم وتکریم بجالا سکیں۔<br>• رسول اکرم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کو نبی آخر الزماں جان کر عقیدہ ختم نبوت کو مضبوط کر سکیں اور سیرت وسنت کے مطابق ڈھال سکیں۔ | |
| علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-03-B-07] نبوت اور رسالت کا مفہوم اور ضرورت و اہمیت سمجھ سکیں۔<br>• [SLO: I-03-B-08] رسول اکرم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کو نبی آخر الزماں جان کر عقیدہ ختم نبوت کی عظمت واہمیت کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO: I-03-B-09] انبیائے کرام علیہم السلام کی صفات سے واقف ہو کر انکی عظمت وشان سمجھ سکیں۔ | صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-03-B-10] عقیدۂ ختم نبوت کو پختہ کریں۔<br>• [SLO: I-03-B-11] اپنی زندگی کو نبی آخر الزمان حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی سیرتِ طیبہ کے مطابق ڈھالیں۔<br>• [SLO: I-03-B-12] عملی زندگی میں نبی آخر الزمان حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم اور تمام انبیائے کرام علیہم السلام کی تعظیم وتکریم بجالائیں۔ |
| مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: عقیدۂ ختم نبوت کا مفہوم مختصر اًبتائیں گے۔<br>تکمیلی جانچ: انبیاء کرام علیہم السلام کی ضرورت کیوں پیش آتی ہے اور تمام نبیوں پر ایمان لانا کیوں ضروری ہے؟ وضاحت کریں گے۔ / معروضی سوالات حل کریں گے | |
| مجوّزہ سرگرمیاں:<br>• نبی آخر الزمان حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم اور انبیاء کرام علیہم السلام کی امتیازی صفات سے متعلق فہرست تیار کریں۔<br>• ختم نبوت کے حوالے سے ایک حدیث شریف ساتھیوں کو بتائیں۔ | |

## ب۔عبادات

| |
|---|
| الف۔کلمہ شہادت: |

حاصل تعلّم

- ارکان اسلام کا اجمالی تعارف جان سکیں۔
- کلمہ شہادت مع ترجمہ یاد کر سکیں۔
- کلمہ شہادت کا مفہوم اور اہمیت جان سکیں۔

ب۔ اذان اور موذن

حاصل تعلّم:

- یہ جان سکیں کہ اذان اسلامی شعائر میں سے ہے اور اذان و موذن کی فضیلت اور اذان کے آداب سے واقف ہو سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| • [SLO: I-03-B-13] اذان کی فضیلت و آداب سے واقف ہوں۔<br>• [SLO: I-03-B-14] مستند احادیث کی روشنی میں موذن کی فضیلت کے بارے میں جان سکیں۔ | • [SLO: I-03-B-15] اذان سننے کی فضیلت جانتے ہوئے ادب اور خاموشی سے اذان سنیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: وقتاً فوقتاً اذان سننے کے آداب سے متعلق جائزہ لیا جائے گا۔

تکمیلی جانچ: کمرہ جماعت میں اذان سنوا کر اس کے آداب سے متعلق طلبہ کی کارکردگی جانچی جائے گی۔

مجوّزہ سرگرمیاں:

- ارکان اسلام کا چارٹ بنوا کر کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔
- اذان مع ترجمہ چارٹ کی صورت مین کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔
- طلبہ کو اذان کے وقت مکمل خاموشی اختیار کرنے اور اذان کا جواب دینے کی مشق کروائی جائے۔

ب۔ وضو

حاصل تعلّم

- یہ جان سکیں کہ وضو نماز کی بنیادی شرط ہے اور وضو کی فضیلت و آداب سے واقف ہو سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| • [SLO: I-03-B-16] وضو کی فضیلت و آداب کے بارے میں جانیں۔ | • [SLO: I-03-B-17] یہ جان لیں کہ وضو نماز کے لیے ضروری ہے۔ |

مجوّزہ جانچ:

تشکیلی جانچ: وضو کے آداب کے متعلق پوچھا جائے گا۔

تکمیلی جانچ: وضو کی فضیلت کے بارے میں سنا جائے گا۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- طلبہ وضو کا طریقہ اپنے والدین سے سیکھ کر اس پر عمل کریں۔ (گھریلو سرگرمی)
- وضو کی اہمیت و فضیلت کے بارے میں مستند احادیث تلاش کر کے لائیں اور ساتھیوں کو بتائیں۔

ج۔ نماز

| حاصل تعلّم | |
|---|---|
| ● نماز کی اہمیت، فضیلت اور آداب جان سکیں اور نمازوں کی تعداد، رکعات اور ناموں سے واقف ہو سکیں اور روز مرہ زندگی میں نمازوں کا اہتمام کر سکیں۔ | |
| علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>● [SLO: I-03-B-18] نماز کی فضیلت و آداب کے بارے میں جانیں۔<br>● [SLO: I-03-B-19] نمازوں کے اوقات اور رکعات کی تعداد بتائیں۔<br>● [SLO: I-03-B-20] نماز کی فضیلت کے بارے میں مستند احادیث مبارکہ سے کوئی مثال دیں۔ | صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>● [SLO: I-03-B-21] عملی زندگی میں نماز کی فضیلت و آداب جانتے ہوئے نماز پڑھنے کی عادت کو پختہ کریں۔ |
| مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: نماز کی اہمیت وفضیلت سے متعلق **اپنی رائے کا اظہار** کریں گے۔<br>تکمیلی جانچ: پنجگانہ نمازوں کے نام کے سامنے رکعات تحریر کریں۔ | |
| مجوّزہ سرگرمیاں<br>● طلبہ نماز کا عملی طریقہ اپنے والدین سیکھ کر اس پر عمل کریں۔<br>● نماز کے اوقات کے بارے میں چارٹ بنا کر لگائیں۔ | |

| د۔ قبلہ و مسجد<br>حاصل تعلّم | |
|---|---|
| ● قبلہ و مسجد کا تعارف، اہمیت جان سکیں اور ان کے ادب واحترام کو اپنی زندگیوں میں شامل کر سکیں۔ | |
| علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>● [SLO: I-03-B-22] قبلہ کا تعارف (مع قبلہ اوّل) اور اُس کی اہمیت جانیں۔<br>● [SLO: I-03-B-23] مسجد کی فضیلت و آداب جانیں۔ | صلاحیت:<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>● [SLO: I-03-B-24] قبلہ و مسجد کے ادب واحترام کو اپنی زندگی میں شامل کریں۔<br>● [SLO: I-03-B-25] مسجد کے آداب کا عملی نمونہ پیش کریں۔ |
| مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: طلبہ مسجد کی فضیلت اور آداب کے بارے میں اپنی ذاتی معلومات ساتھیوں کو بتائیں گے۔<br>تکمیلی جانچ: مسجد کے آداب فہرست کی صورت میں تحریر کریں گے۔<br>خانہ کعبہ کی ابتدائی تاریخ کی وضاحت کریں گے۔ | |
| مجوّزہ سرگرمیاں<br>● طلبہ کو خانہ کعبہ کے تعارف اور اس کی تعمیر کی کوئی ویڈیو دکھائی جائے۔<br>● عالم اسلام کی چند تاریخی مساجد کی تصاویر کا البم تیار کریں / presentation کروائیں۔ | |

## دائرہ کار۔۳: سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم

[SLO: I-03-C-]

الف۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہٖ وسلم کی حیات طیبہ (قبل از بعثت)

حاصل تعلّم

- پیارے نبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ کے درج ذیل واقعات کے بارے میں جان سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-03-C-01]<br>• نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی ولادت باسعادت اور بوقت ولادت معجزات اور بچپن کے چیدہ چیدہ واقعات جان سکیں۔<br>[SLO: I-03-C-02]<br>• حضرت ابوطالب کی اپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے محبت اور کفالت کے بارے جان سکیں۔<br>[SLO: I-03-C-03]<br>• سفر شام<br>[SLO: I-03-C-04]<br>• حلف الفضول<br>[SLO: I-03-C-05]<br>• مکہ مکرمہ میں ابتدائی زندگی کے واقعات اور حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہ سے نکاح<br>[SLO: I-03-C-06]<br>• حجر اسود کی تنصیب | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-03-C-07]<br>• پیارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ کے مختلف واقعات سے سبق آموز پہلوئوں کو سامنے رکھتے ہوئے عملی زندگی بہتر بنائیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ کے ابتدائی واقعات ترتیب وار بتائیں گے۔

تکمیلی جانچ: بذریعہ سوالات پیارے نبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی ابتدائی زندگی کے بارے میں طلبہ کی حاصل شدہ معلومات کا جائزہ لیا جائے گا۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- طلبہ حلف الفضول اور حجر اسود کی تنصیب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے کردار پر مکالمہ کروایا جائے۔
- نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی قبل از بعثت حیات طیبہ پر تقریری مقابلہ کروایا جائے۔

ب۔ خاتم النبیین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی صداقت وامانت اور حسن معاملات

حاصل تعلّم

- صداقت وامانت اور حسن معاملات کا مفہوم اور اہمیت سمجھ سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-03-C-08]<br>• صداقت وامانت اور حسن معاملات کا مفہوم جانیں۔<br>[SLO: I-03-C-09] | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-03-C-10]<br>• حضرت محمد صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے صداقت وامانت اور حسن معاملات کی اہمیت جانتے ہوئے اسے روزمرہ زندگی میں اپنائیں۔ |

| | |
|---|---|
| • صداقت اور امانت اور حسن معاملات کے اثرات کے بارے میں جانیں۔ | |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے حسن معاملات سے متعلق اپنی رائے کا اظہار کریں گے۔

تکمیلی جانچ: صداقت وامانت کا مفہوم اور اسکے اثرات بیان کریں گے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے حسن معاملات سے متعلق کوئی ایک واقعہ بیان کریں گے۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- طلبہ سے ان کی ذاتی زندگی کے سچ بولنے کے واقعات سنے جائیں گے۔
- خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی صداقت وامانت کے بارے میں جماعت میں مذاکرہ کیا جائے۔
- خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے حسن معاملات کے بارے میں جماعت میں ذہنی آزمائش کا مقابلہ کروایا جائے۔

ج۔ خاتم النبیین حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی رواداری اور صبر و تحمل

حاصل تعلّم

- رواداری اور صبر و تحمل کا مفہوم اور سیرت طیبہ سے رواداری اور صبر و تحمل کی مثالوں سے آگاہ ہوسکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>[SLO: I-03-C-11]<br>• رواداری کا مفہوم اور سیرت طیبہ سے رواداری کی مثالوں سے آگاہ ہوں۔<br>[SLO: I-03-C-12]<br>• صبر و تحمل کے مفہوم سے متعارف ہوسکیں اور اسوہ حسنہ کو جانیں۔ | طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>[SLO: I-03-C-13]<br>• رواداری صبر و تحمل جیسی صفات کو اپنی زندگی میں شامل کریں۔ |

مجوزہ جانچ

تشکیلی جانچ: طلبہ رواداری، صبر و تحمل کے متعلق اظہار خیال کریں گے۔

تکمیلی جانچ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی رواداری اور صبر و تحمل سے متعلق کوئی ایک واقعہ بیان کریں گے۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- رواداری کے بارے میں آپس میں گفتگو کریں اور حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی رواداری کے چند واقعات ذہن نشین کریں۔
- جماعت میں باہمی بات چیت کروائی جائے کہ موجودہ دور میں کیسے رواداری اور صبر و تحمل کا مظاہرہ کیا جاسکتا ہے۔

## دائرہ کار۔۴: اخلاق و آداب

[SLO: I-03-D-]

الف۔ سچ کی اہمیت

حاصل تعلّم

- قرآن و سنت کی روشنی میں سچائی کی اہمیت جان سکیں اور سچ کے فوائد اور جھوٹ کے نقصانات جان کر عملی نمونہ پیش کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>[SLO: I-03-D-01] | طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>[SLO: I-03-D-03]<br>• جھوٹ سے اجتناب اور سچائی کو اپنا کر عملی نمونہ پیش کریں۔ |

<table>
<tr><td>

- سچائی کی اہمیت کے حوالے سے قرآن وسنت کی روشنی میں معلومات حاصل کریں۔

[SLO: I-03-D-02]

- سچ کے فوائد اور جھوٹ کے نقصانات جانیں۔

</td><td></td></tr>
<tr><td colspan="2">

مجوزہ جانچ

تشکیلی جانچ: وقتاً فوقتاً مذکورہ ادب کے حوالے سے چیک لسٹ کی صورت میں جائزہ لیا جائے گا۔

تکمیلی جانچ: سیرت طیبہ سے سچائی سے متعلق واقعات بیان کریں گے۔

</td></tr>
<tr><td colspan="2">

مجوّزہ سرگرمیاں

- سچ کے فوائد پر طلبہ گفتگو کریں۔
- اپنے روزمرہ کے معمولات میں سچ بولنے سے حاصل ہونے والے فوائد اور جھوٹ کے نقصانات اپنے ساتھیوں کو بتائیں۔

</td></tr>
</table>

<table>
<tr><td colspan="2">

ب۔ گفتگو کے آداب

حاصل تعلّم

قرآن وسنت کی روشنی میں:

- خوش کلامی کی اہمیت سمجھ لیں اور نرم کلامی سے حاصل ہونے والے فوائد سے آگاہ ہو کر روزمرّہ زندگی کا حصہ بنا سکیں۔

</td></tr>
<tr><td>

علم

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

[SLO: I-03-D-04]

- خوش کلامی کی اہمیت وفوائد سے آگاہ ہوں۔

[SLO: I-03-D-05]

- غیبت چغل خوری، برے القاب والفاظ سے اجتناب کرتے ہوئے اچھے الفاظ اور شائستہ لب ولہجہ میں گفتگو کر سکیں۔

[SLO: I-03-D-06]

- احادیث کی روشنی میں نرم کلامی سے حاصل ہونے والے فوائد سے آگاہ ہو سکیں۔

</td><td>

صلاحیت

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

[SLO: I-03-D-07]

- گفتگو کے آداب کو روزمرہ کی زندگی میں اپنائیں۔

</td></tr>
<tr><td colspan="2">

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: وقتاً فوقتاً گفتگو کے آداب کا چیک لسٹ کی صورت میں جائزہ لیا جائے۔

تکمیلی جانچ:

</td></tr>
<tr><td colspan="2">

مجوّزہ سرگرمیاں:

- اچھی گفتگو کے اداب وفوائد کی فہرست تیار کریں اور کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔

</td></tr>
</table>

## دائرہ کار۔۵: حسن معاملات ومعاشرت

[SLO: I-03-E-]

| |
|---|
| الف۔ باہمی تعلقات<br>حاصل تعلّم |

<table>
<tr><td colspan="2">قرآن و سنت کی روشنی میں:<br>● حقوق العباد کا مفہوم اور اہمیت سمجھ سکیں اور حُسنِ سلوک سے آگاہ ہو سکیں۔</td></tr>
<tr><td>علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-03-E-01]<br>● حقوق العباد کی اہمیت سے واقف ہوں۔<br>[SLO: I-03-E-02]<br>● درج ذیل افراد کے حقوق سے آگاہ ہوں۔<br>● والدین<br>● اساتذہ کرام<br>● بہن، بھائی<br>● رشتہ دار<br>● پڑوسی<br>● ساتھی<br>● خواتین وغیرہ</td><td>صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-03-E-03]<br>● حقوق العباد کا خیال رکھتے ہوئے حسن سلوک کا مظاہرہ کریں۔<br>[SLO: I-03-E-04]<br>● باہمی تعلقات کو استوار اور مستحکم رکھنے کے لیے آپس میں مثبت انداز میں پیش آئیں۔</td></tr>
<tr><td colspan="2">مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: طلبہ حقوق العباد کی اہمیت کے بارے میں اپنی رائے کا اظہار کریں گے۔<br>تکمیلی جانچ: حقوق العباد کا مفہوم اور اہمیت کی وضاحت کریں گے۔<br>مذکورہ لوگوں کے ساتھ حسن سلوک کے بارے میں چند سطریں تحریر کریں گے۔</td></tr>
<tr><td colspan="2">مجوّزہ سرگرمیاں<br>● آپس میں حسن معاملات سے متعلقہ امور کی فہرست بنوائی جائے۔<br>● حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم تھا دوا تحابوا ۔(آپس میں تحفہ دیا کرو اس سے محبت بڑھے گی۔) کے مطابق ایک دوسرے کو تحائف دینے کی ترغیب دینے کی سرگرمی کا اہتمام کیا جائے۔<br>● طلبہ باہمی تعلقات خراب کرنے والے امور کی مثبت انداز میں نشان دہی کریں گے۔</td></tr>
</table>

**دائرہ کار۔۶: ہدایت کے سر چشمے اور مشاہیر اسلام**

[SLO: I-03-F-]

<table>
<tr><td colspan="2">الف۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت اسماعیل علیہ السلام اور حضرت اسحاق علیہ السلام<br>حاصل تعلّم<br>قرآن و سنت کی روشنی میں:<br>● مذکورہ انبیائے کرام علیہم السلام کے حالاتِ زندگی کے بارے میں جان سکیں اور اپنی عملی زندگی میں ان کی صفات کو اپنا سکیں۔</td></tr>
<tr><td>علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-03-F-01]</td><td>صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-03-F-03]</td></tr>
</table>

| | |
|---|---|
| • حضرت ابراہیم علیہ السلام کی زندگی سے مختصراً آگاہی حاصل کر سکیں۔ [SLO: I-03-F-02]<br>• حضرت ابراہیم علیہ السلام کے گھرانے کے بارے میں جان سکیں۔ | • حضرت ابراہیم علیہ السلام، حضرت اسمٰعیل علیہ السلام اور حضرت اسحاق علیہ السلام کی زندگی کے واقعات سے رہنمائی حاصل کر کے انھیں روزمرہ زندگی میں اپنائیں۔ [SLO: I-03-F-04]<br>• حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اطاعت کے واقعہ سے سبق حاصل کر کے اپنے والدین کے فرماں بردار بن سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: حضرت ابراہیم علیہ السلام کی زندگی کے اہم واقعات پر روشنی ڈالیں۔

تکمیلی جانچ: حضرت ابراہیم علیہ السلام کے واقعات کو اپنے الفاظ میں بیان کریں گے اور واقعات سے حاصل ہونے والے اسباق کا بذریعہ سوالات جائزہ لیا جائے گا۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- حضرت ابراہیم علیہ السلام کے حالات زندگی کے بارے میں طلبہ کے درمیان ذہنی آزمائش کا مقابلہ کرایا جائے۔
- حضرت ابراہیم علیہ السلام کی شخصیت کی نمایاں صفات کی فہرست تیار کریں۔

**ب۔ امیر المومنین حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ**

**حاصل تعلّم**

- امیر المومنین حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے خاندان اور حالاتِ زندگی کے بارے میں اجمالی طور پر جان سکیں اور ان کی دینِ اسلام کے لیے خدمات سے رہنمائی حاصل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-03-F-05] امیر المومنین حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حالات زندگی سے اجمالی طور پہ متعارف ہوں۔<br>▪ [SLO: I-03-F-06] قبول اسلام اور صدیق کا لقب حاصل ہونے کے بارے میں آگاہ ہو سکیں۔<br>▪ [SLO: I-03-F-07] امیر المومنین حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سیرت و کردار اور دین اسلام کے لیے خدمات سے آگاہ ہوں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-03-F-08] امیر المومنین حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زندگی میں وفائے رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے جذبے سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے اپنی زندگی میں عملی نمونہ پیش کریں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: امیر المومنین حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قبول اسلام کا واقعہ اپنے الفاظ میں بیان کریں گے۔

تکمیلی جانچ: معروضی طرز پر امیر المومنین حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حالاتِ زندگی سے متعلق بذریعہ ورک شیٹ جائزہ لیا جائے گا۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- امیر المومنین حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے غار ثور میں کردار کے متعلق طلبہ کو آگاہ کیا جائے۔
- امیر المومنین حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زندگی کو سامنے رکھتے ہوئے اچھے دوست کی خصوصیات تحریر کریں۔

<table>
<tr><td colspan="2">الف۔ صحت و تندرستی<br>حاصل تعلّم<br>قرآن و سنت کی روشنی میں:<br>● حفظانِ صحت کی اہمیت اور اصولوں کو جان سکیں۔</td></tr>
<tr><td>علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-03-G-01] قرآن و سنت کی روشنی میں صفائی کی اہمیت اور اصولوں کو جانیں۔</td><td>صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-03-G-02] صفائی کے مختلف اصولوں اور طریقوں پر عمل کریں۔</td></tr>
<tr><td colspan="2">مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: وقتاً فوقتاً چیک لسٹ کی صورت میں صفائی کا جائزہ لیا جائے گا۔ / حفظانِ صحت کے مختلف اصولوں پر مبنی ایک تصویری چارٹ تیار کریں گے۔<br>تکمیلی جانچ: صفائی کی اہمیت کے بارے میں طلبہ کے درمیان گروہی مباحثہ کروایا جائے گا۔</td></tr>
<tr><td colspan="2">مجوّزہ سرگرمیاں<br>● طلبہ صفائی سے متعلق احادیث اور سنتیں تلاش کرکے لائیں اور ہم جماعت ساتھیوں کو بتائیں۔<br>● ثم لتسئلن یومئذ عن النعیم کی تفسیر کے ذریعے پانی کی اہمیت کو مزید اجاگر کیا جائے۔<br>● طلبہ کو حفظان صحت کے اصولوں پر مبنی کوئی دستاویزی فلم دکھائیں تاکہ وہ جان سکیں کہ اپنی صحت کا خیال کیسے رکھ سکتے ہیں۔<br>● مختلف جماعتوں کے درمیان مقابلہ صفائی منعقد کیا جائے۔</td></tr>
</table>

# نصابی خاکہ اسلامیات

# (جماعت چہارم)

# نصابی خاکہ (جماعت چہارم)

**دائرہ کار: باب ا: قرآن مجید و حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم[SLO: I-04-A-]**

الف۔ ناظرہ قرآن مجید

حاصل تعلّم

- قران مجید کے پارہ ۹ تا ۱۸ کی تجوید کے ساتھ تلاوت کر سکیں اور دورانِ تلاوت مخارج اور رموزِ او قاف کا خیال رکھ سکیں۔

| علم | صلاحیت |
| --- | --- |
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| • [SLO: I-04-A-01] رموزِ او قاف اور دُرست تلفظ سے آگاہ ہوں۔ | • [SLO: I-04-A-02] پارہ نمبر ۹ تا ۱۸ کی تلاوت قواعد کے مطابق کریں۔<br>• [SLO: I-04-A-03] دورانِ تلاوت آدابِ تلاوت کا خیال رکھیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: طلبہ حروف تہجی کے مخارج اور صفات کی وضاحت کریں گے۔

تکمیلی جانچ: پارہ نمبر 9 تا 18 کی (**مختلف**) آیات کی تجوید کے قواعد کے مطابق تلاوت کریں گے۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- مخارج اور صفات ایک تصویری چارٹ کی صورت میں کمرا جماعت میں آویزاں کیے جائیں۔

ب۔ حفظ قرآن مجید

حاصل تعلّم

- سورۃ الماعون اور سورۃ الکافرون کو حفظ کر سکیں اور انھیں درست تلفظ کے ساتھ نماز میں اور نماز کے علاوہ زبانی تلاوت کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
| --- | --- |
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| ▪ [SLO: I-04-A-04] سورۃ الماعون اور سورۃ الکافرون سے واقفیت حاصل کریں۔ | • [SLO: I-04-A-05] مذکورہ سورتوں کو حفظ کر کے تجوید کے ساتھ نماز اور نماز کے علاوہ تلاوت کریں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: سورتوں کے مضامین کو مختصراً بیان کریں گے۔ / طلبہ دو دو کے جوڑوں میں اظہار خیال کریں گے۔

تکمیلی جانچ: مذکورہ سورتوں کی درست تلفظ کے ساتھ زبانی تلاوت کریں گے۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- سورۃ الماعون اور سورۃ الکافرون کے پس منظر سے متعلق معلومات اکٹھی کر کے لائیں۔
- سورتوں کے موضوعات پر مبنی پوسٹرز (Posters) بنائے جائیں۔

ج۔ حفظ و ترجمہ

حاصل تعلّم

- سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْم،سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہ،رَبَنَا لَکَ الْحَمِدَ، سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی کو مع ترجمہ یاد کر سکیں اور ان کے معنی و مفہوم کو جان کرانھیں اپنی نمازوں میں پڑھ سکیں۔
- سورۃ الکوثر کا ترجمہ یاد کر سکیں اور التحیات کے ترجمے سے آگاہ ہو سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-04-A-06]رکوع، قومہ، سجدے اور تشہد کی تسبیحات کے معانی و مفاہیم سے واقف ہوں۔<br>• [SLO: I-04-A-07]سورۃ الکوثر کے پس منظر سے آگاہ ہوں۔<br>• [SLO: I-04-A-08]سورۃ الکوثر کا ترجمہ یاد کر سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-04-A-09]نماز پڑھتے وقت تسبیحات کے معانی و مفاہیم کو ذہن میں رکھیں۔<br>• [SLO: I-04-A-10]رکوع، قومہ، سجدے اور تشہد کی تسبیحات,التحیات اور سورۃ الکوثر کے معنی و مفہوم کو جان کر انھیں اپنی نمازوں میں پڑھیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: التحیات کا پس منظر کہانی کی صورت میں بتائیں گے۔/ **طلبہ جوڑوں میں ایک دوسرے کو تسبیحات نماز، التحیات، سورہ کوثر مع ترجمہ سنائیں گے۔**

تکمیلی جانچ: مکمل تسبیحات اور التحیات زبانی سنائیں گے۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- التحیات کی آڈیو سنائی جائے۔

د۔ حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم

حاصل تعلّم

- پانچ مختصر صحیح احادیث مبارکہ سمجھ سکیں (بمطابق ضمیمہ)۔ان احادیث کو سمجھ کر روزمرہ زندگی میں ان کی تعلیمات پر عمل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-04-A-11]احادیث مبارکہ کی اہمیت سے واقف ہوں۔<br>▪ [SLO: I-04-A-12]احادیث مبارکہ کے معانی و مفاہیم سے آگاہ ہوں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-04-A-13]اپنی روزمرہ کی زندگی میں ان احادیث مبارکہ کی تعلیمات پر عمل کریں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: احادیث مبارکہ کے عربی متن اور ان کے تراجم کو کالم کی صورت میں ملائیں گے۔

تکمیلی جانچ: احادیث مبارکہ کے موضوعات کو مختصراً بیان کریں گے۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- مثالوں کی مدد سے احادیث کے مفہوم کی وضاحت کی جائے۔

ہ۔ دعائیں (زبانی)

بیت الخلا میں داخل ہونے کی دعا، بیت الخلاسے باہر نکلنے کی دعا

حاصل تعلّم

- ان دعاؤں کو زبانی یاد کر کے اپنی روزمرہ زندگی میں پڑھنے کے عادی ہو سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-04-A-14]<br>• دعاؤں کو پڑھنے کی اہمیت و فضیلت سے آگاہ سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-04-A-17]<br>• دعاؤں کو اپنی روزمرہ زندگی میں پڑھنے کے عادی بنیں۔ |

<table>
<tr><td>[SLO: I-04-A-15]<br>• دعاؤں کے معانی و مفاہیم سے واقف ہو سکیں اور دُرست تلفظ کے ساتھ یاد سکیں۔<br>[SLO: I-04-A-16]<br>• چھے اسمائے حسنیٰ مع معانی پڑھ سکیں۔ الْمُصَوِّرُ ) شکل و صورت اور امتیازی شان عطا کرنے والا( الْغَفَّارُ ) بہت بخشنے والا( الْقَهَّارُ )سب پر غالب( الْوَهَّابُ (بہت عطا فرمانے والا) الرَّزَّاقُ (رزق دینے والا) الْفَتَّاحُ )بڑا مشکل کشا بند راستے کھولنے والا</td><td></td></tr>
<tr><td colspan="2">مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: دعاؤں کے عربی متن اور ان کے عنوانات کو آپس میں ملائیں گے۔<br>تکمیلی جانچ: دعاؤں کو درست تلفظ کے ساتھ زبانی پڑھیں گے۔</td></tr>
<tr><td colspan="2">مجوّزہ سرگرمیاں<br>• دعاؤں کا چارٹ بنا کر جماعت میں آویزاں کریں۔<br>• دعاؤں سے متعلقہ موضوع کے مطابق طلبہ عملی نمونے پیش کریں۔</td></tr>
</table>

## دائرہ کار۔۲: ایمانیات و عبادات

### الف۔ ایمانیات

[SLO: I-04-B-]

<table>
<tr><td colspan="2">معیار<br>عقائدِ اسلام کی حقیقت بالخصوص عقیدہ توحید و رسالت وختمِ نبوت، اور ان کے تقاضوں کو جان کر ان پر ایمان مضبوط کریں اور عملی زندگی میں ان کے تقاضے پورے کریں۔</td></tr>
<tr><td colspan="2">الف۔ فرشتوں پر ایمان<br>حاصل تعلّم<br>• تمام فرشتوں پر ایمان لانے کے حکم سے آگاہ ہو سکیں اور مشہور فرشتوں کے نام اور ان کی ذمہ داریاں جان سکیں۔</td></tr>
<tr><td>علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-04-B-01]فرشتوں کو اللہ تعالیٰ کی نوری مخلوق جان کر یہ سمجھ لیں کو وہ گناہوں سے معصوم ہیں۔<br>• [SLO: I-04-B-02]تمام فرشتوں پر ایمان لانے کے حکم سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-04-B-03]مشہور فرشتوں کے نام اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے تفویض کردہ ذمہ داریوں سے آگاہ ہو سکیں۔</td><td>صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-04-B-04]<br>• چند مشہور فرشتوں کے ناموں اور ذمہ داریوں کے متعلق گفتگو کر سکیں۔<br>[SLO: I-04-B-05]<br>• یہ بتا سکیں کہ فرشتے اللہ تعالیٰ کے حکم کے پابند ہیں اور یہ بھی کہ اللہ تعالیٰ کی ذات مبارک کہ ان کی مدد کی محتاج ہرگز نہیں۔</td></tr>
<tr><td colspan="2">مجوّزہ جانچ</td></tr>
</table>

تشکیلی جانچ: فرشتوں اور انسانوں کی خصوصیات میں مماثلت اور فرق کو(Venn Diagram) کی مدد سے تحریر کریں گے۔
تکمیلی جانچ: فرشتوں کے نام اور ان کی ذمہ داریوں کے بارے میں وضاحت کریں گے۔/ مشقی معروضی و موضوعی سوالات۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- ذہنی آزمائش کا مقابلہ کروایا جائے۔
- کائنات میں سے ایسی نشانیوں کی فہرست بنائیں جس میں فرشتوں کی خدمات کا اظہار ہوتا ہو۔

ب۔ آسمانی کتابوں اور صحائف پر ایمان

حاصل تعلّم

- آسمانی کتابوں اور صحائف پر ایمان کے حکم سے آگاہ ہو کر آسمانی کتابوں کے نام اور جن نبیوں پر آسمانی کتب اور صحائف نازل ہوئے ہیں ان کے اسمائے گرامی سے آگاہ ہو سکیں اور قرآن مجید کی فضیلت و انسانی زندگی میں اس کی اہمیت جان سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| [SLO: I-04-B-06] | [SLO: I-04-B-09] |
| • آسمانی کتابوں پر ایمان کی اہمیت و حکم سے آگاہ ہو سکیں۔ | • آسمانی کتابوں پر ایمان کو پختہ کر سکیں۔ |
| [SLO: I-04-B-07] | [SLO: I-04-B-10] |
| • آسمانی کتابوں کے نام اور جن انبیائے کرام پر یہ کتابیں نازل ہوئیں ان کے اسماء گرامی جان سکیں۔ | • قرآن مجید سے قبل آنے والی آسمانی کتب کے احکام کے منسوخ ہونے کے متعلق بتا سکیں۔ |
| [SLO: I-04-B-08] | [SLO: I-04-B-11] |
| • قرآن مجید کی فضیلت اور زندگی میں اہمیت جان سکیں۔ | • قرآن مجید کی فضیلت اپنے الفاظ میں مختصراً بیان کر سکیں۔ |

مجوزہ جانچ

تشکیلی جانچ: آسمانی کتابوں کے ناموں کے سامنے انبیاء کرام علیہم السلام کے نام تحریر کریں گے۔/ **طلبہ گروہوں کی شکل میں انبیائے کرام علیہم السلام( ہر گروہ ایک )کے بارے میں تفصیلات بیان کریں گے۔**
تکمیلی جانچ: آسمانی کتابوں پر ایمان سے کیا مراد ہے؟ نیز قرآن مجید کی فضیلت و اہمیت پر مختصراً پیراگراف تحریر کریں گے۔/ مشقی معروضی و موضوعی سوالات۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- تمام آسمانی کتابوں کے نام اور انبیائے کرام کے ناموں پر مشتمل چارٹ بنائیں۔

## ب۔عبادات

**الف۔روزہ(صوم)**

حاصل تعلّم

قرآن و سنت کی روشنی میں طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- روزے (صوم) کا معنی و مفہوم، اہمیت و فضیلت، مقاصد و فوائد اور احکام جان سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| [SLO: I-04-B-12] | [SLO: I-04-B-15] |
| • تمام ارکان اسلام کا تعارف حاصل کر سکیں۔(اعادہ) | • روزے کے حقیقی مقاصد اور فوائد کے متعلق گفتگو کر سکیں۔ |
| [SLO: I-04-B-13] | [SLO: I-04-B-16] |

| | |
|---|---|
| • روزے کا معنی و مفہوم، فرضیت، اہمیت و فضیلت کے متعلق جان سکیں۔<br>[SLO: I-04-B-14]<br>• رمضان المبارک میں اعتکاف اور شب قدر کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔ | • رمضان المبارک میں عبادت کرنے کی ترغیب اور اسکے فضائل سے آگاہ ہو کر اس کا احترام کرنے والے بن سکیں۔ |

مجوزہ جانچ

تشکیلی جانچ: روزے کا معنی و مفہوم اور مقصد و فوائد کے بارے میں مختصراً بیان کریں گے۔

تکمیلی جانچ: رمضان میں بری عادات سے بچنے کے لیے مختلف صورتوں میں آپ کا عمل کیا ہوگا؟ تحریر کریں گے۔ / مشقی معروضی و موضوعی سوالات۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- سورۃ القدر اور شب قدر کے حوالے سے ایک مختصر پیراگراف تحریر کریں گے۔
- ماہ رمضان میں روزے کی اہمیت و فضیلت کے حوالے سے طلبہ اسمبلی یا کمرا جماعت میں معلومات پیش کریں۔(**Presentation**)

ب۔ حقوق اللہ

حاصل تعلّم

- اللہ تعالیٰ کو خالق، مالک، رازق اور معبود سمجھتے ہوئے اس کے حقوق جان سکیں اور دعا کی اہمیت جان کر عملی زندگی میں اس کے عادی ہو سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-04-B-17]<br>• اللہ تعالیٰ کے حقوق کی اہمیت سے واقف ہو سکیں۔<br>[SLO: I-04-B-18]<br>• دعا کی اہمیت و فضیلت سے آگاہ ہو سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-04-B-19]<br>• اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو پہچان کر شکر ادا کرنے کے عادی بن سکیں۔<br>[SLO: I-04-B-20]<br>• دعا کی فضیلت جان کر عملی زندگی میں دعا مانگنے کی عادت اپنا سکیں۔<br>[SLO: I-04-B-21]<br>• تکلیف اور مصیبت میں صبر و استقامت اور توکل کا مظاہرہ کرنے والے بن سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: طلبہ اظہار خیال کریں گے کہ اللہ تعالیٰ کے حقوق کیا ہیں اور اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ نعمتوں کو کس طرح استعمال کیا جائے؟

تکمیلی جانچ: ''مشقی معروضی و موضوعی سوالات۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- دعا کی اہمیت کے حوالے سے ایک آیت قرآنی اور مستند حدیث مبارک تلاش کر کے لائیں اور اپنے ہم جماعت ساتھیوں کے سامنے ان کے مفاہیم کی وضاحت کریں۔

ج۔ تلاوتِ قرآن مجید

حاصل تعلّم

- تلاوت کے احکام و آداب سے آگاہ ہو سکیں اور ان پر عمل کر سکیں اور مسلمانوں پر قرآن مجید کے حقوق سے واقف ہو سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-04-B-22] | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-04-B-25] |

| | |
|---|---|
| • آخری آسمانی کتاب کے طور پر قرآن مجید کا تعارف جان سکیں۔<br>[SLO: I-04-B-23]<br>• دنیا و آخرت میں کامیابی کے لیے قرآن مجید کی اہمیت، عظمت و فضائل سمجھ سکیں۔<br>[SLO: I-04-B-24]<br>• مسلمانوں پر قرآن مجید کے حقوق سے آگاہ ہو سکیں۔ | • تلاوت کے احکام و آداب پر عمل کر سکیں۔<br>[SLO: I-04-B-26]<br>• اس بات پر ایمان پختہ کر سکیں کہ قرآن مجید ہی کلام اللہ ہے اور ہر قسم کی تحریف سے محفوظ ہے۔<br>[SLO: I-04-B-27]<br>• قرآن مجید پڑھنے اور سمجھنے کی ترغیب حاصل کر سکیں۔ |
| مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: قرآن مجید کی عظمت اور فضائل پر کمرا جماعت میں معلومات پیش کی جائیں گی۔<br>تکمیلی جانچ: قرآن مجید کے حقوق تحریر کریں گے۔ / مشقی معروضی و موضوعی سوالات. | |
| مجوّزہ سرگرمیاں<br>• قرآن مجید کی تلاوت کے آداب پر مشتمل چارٹ جماعت میں آویزاں کریں۔<br>• "فضائل قرآن" کے عنوان کے تحت طلبہ کے درمیان مضمون نویسی کا مقابلہ کروایا جائے۔ | |

## دائرہ کار: باب ۳: سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم

[SLO: I-04-C-]

| | |
|---|---|
| **الف۔ نزولِ وحی کا واقعہ**<br>حاصل تعلّم<br>قرآن و سنت کی روشنی میں:<br>• حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ اور نزول وحی کے مختلف پہلوؤں سے آگاہ ہو سکیں اور عملی زندگی میں ان سے سبق حاصل کر سکیں۔ | |
| علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-04-C-01]<br>• حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ کے درج ذیل پہلوؤں سے آگاہ ہو سکیں:<br>1. نزول وحی<br>2. نزول وحی کے بعد حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا کردار<br>3. سورۃ العلق کی ابتدائی آیات کے مطابق علم کی اہمیت | صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-04-C-02]<br>• حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے کلمات (صلہ رحمی، مصیبت زدوں کا بوجھ اٹھانے، ناداروں کی مدد، مہمان نوازی، آفتوں میں دوسروں کے کام آنے) کی روشنی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی عظمتِ کردار سے آگاہ ہو کر اس کی پیروی کر سکیں۔ |
| مجوزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: **حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ کے درج شدہ پہلوؤں کو کہانی کے طور پر طلبہ کو سنایا جائے گا۔ ان سے متعلق سوالات بھی پوچھے جائیں گے۔** | |

تکمیلی جانچ: /ہفتہ وار / مہینہ وار ٹسٹ مشقی معروضی و موضوعی سوالات۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- پہلی وحی کی آیات مع ترجمہ سنائی جائیں۔
- علم کی اہمیت و فضیلت کے بارے میں آیات قرآنی و مستند احادیث مبارکہ تلاش کرکے لائیں اور کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔
- نزول وحی کے بعد حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے کلمات کے حوالے طلبہ اسمبلی / جماعت میں بتائیں گے۔

ب۔ دعوت و تبلیغ

حاصل تعلّم

قرآن و سنت کی روشنی میں:

- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ میں دعوت و تبلیغ کے مختلف پہلوؤں سے آگاہ ہو سکیں اور عملی زندگی میں ان سے سبق حاصل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-04-C-03]<br>• دین اسلام کی تبلیغ کا مفہوم، ضرورت، اہمیت اور درج ذیل کے بارے میں جان سکیں:<br>1. دعوت اسلام کا آغاز (اہل خاندان و اقربا)<br>2. سب سے پہلے اسلام قبول کرنے والی شخصیات<br>3. قریشِ مکہ کی مخالفت<br>4. حضرت ابو طالب کا کردار<br>5. صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم کی مشکلات | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-04-C-04]<br>• مذکورہ واقعات کو ترتیبِ زمانی سے اپنے الفاظ میں بیان کر سکیں۔<br>[SLO: I-04-C-05]<br>• نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے خاتم النبیین ہونے کی وجہ سے امت پر دعوت و تبلیغ کی ذمہ داری کو بیان کر سکیں۔<br>[SLO: I-04-C-06]<br>• نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم کی مشکلات اور ثابت قدمی سے سبق حاصل کرتے ہوئے عملی زندگی میں نمونہ پیش کر سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ کے مذکورہ پہلوؤں کو کہانی کی صورت میں ترتیب وار بتائیں گے۔

تکمیلی جانچ: قریش مکہ کی مخالفت اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم کی ثابت قدمی سے متعلق واقعات اور ان سے حاصل ہونے والے اسباق تحریر کریں گے۔ / مشقی معروضی و موضوعی سوالات۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- طلبہ کے درمیان ذہنی آزمائش کے مقابلے منعقد کئے جائیں۔
- سب سے پہلے اسلام قبول کرنے والی ہستیوں کے ناموں کی فہرست بنا کر جماعت میں آویزاں کریں۔

ج۔ ہجرتِ حبشہ (اولیٰ و ثانیہ)

حاصل تعلّم

- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ کے مختلف پہلوؤں اور ہجرت حبشہ سے آگاہ ہو سکیں اور عملی زندگی میں ان سے سبق حاصل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|

| | |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-04-C-07]<br>• ہجرت کا مفہوم اور ہجرت حبشہ کے بارے میں جان سکیں۔<br>[SLO: I-04-C-08]<br>• ابتدائی سالوں میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم کی مشکلات کے متعلق آگاہ ہو سکیں۔<br>[SLO: I-04-C-09]<br>• نجاشی اور اس کے کردار سے آگاہ ہو سکیں۔<br>[SLO: I-04-C-10]<br>• حضرت جعفر طیار رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نجاشی کے دربار میں تقریر کے اہم نکات سے واقف ہو سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-04-C-11]<br>• مذکورہ واقعات کو ترتیب کے لحاظ سے اپنے الفاظ میں بیان کر سکیں۔<br>[SLO: I-04-C-12]<br>• مشکلات پر صبر کرنے کی عادت اپنا سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: ہجرت اولیٰ کے متعلق واقعات کو کہانی کی صورت میں ترتیب وار بتائیں گے۔

تکمیلی جانچ: نجاشی کی شخصیت کے اہم پہلو اور حضرت جعفر طیار رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تقریر کے اہم نکات تحریر کریں گے۔ / مشقی معروضی و موضوعی سوالات۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- نقشے، گلوب یا گوگل میپ کی مدد سے حبشہ / ایتھوپیا کی نشاندہی کریں۔

**د۔ شعبِ ابی طالب**

**حاصل تعلّم**

- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ کے مختلف پہلوؤں اور شعبِ ابی طالب سے آگاہ ہو سکیں اور عملی زندگی میں ان سے سبق حاصل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-04-C-13]<br>• شعب ابی طالب کا تعارف جان سکیں۔<br>[SLO: I-04-C-14]<br>• حضرت ابو طالب کے کردار اور محصورین کی مشکلات سے آگاہ ہو سکیں۔<br>[SLO: I-04-C-15]<br>• محصورین کے لیے اللہ تعالیٰ کی مدد سے واقف ہو سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-04-C-16]<br>• اللہ تعالیٰ پر توکل کرنے کے عادی بن سکیں۔<br>[SLO: I-04-C-17]<br>• شعب ابی طالب کے واقعہ کو اپنے الفاظ میں بیان کر سکیں۔ |

**تجویز جانچ**

تشکیلی جانچ: بذریعہ معروضی سوالات جائزہ لیا جائے گا۔

تکمیلی جانچ: حضرت ابو طالب کا کردار اور محصورین کی مشکلات تحریر کریں گے۔ / مشقی معروضی و موضوعی سوالات۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- جزیرہ نما عرب کے نقشے یا گوگل میپ کی مدد سے مختلف مقامات (مکہ مکرمہ، طائف، شعب ابی طالب) کی نشاندہی کریں۔

ز۔ عام الحزن

حاصل تعلّم

- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ کے مختلف پہلوؤں سے آگاہ ہو سکیں اور عملی زندگی میں ان سے سبق حاصل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-04-C-18]<br>• عام الحزن کا معنی و مفہوم جان سکیں۔<br>[SLO: I-04-C-19]<br>• نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی زندگی میں حضرت ابو طالب اور حضرت خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے کردار سے واقف ہو سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-04-C-20]<br>• پریشانی اور غم کے موقع پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ و اصحابہ وسلم کے طرز عمل کو اپنا سکیں ۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: بذریعہ معروضی سوالات واقعات سے متعلق معلومات کا جائزہ لیا جائے گا۔

تکمیلی جانچ: عام الحزن کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ تفصیلاً تحریر کریں گے۔/ مشقی معروضی و موضوعی سوالات.

مجوّزہ سرگرمیاں

- حضرت ابو طالب اور حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے کردار کے اہم پہلوؤں کی فہرست بنائی جائے۔
- حضرت ابو طالب اور سیدہ خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی اولاد کے ناموں پر مبنی فہرست بنائی جائے۔

و۔ سفر طائف

حاصل تعلّم

- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ کے مختلف پہلوؤں اور سفر طائف سے آگاہ ہو سکیں اور عملی زندگی میں ان سے سبق حاصل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-04-C-21]<br>• سفر طائف کا مقصد اور سرداروں کے رویے کے بارے میں آگاہ ہو سکیں۔<br>[SLO: I-04-C-22]<br>• اہل طائف کے لیے نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی دعا سے آگاہ ہو سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-04-C-23]<br>• سفر طائف کے واقعات جان کر صبر و تحمل اور برداشت جیسی خصوصیات کو اپنا سکیں ۔ |

مجوزہ جانچ

تشکیلی جانچ: بذریعہ معروضی سوالات واقعات سے متعلق معلومات کا جائزہ لیا جائے گا۔

تکمیلی جانچ: سفر طائف کا مقصد، سرداروں کا رویہ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کا صبر و تحمل مختصراً تحریر کریں۔/ مشقی معروضی و موضوعی سوالات.

مجوّزہ سرگرمیاں

- سفر طائف کا واقعہ کہانی کی صورت میں بتائیں۔

## دائرہ کار۔۴: اخلاق و آداب

[SLO: I-04-D-]

<table>
<tr><td colspan="2">
الف۔ سادگی<br>
حاصل تعلّم<br>
قرآن و سنت کی روشنی میں:<br>
● سادگی کا مطلب اور مفہوم، فوائد و ثمرات سے آگاہ ہو سکیں اور عملی زندگی میں سادگی اپنا سکیں۔
</td></tr>
<tr><td>
علم<br>
طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>
[SLO: I-04-D-01]<br>
● سادگی کا مطلب اور مفہوم جان سکیں۔<br>
[SLO: I-04-D-02]<br>
● سادگی اور بناوٹ و تکلف میں فرق سمجھ سکیں۔<br>
[SLO: I-04-D-03]<br>
● نبی اکرم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی زندگی میں سادگی کی مثالوں سے آگاہ ہو سکیں۔<br>
[SLO: I-04-D-04]<br>
● سادگی کے فوائد و ثمرات کا جائزہ لے سکیں۔
</td><td>
صلاحیت<br>
طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>
[SLO: I-04-D-05]<br>
● عملی زندگی میں سادگی اپنا سکیں اور نمود و نمائش سے دور رہ سکیں۔
</td></tr>
<tr><td colspan="2">
مجوزہ جانچ<br>
تشکیلی جانچ: سادگی کا مطلب و مفہوم اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی زندگی سے سادگی کی کوئی ایک مثال تحریر کریں گے۔<br>
تکمیلی جانچ: سادگی کے فوائد اور بناوٹ کے نقصانات کالم کی صورت میں تحریر کریں گے۔/ مشقی معروضی و موضوعی سوالات۔
</td></tr>
<tr><td colspan="2">
مجوّزہ سرگرمیاں<br>
● کسی بھی تقریب کا مشاہدہ کر کے ساتھیوں کے ساتھ تبادلۂ خیال کریں کہ اس میں سادگی کا اہتمام کیا گیا یا نہیں۔<br>
● سادگی کے فوائد اور نمود و نمائش کے نقصانات پر مکالمہ کرایا جائے۔
</td></tr>
</table>

<table>
<tr><td colspan="2">
ب۔ آداب مجلس<br>
حاصل تعلّم<br>
قرآن و سنت کی روشنی میں مجلس کا مفہوم، آداب اور مقاصد کو سمجھ سکیں۔
</td></tr>
<tr><td>
علم<br>
طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>
[SLO: I-04-D-06]<br>
● مجلس کا مفہوم جان سکیں۔<br>
[SLO: I-04-D-07]<br>
● مجلس کے آداب سمجھ سکیں۔
</td><td>
صلاحیت<br>
طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>
[SLO: I-04-D-09]<br>
● مجلس کے مقاصد اور ان کی اقسام (دینی، خوشی، غمی وغیرہ) کے پیش نظر ان میں شرکت کر سکیں۔
</td></tr>
</table>

| | |
|---|---|
| [SLO: I-04-D-08]<br>• سیرتِ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی روشنی میں آداب مجلس کے واقعات جان سکیں۔ | |

**مجوزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: مجلس کے مفہوم اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی زندگی سے آداب مجلس کے حوالے سے کوئی ایک واقعہ تحریر کریں گے۔

تکمیلی جانچ: مجلس کے اختتام اور آداب ایک خاکے کی صورت میں تحریر کریں گے۔ / مشقی معروضی وموضوعی سوالات۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- اسکولوں اور باہر مختلف مجالس کا مشاہدہ کریں اور ان کی فہرست مرتب کریں کہ وہاں کن آداب کا خیال رکھا گیا ہے اور کون سی باتوں کا خیال نہیں رکھا گیا۔
- اختتام مجلس کی دعا یاد کروائی جائے۔

**ج۔ وقت کی پابندی**

**حاصل تعلّم**

قرآن وسنت کی روشنی میں:

- اسلامی عبادات سے وقت کی پابندی کی اہمیت سمجھ سکیں اور عملی زندگی میں وقت کی پابندی کے فائدے جان کر ان پر عمل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-04-D-10]<br>• وقت کی اہمیت سمجھ سکیں۔<br>[SLO: I-04-D-11]<br>• نظام فطرت سے وقت کی پابندی کے اصول سیکھ سکیں۔<br>[SLO: I-04-D-12]<br>• اسلامی عبادات سے وقت کی پابندی کی اہمیت سمجھ سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-04-D-13]<br>• اپنی جماعت اور زندگی کے دیگر معاملات میں نظام الاوقات پر عمل کر سکیں<br>[SLO: I-04-D-14]<br>• عملی زندگی میں وقت کی پابندی کے فائدے جان کر ان پر عمل کر سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے روزمرہ معمولات (Routine) تلاش کر کے ایک جدول بنائیں اور طلبہ اپنے یومیہ معمولات (Routine) کا جائزہ لے کر جدول میں تحریر کریں۔

تکمیلی جانچ: مشقی معروضی وموضوعی سوالات۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- طلبہ سے دن بھر کی سرگرمیوں بشمول نماز اور تلاوت کے نظام الاوقات پر مبنی جدول بنوایا جائے۔
- طلبہ اپنے ایک دن کا جائزہ لیں اور اپنے ساتھیوں کو بتائیں کہ وقت کی پابندی کا کیا فائدہ ہوا اور وقت کی پابندی نہ کرنے پر کیا نقصان اٹھانا پڑا۔

## دائرہ کار۔۵: حسنِ معاشرت ومعاملات

[SLO: I-04-E-]

**الف۔ دیانت داری**

**حاصل تعلّم**

قرآن وسنت کی روشنی میں:

- دیانت داری کا مفہوم سمجھ سکیں اور سیرت طیبہ کی روشنی میں دیانت داری کی مثالیں جان سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-04-E-01]<br>• دیانت داری کا مفہوم سمجھ سکیں۔<br>[SLO: I-04-E-02]<br>• تمام معاملات میں دیانت داری کی ضرورت و اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔<br>[SLO: I-04-E-03]<br>• دیانت داری اور بد دیانتی میں فرق کر سکیں۔<br>[SLO: I-04-E-04]<br>• سیرت طیبہ کی روشنی میں دیانت داری کی مثالوں کا جائزہ لے سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-04-E-05]<br>• دیانت داری کے معاشرتی اور معاشی ثمرات سے آگاہ ہو کر دیانت داری کے اصولوں پر عمل پیرا ہو سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: دیانت داری کا مطلب و مفہوم اور سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے کوئی ایک واقعہ تحریر کریں گے۔ بذریعہ چیک لسٹ جائزہ لیا جائے گا۔

تکمیلی جانچ: دیانت داری کی معاشرے میں اہمیت کے حوالے سے ایک آیت قرآنی اور ایک مستند حدیث مبارک کا ترجمہ تحریر کریں گے۔ / مشقی معروضی و موضوعی سوالات.

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- طلبہ ایسے کاموں کی فہرست بنائیں جو وہ اپنی عملی زندگی اور کھیل کود وغیرہ میں دیانت داری سے سرانجام دیتے ہیں اور اس کے متعلق ساتھیوں کے ساتھ تبادلہ خیالات کریں۔
- دیانت داری کے ثمرات اور بد دیانتی کے اثرات کا موازنہ کر کے لائیں۔
- دیانت داری سے متعلق ایک آیت قرآنی اور ایک مستند حدیث مبارک تلاش کر کے لائیں اور ہم جماعت ساتھیوں کو بتائیں۔

**ب۔ حقوق العباد (خدمت خلق)**

**حاصل تعلّم**

قرآن وسنت کی روشنی میں:

- خدمت خلق کا مفہوم، ضرورت اور اہمیت سمجھ سکیں اور عملی زندگی میں خدمت خلق کی صفت کو اپنا سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-04-E-06]<br>• خدمت خلق کے مفہوم سے آگاہ ہو سکیں۔<br>[SLO: I-04-E-07]<br>• خدمت خلق کی ضرورت و اہمیت سمجھ ہو سکیں۔<br>[SLO: I-04-E-08]<br>• سیرتِ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم میں خدمتِ خلق کے واقعات جانیں۔<br>[SLO: I-04-E-09] | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-04-E-10]<br>• دورِ حاضر کے مسائل کا ادراک کرتے ہوئے خدمت خلق کے لیے اپنے آپ کو تیار کر سکیں۔<br>[SLO: I-04-E-11]<br>• عملی زندگی میں خدمت خلق کی صفت کو اپنا سکیں۔ |

| | |
|---|---|
| | • روز مرہ زندگی میں خدمت خلق کی مختلف صورتوں کا جائزہ لے سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: خدمت خلق کی مختلف صورتوں میں اپنے کردار کا جائزہ لیں گے اور اپنے ہم جماعت ساتھیوں کو بتائیں گے۔
تکمیلی جانچ: خدمت خلق کے حوالے سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سیرت طیبہ سے کوئی ایک واقعہ اور خدمت خلق کی ضرورت واہمیت تحریر کریں گے۔/ مشقی معروضی وموضوعی سوالات.

مجوّزہ سرگرمیاں

- طلبہ کو کسی رفاہی ادارے کا دورہ کرایا جائے تاکہ وہ وہاں رہنے والے لوگوں کے خیالات جان سکیں۔
- خدمت خلق کے بارے میں اسکول یا محلے کی سطح پر پراجیکٹ کروایا جائے۔

ج۔ وطن سے محبت (ذمہ دار شہری)

حاصل تعلّم

قرآن وسنت کی روشنی میں:

- وطن کے معنی اور مفہوم سے آگاہ ہو سکیں، وطن کی اہمیت سے سمجھ سکیں اور وطن کی قدر کرنا سیکھ سکیں۔

| علم | صلاحیت: |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | |
| [SLO: I-04-E-12] • وطن کے معنی اور مفہوم سے آگاہ ہو سکیں۔ | [SLO: I-04-E-16] • اسلامی جمہوریہ پاکستان سے عملی طور پر محبت کا مظاہرہ کر سکیں۔ |
| [SLO: I-04-E-13] • نظریہ پاکستان کی روشنی میں وطن کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں اور وطن کی قدر کرنا سیکھ سکیں۔ | [SLO: I-04-E-17] • روز مرہ زندگی میں جذبہ حب الوطنی کے ساتھ ایک ذمہ دار شہری کی خصوصیات اپنائیں ۔ |
| [SLO: I-04-E-14] • ہم وطنوں کے ساتھ ہر قسم کی تفریق سے بالاتر ہو کر مثبت تعلقات رکھ سکیں۔ | [SLO: I-04-E-18] • اچھے شہری کی ملکی اور بین الاقوامی ذمہ داریوں کو سمجھتے ہوئے اس پر عمل کریں۔ |
| [SLO: I-04-E-15] • اپنے آپ کو ملکی سلامتی اور ترقی کے لیے تیار کر سکیں۔ | |

مجوزہ جانچ

تشکیلی جانچ: وطن سے محبت کی اہمیت اور ہم وطنوں سے مثبت تعلقات کے بارے میں مختصراً بیان کریں گے۔
تکمیلی جانچ: ایک ذمہ دار شہری کی خصوصیات ایک خاکے کی صورت میں تحریر کریں۔/ مشقی معروضی وموضوعی سوالات.

مجوّزہ سرگرمیاں

- ایک ذمہ دار شہری ہونے کی حیثیت سے طلبہ اپنے ارد گرد کے ماحول کا مشاہدہ کریں اور وطن سے محبت کے سلسلے میں اپنی اپنی رائے کا اظہار کریں کہ کس طرح اپنے وطن کی خدمت کی جاسکتی ہے۔
- ان چیزوں اور اعمال کی نشاندہی کریں جن سے وطن کی محبت کا اظہار کیا جاسکتا ہے۔ ایک ذمہ دار شہری کی خصوصیات چارٹ پر لکھ کر جماعت میں آویزاں کریں۔

**دائرہ کار: باب ۶: ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام:**

[SLO: I-04-F-]

الف۔ حضرت داؤد علیہ السلام:

حاصل تعلّم

قرآن وسنت کی روشنی میں:

- حضرت داؤد علیہ السلام کے حالاتِ زندگی کے بارے میں جان سکیں اور حضرت داؤد علیہ السلام کی زندگی کے نمایاں واقعات سے سبق حاصل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-04-F-01]<br>• حضرت داؤد علیہ السلام کی زندگی کے چند واقعات جان سکیں۔<br>[SLO: I-04-F-02]<br>• حضرت داؤد علیہ السلام کے معجزات کے متعلق مختصراً آگاہ ہو سکیں۔<br>[SLO: I-04-F-03]<br>• حضرت داؤد علیہ السلام کی خوش الحانی کے وصف سے آگاہ ہو سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-04-F-04]<br>• حضرت داؤد علیہ السلام کے حالات وواقعات کو اپنے الفاظ میں بیان کر سکیں۔<br>[SLO: I-04-F-05]<br>• حضرت داؤد علیہ السلام کی خوش الحانی کے وصف کی روشنی میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی حمد وثنا کا عملی مظاہرہ کر سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: حضرت داؤد علیہ السلام کے حالات زندگی اور ان سے حاصل ہونے والے اسباق ایک کہانی کی صورت میں بتائیں گے۔

تکمیلی جانچ: حضرت داؤد علیہ السلام کے حالات زندگی کو نمبرات کی مدد سے ترتیب دیں گے۔/ مشقی معروضی وموضوعی سوالات۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- حضرت داؤد علیہ السلام کی شخصیت کے بارے میں طلبہ کے درمیان ذہنی آزمائش کا مقابلہ کرایا جائے۔

ب۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام

حاصل تعلّم

قرآن وسنت کی روشنی میں:

- حضرت موسیٰ علیہ السلام کا تعارف، حالات وواقعات جان سکیں اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زندگی سے رہنمائی حاصل کر کے اپنی عملی زندگی میں ان کی صفات کو اپنا سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-04-F-06]<br>• حضرت موسیٰ علیہ السلام کے متعلق جان سکیں۔<br>[SLO: I-04-F-07]<br>• حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زندگی کے حالات وواقعات اور معجزات سے آگاہ ہو سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-04-F-09]<br>• حضرت موسیٰ علیہ السلام کی صفات کے متعلق جان کر اپنی عملی زندگی میں انھیں اپنا سکیں ۔ |

| | |
|---|---|
| [SLO: I-04-F-08]<br>• فرعون کی نافرمانی اور عبرت ناک انجام کے بارے میں سمجھ سکیں۔ | |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: حضرت موسیٰ علیہ السلام کے حالات زندگی اور ان سے حاصل ہونے والے اسباق ایک کہانی کی صورت میں بتائیں گے۔

تکمیلی جانچ: حضرت موسیٰ علیہ السلام کے حالات زندگی کو نمبروں کی مدد سے ترتیب دیں گے۔/ مشقی معروضی و موضوعی سوالات.

مجوّزہ سرگرمیاں

- حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زندگی کے بارے میں طلبہ کے درمیان ذہنی آزمائش کا مقابلہ کروایا جائے۔
- نقشے یا گوگل میپ کی مدد سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے علاقہ کی نشاندہی کریں۔

ج۔ امیر المومنین حضرت عمرِ فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حاصل تعلّم

- امیر المومنین حضرت عمرِ فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حالات زندگی کے بارے میں جان سکیں اور ان کی سیرت سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے اپنی زندگی میں اس کا اطلاق کر سکیں۔

| علم | صلاحیت: |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-04-F-10]<br>• امیر المومنین حضرت عمرِ فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حالات زندگی کے بارے میں جان سکیں۔<br>[SLO: I-04-F-11]<br>• امیر المومنین حضرت عمرِ فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا اسلام قبول کرنے کا واقعہ جان سکیں۔<br>[SLO: I-04-F-12]<br>• امیر المومنین حضرت عمرِ فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فاروق کا لقب ملنے کی وجہ جان سکیں۔<br>[SLO: I-04-F-13]<br>• امیر المومنین حضرت عمرِ فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بطور خلیفہ راشد خدمات کے بارے میں جان سکیں۔ | [SLO: I-04-F-14]<br>• امیر المومنین حضرت عمرِ فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سیرت سے رہنمائی حاصل کرتے ہوئے اپنی زندگی میں اس کا اطلاق کر سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: امیر المومنین حضرت عمرِ فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بطور خلیفہ راشد خدمات کی فہرست تیار کریں گے۔ (کوئی سی پانچ)

تکمیلی جانچ: امیر المومنین حضرت عمرِ فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قبولِ اسلام کا واقعہ اور فاروق کا لقب ملنے کی وجہ مختصراً تحریر کریں گے۔/ مشقی معروضی و موضوعی سوالات.

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- امیر المومنین حضرت عمرِ فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زندگی اور صفات کے بارے میں طلبہ کے درمیان ذہنی آزمائش کا مقابلہ کروایا جائے۔
- امیر المومنین حضرت عمرِ فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بطور خلیفہ راشد خدمات تلاش کر کے لائیں اور اپنے ہم جماعت ساتھیوں کو بتائیں۔

د۔امیر المومنین حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حاصل تعلّم

- امیر المومنین حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حالات زندگی اور خدمات اجمالی طور پر جان سکیں اوراپنی زندگی میں ان کی سیرت سے رہنمائی حاصل کرسکیں۔

| علم | صلاحیت: |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>[SLO: I-04-F-15]<br>• امیر المومنین حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حالات زندگی اجمالی طور پر جان سکیں۔<br>[SLO: I-04-F-16]<br>• امیر المومنین حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اخلاق وعادات اور سخاوت کے بارے میں جان سکیں۔<br>[SLO: I-04-F-17]<br>• امیر المومنین حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ذوالنورین کا لقب ملنے کی وجہ جان سکیں۔<br>[SLO: I-04-F-18]<br>• امیر المومنین حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمات کے بارے میں جان سکیں۔ | [SLO: I-04-F-19]<br>• اپنی زندگیوں میں امیر المومنین حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سیرت سے رہنمائی حاصل کرکے عملی نمونہ پیش کرسکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: امیر المومنین حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حالات زندگی کے بارے میں مختصراًبیان کریں گے۔

تکمیلی جانچ: امیر المومنین حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اخلاق، سخاوت اور لقب ملنے کی وجہ مختصراًتحریر کریں گے۔/ مشقی معروضی وموضوعی سوالات۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- امیر المومنین حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زندگی کے بارے میں ذہنی آزمائش کے مقابلے کروائے جائیں۔
- امیر المومنین حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بطور خلیفہ راشد خدمات تلاش کرکے لائیں اور اپنے ہم جماعت ساتھیوں کو بتائیں۔

## دائرہ کار۔۷:اسلامی تعلیمات اور عصرِ حاضر کے تقاضے

[SLO: I-04-G-]

| | |
|---|---|
| الف۔صفائی کی ضرورت واہمیت<br>حاصل تعلّم<br>قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>● صفائی کی ضرورت واہمیت کو جان سکیں اور اپنی عملی زندگی میں صفائی کے فوائد واثرات سے آگاہ ہوسکیں اور اس کا اہتمام کر سکیں۔ | |
| علم<br>طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>[SLO: I-04-G-01]<br>● صفائی کی ضرورت واہمیت کو جان سکیں۔<br>[SLO: I-04-G-02]<br>● اپنے ماحول میں صفائی کے مسائل سے آگاہی حاصل کرسکیں<br>۔<br>[SLO: I-04-G-03]<br>● اپنے ارد گرد کے ماحول کو صاف رکھنے میں بطور مسلمان اپنا کردار ادا کر سکیں۔ | صلاحیت:<br>[SLO: I-04-G-04]<br>● اپنی عملی زندگی میں صفائی کے فوائد واثرات سے آگاہ ہوسکیں اور اس کا اہتمام کر سکیں۔ |
| مجوزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: وقتاً فوقتاً صفائی کے مسائل اور ان کے تدارک کا جائزہ چیک لسٹ کی صورت میں لیا جائے گا۔<br>تکمیلی جانچ: صفائی کی اہمیت کے حوالے سے ایک آیت قرآنی اور ایک مستند حدیث مبارک کا ترجمہ تحریر کریں گے۔/ مشقی معروضی وموضوعی سوالات۔ | |
| مجوّزہ سرگرمیاں<br>● سیرت طیبہ سے صفائی کی اہمیت کا کوئی ایک واقعہ تلاش کر کے لائیں۔<br>● اپنے اسکول میں ہفتہ وار صفائی مہم کا اہتمام کریں۔<br>● روزانہ کی بنیاد پر اپنے کمرہ جماعت کی صفائی کا اہتمام کیا جائے<br>● اپنے ارد گرد کے ماحول کو صاف رکھنے کی ترغیب پیدا کریں۔ | |

| | |
|---|---|
| ب۔پانی کی اہمیت<br>حاصل تعلّم<br>قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>● پانی کی اہمیت اور اس کے استعمال سے متعلق آگاہ ہوسکیں اور عصرِ حاضر میں پانی کے مسائل کے متعلق آگاہی حاصل کرتے ہوئے پانی کا درست استعمال کر سکیں۔ | |
| علم<br>طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>[SLO: I-04-G-05]<br>● پانی کی اہمیت اور اس کے استعمال سے متعلق آگاہ ہوسکیں۔ | صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>[SLO: I-04-G-08] |

| | |
|---|---|
| [SLO: I-04-G-06]<br>• عصر حاضر میں پانی کے مسائل کے متعلق آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>[SLO: I-04-G-07]<br>• پانی کے ضیاع سے بچنے کے حوالے سے حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سیرت سے رہنمائی حاصل کر سکیں۔ | • پانی کے ضیاع کے نقصانات جان کر روزمرہ زندگی میں پانی کا درست استعمال کر سکیں۔ |
| مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے کوئی ایک واقعہ بیان کریں گے۔<br>تکمیلی جانچ: عصر حاضر میں پانی کے مسائل اور ان کے حل میں اپنا کردار تحریر کریں گے۔ / مشقی معروضی وموضوعی سوالات. | |
| مجوّزہ سرگرمیاں<br>• طلبہ "پانی بچاؤ مہم" میں بھرپور حصہ لیں۔<br>• دور حاضر میں پانی اور توانائی کے دیگر وسائل کو بچانے کے طریقوں کی ایک فہرست بنا کر جماعت میں اس کا تذکرہ کریں۔<br>• پانی کی حفاظت کے متعلق طلبہ کو کوئی دستاویزی فلم دکھائی جائے۔<br>• پانی کے ضیاع کے نقصانات کے حوالے سے پوسٹر (Posters) بنائے جائیں گے۔<br>• **ثم لتسئلن یومئذ عن النعیم** کی تفسیر کے ذریعے پانی کی اہمیت کو اجاگر کیا جائے گا۔ | |

# نصابی خاکہ اسلامیات

# (جماعت پنجم)

# نصابی خاکہ (جماعت پنجم)

## دائرہ کار: باب ا: قرآن مجید و حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم

## [SLO: I-05-A-]

**الف۔ ناظرہ قرآن مجید**

**حاصل تعلّم**

- قران مجید کے پارہ ۱۹ تا ۲۹ کی تجوید کے ساتھ تلاوت کرسکیں اور دورانِ تلاوت مخارج اور رموز و قاف کا خیال رکھ سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ: |
| ▪ [SLO: I-05-A-01] طلبہ حروفِ تہجی کے مخارج کے بارے میں جانیں۔ | • [SLO: I-05-A-04] پارہ نمبر ۱۹ تا ۲۹ کی تلاوت قواعد کے مطابق کریں۔ |
| • [SLO: I-05-A-02] رموزِ اوقاف اور دُرست تلفظ سے آگاہ ہوں۔ | • [SLO: I-05-A-05] دورانِ تلاوت آدابِ تلاوت کا خیال رکھیں۔ |
| • [SLO: I-05-A-03] تلاوت کے آداب سے واقفیت حاصل کریں۔ | |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: ہر ایک پارے کے بعد منتخب آیات کی تلاوت کے ذریعے جائزہ لیا جائے گا۔

تکمیلی جانچ: پارہ نمبر ۱۹ تا ۲۹ کی مختلف آیات کی درست تلفظ اور تجوید کے قواعد کے مطابق تلاوت کریں گے۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- طلبہ کی قرات کی درستی کے لیے کسی معروف قاری کی آواز میں قرات سنائی جائے۔
- مقابلہ حسن قرات کرایا جائے اور بہترین قرات کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزئی کی جائے۔
- اسمبلی کے شروع میں طلبہ قرات کریں۔

**ب۔ حفظ قرآن مجید**

**حاصل تعلّم**

- آیت الکرسی، سورۃ الفیل اور سورۃ القریش دُرست تلفظ اور روانی کے ساتھ حفظ کرسکیں اور ان سورتوں کو نماز اور نماز کے علاوہ زبانی پڑھ سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ: |
| • [SLO: I-05-A-06] آیت الکرسی کی اہمیت سے واقفیت حاصل کرسکیں۔ | • [SLO: I-05-A-08] ان سورتوں سے کے احکامات سے حاصل ہونے والے سبق پر روزمرہ زندگی میں عمل پیرا ہوسکیں۔ |
| • [SLO: I-05-A-07] آیت الکرسی سورۃ الفیل اور سورۃ القریش کے مفاہیم سمجھ سکیں۔ | • [SLO: I-05-A-09] حفاظت کے لیے صبح وشام آیت الکرسی پڑھنے کا معمول بنا سکیں ۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: ہر ایک سورت کی تکمیل کے بعد فلیش کارڈز پر لکھی گئی آیات کو ترتیب دیں گے۔

تکمیلی جانچ: آیت الکرسی، سورۃ الفیل اور سورۃ القریش کی تجوید کے قواعد کے مطابق تلاوت کریں گے۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- آیۃ الکرسی کے متعلق کوئی مستند حدیث مبارک تلاش کرکے لائیں اور ہم جماعت ساتھیوں کو سنائیں۔
- ایک دوسرے کو مذکورہ سورتیں و آیت یاد کرکے سنائیں۔

ج۔ حفظ و ترجمہ

درود ابراہیمی، دعائے قنوت، منتخب دعائیں

حاصلِ تعلّم

- دی گئی دعاؤں کو یاد کرسکیں اور ان کے معانی و مفاہیم کو جان سکیں اور ان دعاؤں کو روزمرہ زندگی بالخصوص نماز میں پڑھ سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-05-A-10] درود ابراہیمی اور دعائے قنوت مع ترجمہ یاد کرسکیں<br>• [SLO: I-05-A-11] ربنا آتنا۔۔۔۔۔،رب جعلنی۔۔۔۔۔ کی دعاؤں کے معانی و مفاہیم سے آگاہ ہوسکیں۔<br>• [SLO: I-05-A-12] 9 اسمائے حسنیٰ مع معانی پڑھ سکیں۔ (**اَلْعَلِيْمُ** (بہت جاننے والا) اَلْقَابِضُ (روزی تنگ کرنے والا) **اَلْبَاسِطُ** )روزی میں فراخی دینے والا( **اَلْخَافِضُ** )منکرین و متکبرین کو پست کرنے والا( **اَلرَّافِعُ** )بلند کرنے والا( **اَلْمُعِزُّ** (عزت دینے والا) **اَلْمُذِلُّ** (ذلت دینے والا( **اَلسَّمِيْعُ** )بہت زیادہ سننے والا( **اَلْبَصِيْرُ** )سب کچھ دیکھنے والا | طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-05-A-13] درود ابراہیمی اور دعائے قنوت حفظ کریں۔<br>• [SLO: I-05-A-14] دی گئی مسنون دعاؤں کو اپنی روزمرہ زندگی بالخصوص نماز میں پڑھ سکیں۔<br>• [SLO: I-05-A-15] درودِ ابراہیمی کے فضائل بتانے کے قابل ہوسکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: وقتاً فوقتاً چیک لسٹ کی صورت میں درود ابراہیمی اور مذکورہ دعاؤں کا جائزہ لیا جائے گا۔

تکمیلی جانچ: درود ابراہیمی، دعائے قنوت اور منتخب دعائیں درست تلفظ اور روانی سے پڑھیں گے۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- درود ابراہیمی اور دعائے قنوت کی آڈیو سنائی جائے۔
- ہر چار طلبہ کے گروہ کو منتخب دعاؤں کا متن دیا جائے اور دیے گئے مواد میں سے طلبہ تراجم تلاش کرکے تحریر کریں۔

د۔ حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم

حاصلِ تعلّم

- چھے مختصر مستند احادیث مبارکہ سمجھ سکیں اور ان احادیث مبارکہ کو سمجھ کر روزمرہ زندگی میں ان کی تعلیمات پر عمل کرسکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-05-A-16] احادیث مبارکہ کی اہمیت سے واقف ہوسکیں۔<br>• [SLO: I-05-A-17] احادیث مبارکہ کے معانی و مفاہیم سے آگاہ ہوسکیں۔ | طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-05-A-18] اپنی روزمرہ زندگی میں ان احادیث مبارکہ کی تعلیمات پر عمل کرسکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

| |
|---|
| تشکیلی جانچ: بذریعہ سوالات احادیث کے مفہوم اور ان سے حاصل ہونے والے اسباق سے متعلق جائزہ لیا جائے گا۔<br>تکمیلی جانچ: کوئی سی تین مستند احادیثِ مبارکہ کے تراجم تحریر کریں گے۔ |
| مجوّزہ سرگرمیاں<br>• احادیث مبارکہ کے عربی متن کو پڑھ کر عنوانات تحریر کریں۔<br>• احادیث مبارکہ کے عربی متن کو ان کے متعلق تراجم کے ساتھ ملائیں۔(فلیش کارڈز) |

| | |
|---|---|
| ہ۔ مسنون دعائیں (زبانی)<br>گھر داخل ہوتے وقت کی دعا، گھر سے نکلنے کی دعا، سفر کی دعا<br>حاصل تعلّم<br>• ان دعاؤں کو زبانی یاد کر کے اپنی روزمرہ زندگی میں پڑھنے کے عادی ہو سکیں۔ عربی متن افضل ہے لیکن مفہوم بھی یاد کیا جا سکتا ہے۔ | |
| علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-05-A-19] دعاؤں کو پڑھنے کی اہمیت و فضیلت سے آگاہ ہوں۔<br>• [SLO: I-05-A-20] دعاؤں کے معانی و مفاہیم سے واقف ہو سکیں اور دُرست تلفظ کے ساتھ یاد کریں۔ | صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-05-A-21] دعاؤں کو اپنی روزمرہ زندگی میں پڑھنے کے عادی بنیں۔ |
| مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: دعاؤں کی افادیت کے بارے میں بذریعہ سوالات جائزہ لیا جائے گا۔<br>تکمیلی جانچ: منتخب دعائیں درست تلفظ اور روانی سے پڑھیں گے۔ | |
| مجوّزہ سرگرمیاں<br>• تصویر کو دیکھ کر درست دعا پڑھ کر سنائیں۔<br>• دعاؤں کو یاد کریں اور جماعت میں ایک دوسرے کو سنائیں۔ | |

## دائرہ کار: باب ۲: ایمانیات و عبادات

### الف۔ ایمانیات

[SLO: I-05-B-]

| | |
|---|---|
| **الف۔ آخرت**<br>حاصل تعلّم<br>قرآن و سنت کی روشنی میں:<br>• ارکان ایمان کا تعارف حاصل کر سکیں۔(بطور اعادہ)<br>• عقیدہ آخرت کے معنی و مفہوم اور اہمیت و اثرات کو سمجھ سکیں اور آخرت میں جواب دہی کا احساس اپناتے ہوئے نیک عمل کرنے کی طرف راغب ہو سکیں۔ | |
| علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |

| | |
|---|---|
| ▪ [SLO: I-05-B-01]ارکان ایمان کا تعارف حاصل کر سکیں۔(بطور اعادہ)<br>▪ [SLO: I-05-B-02]عقیدہ آخرت کے معنی ومفہوم جان سکیں۔<br>▪ [SLO: I-05-B-03]عقیدہ آخرت کی اہمیت سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>▪ [SLO: I-05-B-04]آخرت اور قیامت کے تصور کو سمجھ کر دنیا اور آخرت کا باہمی تعلق سمجھ سکیں۔<br>▪ [SLO: I-05-B-05]عقیدہ آخرت کے اثرات سے آگاہی حاصل کر سکیں۔ | ▪ [SLO: I-05-B-06]آخرت میں جوابدہی کا احساس اپناتے ہوئے نیک عمل کرنے کی طرف راغب ہو سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: عقیدہ آخرت کا معنی ومفہوم اور دنیا و آخرت کے باہمی تعلق کو بیان کریں گے۔

تکمیلی جانچ: عقیدہ آخرت کے انسانی زندگی پر کوئی سے پانچ اثرات تحریر کریں گے۔ / مشقی معروضی وموضوعی سوالات۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- ترازو کی تصویر میں اچھے اور برے اعمال تحریر کریں۔ دائیں طرف نیک اعمال (بھاری پلڑہ) اور بائیں طرف برے اعمال لکھے جائیں گے۔
- طلبہ کے درمیان ایسا مذاکرہ کرایا جائے جس میں دنیا اور آخرت کی زندگی کا فرق مثالوں سے واضح ہو۔
- دوسرے مذاہب میں آخرت کے تصور کے بارے میں بنیادی معلومات جانیں۔

**ب۔ ختم نبوت اور اطاعت رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم**

**حاصل تعلّم**

قرآن وسنت کی روشنی میں:

- عقیدہ ختم نبوت کے معنی ومفہوم اور اہمیت کو سمجھ سکیں اور اللہ تعالیٰ کے احکامات کی عملی صورت کو آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے اسوہ حسنہ کی مثالوں سے سمجھ سکیں اور ان پر عمل پیرا ہو سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-05-B-07]عقیدہ ختم نبوت کے معنی ومفہوم اور اہمیت کو جان سکیں۔<br>▪ [SLO: I-05-B-08]رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کو ہمیشہ کے لیے آخری نبی اور رسول جانتے اور مانتے ہوئے یہ سمجھ سکیں کہ آپ کے بعد قیامت تک کوئی نبی یا رسول مبعوث نہیں ہوگا۔<br>▪ [SLO: I-05-B-09]اطاعتِ رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم اور سنتِ نبوی کے مفہوم سے واقف ہو سکیں۔<br>▪ [SLO: I-05-B-10]اللہ تعالیٰ کے احکامات کی عملی صورت کو آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے اسوہ حسنہ کی مثالوں سے سمجھ سکیں۔<br>● [SLO: I-05-B-11]سنتِ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی اہمیت اور شرعی حیثیت کو جان سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-05-B-12]<br>● عقیدہ ختم نبوت پر غیر متزلزل یقین کا اظہار کر سکیں۔<br>[SLO: I-05-B-13]<br>● حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے اسوۂ حسنہ کے مطابق اپنی زندگیاں ڈھال سکیں۔<br>[SLO: I-05-B-14]<br>● حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے جذبہ محبت کو فروغ دیتے ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے نقش قدم کی پیروی کر سکیں۔ |

**مجوزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: دی گئی سنتوں میں سے جن پر آپ عمل کرتے ہیں اور ان پر (✔) اور جن پر مستقبل میں عمل کریں گے (؟) کی مدد سے نشاندہی کریں۔

| |
|---|
| تکمیلی جانچ: سنت نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی اہمیت اور شرعی حیثیت سے متعلق کوئی ایک قرآنی آیت اور ایک مستند حدیث مبارک تحریر کریں۔/ مشقی معروضی وموضوعی سوالات۔ |
| **مجوّزہ سرگرمیاں**<br>• اطاعتِ رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم اور سنت نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے موضوع پر طلبہ کے درمیان ایک مذاکرہ کا اہتمام کیا جائے<br>• طلبہ اپنے روزمرہ معاملات کا جائزہ لیں کہ وہ کون کون سی سنت پر عمل کرتے ہیں فہرست بنائیں۔ |

**ب۔ عبادات**

<table>
<tr><td colspan="2">الف۔ زکوٰۃ<br>حاصل تعلّم<br>قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• زکوٰۃ کا معنی ومفہوم، اہمیت، فضیلت، فرضیت، احکام اور اثرات جان سکیں۔</td></tr>
<tr><td>علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-05-B-15]<br>• زکوٰۃ کا معنی ومفہوم جان سکیں۔<br>[SLO: I-05-B-16]<br>• زکوٰۃ کی اہمیت اور فضیلت کے متعلق آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>[SLO: I-05-B-17]<br>• زکوٰۃ کی فرضیت واحکام سے واقف ہو سکیں۔<br>[SLO: I-05-B-18]<br>• اسلامی نظام معیشت میں زکوٰۃ کی اہمیت کو اجمالی طور پر جان سکیں۔<br>[SLO: I-05-B-19]<br>• زکوٰۃ کے معاشرے پر اثرات سمجھ سکیں۔<br>[SLO: I-05-B-20]<br>• زکوۃ، عشر اور صدقہ میں فرق کو جان سکیں۔</td><td>صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-05-B-21]<br>• عملی زندگی میں صدقات وخیرات کی ترغیب حاصل کر سکیں۔</td></tr>
<tr><td colspan="2">مجوزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: قرآن وحدیث کی روشنی میں زکوٰۃ کا مفہوم اور فرضیت واحکام کے بارے میں معلومات تحریر کریں گے۔<br>تکمیلی جانچ: زکوٰۃ ادا کرنے کے معاشرتی زندگی پر اثرات تحریر کریں گے اور زکوٰۃ کے مال کی تصاویر کے سامنے ان کا نصاب لکھیں گے۔/ مشقی معروضی وموضوعی سوالات۔</td></tr>
<tr><td colspan="2">مجوّزہ سرگرمیاں<br>• تمام مصارفِ زکوۃ کا چارٹ بنایا جائے۔<br>• طلبہ اپنے جیب خرچ میں سے کچھ پیسے بچا کر جمع کریں اور اس سے مستحقین کی مدد کریں تا کہ ان میں انفاق فی سبیل اللہ کی عادت پیدا ہو سکے۔</td></tr>
</table>

| |
|---|
| ب۔ جمعۃ المبارک کی فضیلت<br>حاصل تعلّم |

قرآن و سنت کی روشنی میں:

- یوم جمعہ کے فضائل اور نمازِ جمعہ کے احکام و آداب، اہمیت اور معاشرتی فوائد سے آگاہ ہو سکیں۔

| علم | صلاحیت |
| --- | --- |
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-05-B-22]<br>• یوم جمعہ اور نماز جمعہ کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔<br>[SLO: I-05-B-23]<br>• نماز جمعہ اور جمعہ کے دن کے فضائل سے واقف ہو سکیں۔<br>[SLO: I-05-B-24]<br>• نماز جمعہ کے احکام وآداب جان سکیں۔<br>[SLO: I-05-B-25]<br>• یوم جمعہ کو کثرت سے درود شریف پڑھنے کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔<br>[SLO: I-05-B-26]<br>• نماز جمعہ سے حاصل ہونے والے معاشرتی فوائد سے آگاہ ہو سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-05-B-27]<br>• اتحاد و یکجہتی کے حوالے سے جمعۃ المبارک کی اہمیت کو جانتے ہوئے باہمی تعلقات میں بہتری لا سکیں ۔ |

مجوزہ جانچ

تشکیلی جانچ: نماز جمعہ کے آداب ایک فہرست کی صورت میں تحریر کریں گے۔

تکمیلی جانچ: قرآن وحدیث کی روشنی میں نماز جمعہ کے احکام اور معاشرے میں نماز جمعہ کے فوائد تحریر کریں گے۔ / مشقی معروضی وموضوعی سوالات۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- جمعہ کے دن کے مسنون کاموں کی فہرست بنائیں۔
- نماز جمعہ میں شریک ہو کر مشاہدہ کریں کہ اس سے کس قسم کے معاشرتی فوائد حاصل ہوتے ہیں۔

ج۔ عیدین

حاصل تعلّم

قرآن و سنت کی روشنی میں:

- عیدین کا تعارف، اہمیت، احکام، آداب اور معاشرتی فوائد جان سکیں۔

| علم | صلاحیت |
| --- | --- |
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-05-B-28]<br>• عیدین کا تعارف واہمیت جان سکیں۔<br>[SLO: I-05-B-29]<br>• عیدین کی نماز کے احکام و آداب جان سکیں۔<br>[SLO: I-05-B-30]<br>• فطرانہ و قربانی کی روح سے آگاہ ہو سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-05-B-32]<br>• عیدین کو اسلامی تہوار کی اصل روح کے مطابق منا سکیں ۔ |

| | |
|---|---|
| [SLO: I-05-B-31]<br>• عیدین سے حاصل ہونے والے معاشرتی فوائد سے آگاہ ہو سکیں۔ | |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: عید الفطر اور عید الاضحیٰ پر ۲ منٹ کی تقریر کریں گے۔

تکمیلی جانچ: عیدین کی نماز کا طریقہ، احکام اور آداب تحریر کریں گے۔ / مشق معروضی و موضوعی سوالات۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- طلبہ سے عیدین کے اثرات اور مصروفیات کے بارے میں رپورٹ لکھوائی جائے۔
- دیگر ممالک میں عیدین کے تہوار کیسے منائے جاتے ہیں طلبہ جماعت میں مذاکرہ کریں۔
- فطرانہ کے مقصد کے بارے میں چند معلومات تلاش کر کے لائیں اور اپنے ہم جماعت ساتھیوں کو بتائیں۔
- پاکستان میں جشن میلاد النبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کیسے منایا جاتا ہے اس پر کمرا جماعت میں مذاکرہ کرایا جائے۔

## دائرہ کار۔۳: سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم

[SLO: I-05-C-]

الف۔ معراج النبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم

حاصل تعلّم

- قرآن وسنت کی روشنی میں پیارے نبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ کے مذکورہ واقعات کے بارے میں جان سکیں اور عملی زندگی میں سبق حاصل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-05-C-01] اسرا اور معراج کا معنی ومفہوم جان سکیں۔<br>▪ [SLO: I-05-C-02]سفر معراج کے واقعہ سے اجمالی طور پر آگاہ ہو سکیں<br>• [SLO: I-05-C-03]مسجد اقصیٰ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی امامتِ انبیائے کرام علیہم السلام کے بارے میں جان سکیں۔<br>• [SLO: I-05-C-04]سفر معراج کے موقع پر نماز کے عظیم تحفے کے متعلق جان سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-05-C-05] بیت المعمور، سدرۃ المنتہیٰ اور عرش معلّیٰ کا مطلب سمجھ سکیں۔<br>[SLO: I-05-C-06] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے عظیم معجزہ معراج اور اس کے اثرات سے آگاہ ہو سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: سفر معراج سے متعلق واقعات کو ترتیب سے اپنے الفاظ میں بیان کریں گے۔

تکمیلی جانچ: اسرا، معراج، بیت المعمور، سدرۃ المنتہیٰ اور عرش معلّیٰ کی وضاحت کریں گے۔ / مشق معروضی و موضوعی سوالات۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- معراج کے سفر کے دوران حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم جن مقامات پر تشریف لے گئے اور جن انبیائے کرام علیہم السلام سے ملاقات ہوئی ان کی فہرست تیار کریں۔
- طلبہ سیرت کی کسی کتاب سے سفر معراج کے متعلق پڑھ کر کوئی واقعہ بیان کریں۔
- مسجد اقصیٰ کی تصاویر یا دستاویزی فلم دکھائی جائے۔

ب۔ بیعت عَقَبہ اولیٰ وثانیہ

حاصل تعلّم

- قرآن و سنت کی روشنی میں پیارے نبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ کے مذکورہ واقعات کے بارے میں جان سکیں اور عملی زندگی میں سبق حاصل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
| --- | --- |
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-05-C-07]<br>• بیعت عقبہ اولیٰ و ثانیہ کے بارے میں جان سکیں۔<br>[SLO: I-05-C-08]<br>• بیعت عقبہ کی شرائط سے آگاہ ہو سکیں۔<br>[SLO: I-05-C-09]<br>• فروغ اسلام میں بیعت عقبہ کے دور رس نتائج کا جائزہ لے سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-05-C-10]<br>• اسلامی نکتہ نظر سے بیعت کی اہمیت کو بیان کر سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: بیعت عقبہ اولیٰ و ثانیہ کے بارے میں معلومات بیان کریں گے۔

تکمیلی جانچ: بیعت عقبہ کی شرائط اور فروغ اسلام میں اس بیعت کے نتائج تحریر کریں گے۔ / مشقی معروضی و موضوعی سوالات.

مجوّزہ سرگرمیاں

- بیعت عقبہ کی شرائط کے متعلق طلبہ کے درمیان گفتگو کرائی جائے۔
- بیعت عقبہ میں شامل صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم کے ناموں کا چارٹ بنائیں۔

ج۔ ہجرتِ مدینہ

حاصل تعلّم

- قرآن و سنت کی روشنی میں پیارے نبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ کے مذکورہ واقعات کے بارے میں جان سکیں اور عملی زندگی میں سبق حاصل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
| --- | --- |
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>▪ [SLO: I-05-C-11] ہجرت کا معنی و مفہوم سمجھ سکیں۔<br>▪ [SLO: I-05-C-12] ہجرتِ مدینہ کے تناظر میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے کردار اور امانتوں کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔<br>▪ [SLO: I-05-C-13] اہل مدینہ منورہ کی جانب سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے استقبال کے متعلق جان سکیں۔<br>▪ [SLO: I-05-C-14] ہجرتِ مدینہ منورہ کے واقعات، اسباب اور نتائج مختصر طور پر جان سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-05-C-15] ہجرت مدینہ منورہ کے حوالے سے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ (سفر مدینہ اور غار ثور) اور حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ (میزبان رسول) کے کردار کے متعلق بیان کر سکیں۔<br>[SLO: I-05-C-16] دعوت دین میں حکمت و دانائی کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: ہجرت مدینہ کے واقعات ترتیب وار بیان کریں گے۔

تکمیلی جانچ: ہجرت مدینہ کے اسباب اور نتائج کے حوالے سے پیراگراف تحریر کریں گے۔ / مشقی معروضی و موضوعی سوالات.

مجوّزہ سرگرمیاں

- ہجرت کی اہمیت و فضیلت کے بارے میں ایک سیر حاصل گفتگو کریں۔
- سفر ہجرت کا نقشہ بنائیں۔
- اہل مدینہ منورہ کی جانب سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے استقبال کے موقع پر پڑھے جانے والے اشعار (طلع البدر علینا) کو مل کر پڑھیں۔
- طلبہ کو آگاہ کیا جائے کہ ہجرت مدینہ منورہ کی اسلامی تاریخ میں کیا اہمیت ہے اور ہجری کلینڈر کا آغاز ہجرت مدینہ منورہ سے ہوا۔
- اسلامی مہینوں کے ناموں کا ایک چارٹ بنا کر جماعت میں آویزاں کریں۔

د۔ مؤاخاتِ مدینہ

حاصل تعلّم

- قرآن و سنت کی روشنی میں پیارے نبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ کے درج ذیل واقعات کے بارے میں جان سکیں اور عملی زندگی میں سبق حاصل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| ▪ [SLO: I-05-C-17]مواخات مدینہ کے معنی و مفہوم سے آگاہ ہوں۔ | ▪ [SLO: I-05-C-19]مہاجرین اور انصار کے بارے میں جان سکیں اور مؤاخاتِ مدینہ کی ہمیشہ کے لیے اہمیت کو جانیں۔ |
| ▪ [SLO: I-05-C-18]مواخات مدینہ کے تناظر میں اخوّت اور بھائی چارہ کے تصور کو سمجھیں۔ | ▪ [SLO: I-05-C-20]معاشرے میں مؤاخات اور بھائی چارہ کے فوائد اور اس سے مرتب ہونے والے اثرات سے آگاہ ہوں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: مؤاخات مدینہ کے تناظر میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم نے کن کن صحابی کو بھائی بھائی بنایا؟ فہرست تیار کریں گے۔

تکمیلی جانچ: بھائی چارے کے فوائد اور اس کے اثرات تحریر کریں گے۔/ مشقی معروضی و موضوعی سوالات۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- آج کے دور میں مواخات کی ممکنہ صورتوں پر گفتگو کریں۔

ہ۔ مسجدِ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم

حاصل تعلّم

- قرآن و سنت کی روشنی میں پیارے نبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ کے مذکورہ واقعات بارے میں جان سکیں اور عملی زندگی میں سبق حاصل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| ▪ [SLO: I-05-C-21]مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے متعارف ہوں۔ | ▪ [SLO: I-05-C-23]روضہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے حوالے سے مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی اہمیت جانیں۔ |
| ▪ [SLO: I-05-C-22]عہد نبوی میں مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی تعمیر کے متعلق جانیں۔ | ▪ [SLO: I-05-C-24]مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی فضیلت اور تاریخی، تعلیمی و معاشرتی اہمیت سے آگاہ ہوں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: بذریعہ معروضی سوالات مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی تعمیر سے متعلق معلومات کا جائزہ لیا جائے گا۔

| |
|---|
| تکمیلی جانچ: مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی فضیلت اور تاریخی اہمیت مختصراً تحریر کریں گے۔ / مشقی معروضی وموضوعی سوالات۔ |
| مجوّزہ سرگرمیاں<br>• سمعی وبصری معاونت سے طلبہ کو مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی تعمیر اور توسیع کے بارے میں بتایا جائے۔<br>• مختلف ادوار میں مسجد نبوی کی تصاویر تلاش کر کے لائیں اور کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔ |

| | |
|---|---|
| و۔ میثاقِ مدینہ<br>حاصل تعلّم<br>• قرآن وسنت کی روشنی میں پیارے نبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ کے درج ذیل واقعات کے بارے میں جان سکیں اور عملی زندگی میں سبق حاصل کر سکیں۔ | |
| علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-05-C-25]<br>• میثاقِ مدینہ سے متعارف ہوں۔<br>[SLO: I-05-C-26]<br>• میثاق مدینہ کی نمایاں دفعات اور پس منظر سے واقف ہوں۔ | صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-05-C-27]<br>• میثاق مدینہ کی اہمیت اور اس کے نتیجے میں حاصل ہونے والے فوائد کو جان کر روزمرہ زندگی میں وعدے کی پاسداری کریں۔ |
| مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: میثاق مدینہ کے واقعے اور پس منظر کو اپنے الفاظ میں بیان کریں گے۔<br>تکمیلی جانچ: میثاق مدینہ کن قبائل کے درمیان طے پایا؟ اس کے نتائج تحریر کریں گے۔ / مشقی معروضی وموضوعی سوالات۔ | |
| مجوّزہ سرگرمیاں<br>• موجودہ دور میں میثاق مدینہ کی روشنی میں اتحاد واتفاق کی ضرورت پر مذاکرہ کرائیں۔ | |

| | |
|---|---|
| ز۔ غزوات<br>حاصل تعلّم<br>قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• قرآن وسنت کی روشنی میں پیارے نبی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ کے درج ذیل واقعات کے بارے میں جان سکیں اور عملی زندگی میں سبق حاصل کر سکیں۔ | |
| علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-05-C-28]<br>• جہاد کا حقیقی تعارف جانیں۔<br>[SLO: I-05-C-29]<br>• غزوہ اور سریہ کے معنی ومفہوم اور فرق جانیں۔<br>[SLO: I-05-C-30]<br>• غزوات کی ضرورت واہمیت سے آگاہ ہوں۔ | صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-05-C-31]<br>• غزوہ بدر، احد اور خندق کے پس منظر اور واقعات کے متعلق جانیں۔<br>[SLO: I-05-C-32]<br>• غزوات کے نتیجے میں حاصل ہونے والے فوائد واثرات کو جانیں۔ |
| مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: غزوہ بدر، احد، خندق کے الفاظ کو اپنے الفاظ میں بیان کریں گے۔ | |

| |
|---|
| تکمیلی جانچ: غزوہ بدر، احد اور خندق کے ناموں کے سامنے ان کے اثرات تحریر کریں گے۔ / مشقی معروضی و موضوعی سوالات۔ |
| مجوّزہ سرگرمیاں<br>• جزیرہ نما عرب کے نقشے کی مدد سے مذکورہ غزوات کا ترتیب زمانی کی روشنی میں چارٹ بنائیں۔ |

## دائرہ کار: باب ۴: اخلاق و آداب

[SLO: I-05-D-]

| | |
|---|---|
| الف۔ رواداری<br>حاصل تعلّم<br>قرآن و سنت کی روشنی میں:<br>• رواداری کا معنی و مفہوم، اہمیت اور معاشرتی فوائد و اثرات سے آگاہ ہو سکیں۔ | |
| علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-05-D-01]<br>• رواداری کا معنی و مفہوم سے آگاہ ہو سکیں۔<br>[SLO: I-05-D-02]<br>• سماجی ہم آہنگی میں رواداری کی اہمیت سے واقف ہو سکیں۔<br>[SLO: I-05-D-03]<br>• نجران کے مسیحیوں کے واقعہ کے تناظر میں رواداری کی اہمیت سمجھ سکیں۔<br>[SLO: I-05-D-04]<br>• رواداری کے معاشرتی فوائد و اثرات جان سکیں۔ | صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-05-D-05]<br>• اسلامی تعلیمات اور اسوہ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی روشنی میں گروہی، مذہبی، مسلکی، علاقائی اور لسانی عدم برداشت سے اجتناب کر سکیں۔ |
| مجوزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: رواداری کا معنی و مفہوم اور سیرت طیبہ سے کوئی ایک مثال پیش کریں گے۔<br>تکمیلی جانچ: رواداری کے معاشرتی فوائد اور اثرات تحریر کریں گے۔ / مشقی معروضی و موضوعی سوالات۔ | |
| مجوّزہ سرگرمیاں<br>• رواداری اور برداشت کے متعلق تقریری مقابلے کا انعقاد کیا جائے۔<br>• گروہی، مذہبی، مسلکی، علاقائی اور لسانی عدم برداشت سے گریز کے متعلق گفتگو کی جائے۔ | |

| |
|---|
| ب۔ عفو و درگزر اور رحم دلی<br>حاصل تعلّم<br>قرآن و سنت کی روشنی میں:<br>• عفو و درگذر اور رحم دلی کے معانی و مفاہیم، اہمیت اور معاشرتی فوائد و اثرات جان سکیں اور عفو و درگزر اور رحم دلی کے معاشرتی فوائد جانتے ہوئے روز مرہ زندگی میں ان صفات کو اپنا سکیں۔ |

| علم | صلاحیت |
| --- | --- |
| علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-05-D-06]<br>• عفو و درگذر اور رحم دلی کے معانی و مفاہیم جان سکیں۔<br>[SLO: I-05-D-07]<br>• عفو و درگزر اور رحم دلی کی اہمیت سے آگاہ ہو سکیں۔<br>[SLO: I-05-D-08]<br>• سیرتِ نبوی کی روشنی میں عفو و درگزر اور رحم دلی کے واقعات کا جائزہ لے سکیں۔ | صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-05-D-09]<br>• عفو و درگزر اور رحم دلی کے معاشرتی فوائد جانتے ہوئے روز مرہ زندگی میں ان صفات کو اپنا سکیں ۔ |

**مجوزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی زندگی سے عفو و درگزر اور رحم دلی کا کوئی واقعہ اپنے الفاظ میں بیان کریں گے۔

تکمیلی جانچ: عفو و درگزر اور رحم دلی سے متعلق قرآن کی کسی ایک آیت قرآنی کا ترجمہ تحریر کریں گے۔ / مشقی معروضی و موضوعی سوالات.

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- طلبہ اپنے رویے کا جائزہ لیں کہ اگر ان سے کوئی غلطی سرزد ہو جائے تو کیا وہ اپنے دوست یا بہن بھائی سے معذرت کرتے ہیں۔ اس سے متعلق ایک خاکہ مرتب کیا جائے۔

ج۔ کفایت شعاری

**حاصل تعلّم**

قرآن و سنت کی روشنی میں:

- کفایت شعاری کا مفہوم، اہمیت جان سکیں اور اسراف کے نقصانات اور کفایت شعاری کے ذاتی و معاشرتی فوائد و ثمرات سے آگاہ ہو سکیں اور اپنی ذاتی زندگی میں کفایت شعاری کا رویہ اپنا سکیں۔

| علم | صلاحیت |
| --- | --- |
| علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-05-D-10]<br>• کفایت شعاری کا مفہوم جان سکیں۔<br>[SLO: I-05-D-11]<br>• کفایت شعاری اور بخل میں فرق کر سکیں۔<br>[SLO: I-05-D-12]<br>• کفایت شعاری کی اہمیت سے واقف ہوں۔<br>[SLO: I-05-D-13]<br>• اسراف کے نقصانات اور کفایت شعاری کے ذاتی و معاشرتی فوائد و ثمرات سے آگاہ ہو سکیں۔<br>[SLO: I-05-D-14]<br>• سیرت نبوی میں کفایت شعاری کی مثالوں سے آگاہ ہو سکیں ۔ | صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-05-D-15]<br>• دنیا اور آخرت میں کامیابی کے لیے کفایت شعاری کی اہمیت سے روشناس ہو سکیں اور اپنی ذاتی زندگیوں میں کفایت شعاری کا رویہ اپنا سکیں ۔ |

| |
|---|
| مجوزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ میں کفایت شعاری کا کوئی ایک واقعہ بتائیں۔<br>تکمیلی جانچ: اسراف اور بخل سے کیا مراد ہے؟ نیز اسراف و بخل کے نقصانات اور کفایت شعاری کے فوائد کالم کی صورت میں تحریر کریں گے۔/ مشقی معروضی و موضوعی سوالات۔ |
| مجوّزہ سرگرمیاں<br>• بچت کا شعور اجاگر کرنے کے لئے طلبہ اپنے جیب خرچ اور بچت پر مشتمل گوشوارہ بنائیں۔<br>• طلبہ ان کاموں کی فہرست بنائیں جہاں جہاں کفایت شعاری سے کام لیا جاسکتا ہے مثال کے طور پر بجلی، پانی اور گیس وغیرہ کے استعمال میں۔ |

## دائرہ کار۔۵: اہلیت۔ حسنِ معاملات و معاشرت

[SLO: I-05-E-]

<table>
<tr><td colspan="2">الف۔ ایفائے عہد<br>حاصل تعلّم<br>قرآن و سنت کی روشنی میں:<br>• ایفائے عہد کا معنی و مفہوم، اہمیت و فضیلت جان سکیں اور حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے اسوہ حسنہ اور سیرتِ اہل بیت اطہار و صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی روشنی میں روز مرہ زندگی میں ایفائے عہد کی صفت کو اپنا سکیں۔</td></tr>
<tr><td>علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-05-E-01]<br>• ایفائے عہد کا معنی و مفہوم جان سکیں۔<br>[SLO: I-05-E-02]<br>• ایفائے عہد کی اہمیت و فضیلت سمجھ سکیں۔<br>[SLO: I-05-E-03]<br>• حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے اسوہ حسنہ اور سیرتِ اہل بیت اطہار، صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے ایفائے عہد کی مثالیں جان سکیں۔</td><td>صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-05-E-04]<br>• ایفائے عہد کے معاشرتی فوائد اور عہد شکنی کے نقصانات بیان کر سکیں۔<br>[SLO: I-05-E-05]<br>• روز مرہ زندگی میں ایفائے عہد کی صفت کو اپنا سکیں۔</td></tr>
<tr><td colspan="2">مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: ایفائے عہد کے فوائد اور عہد شکنی کے نقصانات کالم کی صورت میں تحریر کریں گے۔<br>تکمیلی جانچ: ایفائے عہد کا معنی و مفہوم اور اہمیت و فضیلت سے متعلق نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ سے ایک مثال تحریر کریں۔/ مشقی معروضی و موضوعی سوالات۔</td></tr>
<tr><td colspan="2">مجوّزہ سرگرمیاں<br>• طلبہ اپنے وعدہ پورا کرنے کے بارے میں کمرا جماعت میں اظہار خیال کریں اور وعدہ پورا کرنے کی عادت کو اپنانے کا مصمم ارادہ کریں۔<br>• طلبہ ایفائے عہد کے متعلق اپنے ذاتی تجربات سے ہم جماعت طلبہ کو آگاہ کریں۔</td></tr>
</table>

| |
|---|
| ب۔ اسلامی اخوت<br>حاصل تعلّم |

قرآن و سنت کی روشنی میں:

- اسلامی اخوت کے معنی و مفہوم، اہمیت اور فوائد کو جان سکیں اور روزمرہ زندگی میں اخوت و بھائی چارہ کی فضا قائم کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
| --- | --- |
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-05-E-06]<br>• اسلامی اخوت کے معنی و مفہوم کو جان سکیں۔<br>[SLO: I-05-E-07]<br>• اسلامی اخوت کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔<br>[SLO: I-05-E-08]<br>• حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے اسوہ حسنہ اور سیرتِ اہل بیت اطہار وصحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے اخوت کے واقعات جان سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-05-E-09]<br>• اسلامی اخوت کے فوائد سے آگاہ ہو سکیں اور روزمرہ زندگی میں اخوت و بھائی چارہ کی فضا قائم کر سکیں۔<br>[SLO: I-05-E-10]<br>• اسلامی اخوت کو فروغ دیتے ہوئے دنیا بھر کے مظلوم مسلمانوں کے ساتھ اظہار یکجہتی و ہمدردی کر سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: اسلامی اخوت کی اہمیت اور فوائد کے بارے میں معلوت تحریر کریں گے۔

تکمیلی جانچ: صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی زندگیوں سے اخوت و بھائی چارے کی کوئی سی دو مثالیں تحریر کریں گے۔ / مشقی معروضی و موضوعی سوالات

مجوّزہ سرگرمیاں

- طلبہ کے درمیان اخوت کے عنوان پر پوسٹر بنانے کا مقابلہ کرایا جائے تاکہ ان میں اخوت اور بھائی چارے کا جذبہ پیدا ہو اور وہ رنگ و نسل، زبان اور فرقہ پرستی کو بھلا کر آپس میں پیار و محبت سے مل جل کر رہیں۔
- مؤاخات مدینہ کے تناظر میں اسلامی اخوت کے بارے میں ایک مباحثہ منعقد کریں۔

ج۔ بری عادات سے اجتناب (چغل خوری)

حاصل تعلّم

قرآن و سنت کی روشنی میں:

- چغل خوری کے معنی و مفہوم، انفرادی اور اجتماعی نقصانات سے آگاہ ہو سکیں اور اسلامی تعلیمات کی روشنی میں اپنے آپ کو چغل خوری سے بچا سکیں۔

| علم | صلاحیت |
| --- | --- |
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-05-E-11]<br>• چغل خوری کے معنی و مفہوم سے واقف ہو سکیں۔<br>[SLO: I-05-E-12]<br>• چغل خوری کے متعلق وعید جان سکیں۔<br>[SLO: I-05-E- 13]<br>• چغل خوری کے انفرادی اور اجتماعی نقصانات سے آگاہ ہو سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-05-E-14]<br>• اسلامی تعلیمات کی روشنی میں اپنے آپ کو چغل خوری سے بچا سکیں ۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: طلبہ چغل خوری کے نقصانات موضوع پر ایک مباحثہ منعقد کریں گے۔

تکمیلی جانچ: چغل خوری کا مفہوم اور اس کے متعلق وعید کے بارے میں معلومات تحریر کریں گے۔ / مشقی معروضی و موضوعی سوالات

| |
|---|
| مجوّزہ سرگرمی<br>● چغل خوری کے انفرادی اور اجتماعی نقصانات الگ الگ کالم کی صورت میں تحریر کریں۔ |

**دائرہ کار: باب ٦: ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام**

[SLO: I-05-F-]

<table>
<tr><td colspan="2">الف۔ حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام<br>حاصل تعلّم<br>قرآن و سنت کی روشنی میں:<br>● حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حالاتِ زندگی، معجزات اور صفات کے بارے میں جان سکیں۔</td></tr>
<tr><td>علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-05-F-01]<br>● حضرت عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کی ولادت اور پرورش کے واقعات جان سکیں۔<br>[SLO: I-05-F-02]<br>● حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حالات زندگی کے بارے میں آگاہ ہو سکیں۔<br>[SLO: I-05-F-03]<br>● حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے معجزات کے بارے میں جان سکیں۔<br>[SLO: I-05-F-04]<br>● قرآن مجید کی روشنی میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے اپنی ماں کی گود میں کلام کے بارے میں جان سکیں۔</td><td>صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-05-F-05]<br>● حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی دعوت و تبلیغ، تعلیمات اور صفات کے بارے میں بیان کر سکیں۔</td></tr>
<tr><td colspan="2">مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زندگی کے واقعات کو بیان کریں گے۔<br>تکمیلی جانچ: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تعلیمات اور معجزات مختصراً تحریر کریں گے۔ / مشقی معروضی و موضوعی سوالات۔</td></tr>
<tr><td colspan="2">مجوّزہ سرگرمی<br>● حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زندگی کے بارے میں ذہنی آزمائش کے مقابلے کروائے جائیں۔</td></tr>
</table>

<table>
<tr><td colspan="2">ب۔ امیر المومنین حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ<br>حاصل تعلّم<br>● قرآن و سنت کی روشنی میں امیر المومنین حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کے حالات زندگی، فضائل، اخلاق و عادات اور صفات کے بارے میں جان سکیں اور ان صفات کو روزمرہ زندگی میں اپنا سکیں۔</td></tr>
<tr><td>علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:</td><td>صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:</td></tr>
</table>

<table>
<tr>
<td>▪ [SLO: I-05-F-06]امیر المومنین حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی پرورش، حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے ساتھ نکاح، اولاد، مشہور لقب اور حالات زندگی کے بارے میں جان سکیں۔<br>▪ [SLO: I-05-F-07] آیت مباہلہ کے تناظر میں امیر المومنین حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کا مقام و مرتبہ جان سکیں۔<br>▪ [SLO: I-05-F-08]امیر المومنین حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی شجاعت، عدالت، اخلاق و عادات، سخاوت اور علمی فضیلت سے آگاہ ہو سکیں۔</td>
<td>▪ [SLO: I-05-F-09]امیر المومنین حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی صفات جان کر روزمرہ زندگی میں ان کو اپنائیں ۔<br>• [SLO: I-05-F-10]امیر المومنین حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی اسلام کے لیے خدمات کے متعلق بتا سکیں۔<br>▪ [SLO: I-05-F-11]امیر المومنین حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی شجاعت کے واقعات بیان کر سکیں۔</td>
</tr>
<tr>
<td colspan="2">مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: امیر المومنین حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کے حالات زندگی اور اسلام کے لیے ان کی خدمات کے بارے میں ایک پیراگراف تحریر کریں<br>تکمیلی جانچ: امیر المومنین حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کے اخلاق و عادات، سخاوت، علمی فضیلت، عدالت اور شجاعت جیسی صفات میں سے کسی ایک صفت کے سامنے اس سے متعلقہ ایک واقعہ تحریر کریں گے۔/ مشقی معروضی و موضوعی سوالات</td>
</tr>
<tr>
<td colspan="2">د۔ صوفیائے کرام:<br>• حضرت شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ<br>• حضرت علی بن عثمان ہجویری رحمۃ اللہ علیہ<br>• حضرت مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ<br>حاصل تعلم<br>مذکورہ صوفیا کرام رحمھم اللہ کے مختصر حالاتِ زندگی سے آگاہی حاصل کر کے ان کی تعلیمات سے استفادہ کر سکیں۔</td>
</tr>
<tr>
<td>علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-05-F-12]<br>• مذکورہ صوفیا کرام رحمھم اللہ کے مختصر حالات زندگی اور مقام و مرتبہ کے متعلق جان سکیں۔<br>• [SLO: I-05-F-13]ان صوفیائے کرام کے اخلاق و صفات سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO: I-05-F-14]اشاعت اسلام کے لیے ان کی خدمات کا جائزہ لے سکیں۔</td>
<td>صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>[SLO: I-05-F-15]<br>• مذکورہ صوفیائے کرام کی تعلیمات سے عملاً استفادہ حاصل کر سکیں۔<br>[SLO: I-05-F-16] ان کے بلند رتبہ مقام کے پیش نظر ان صوفیائے کرام کا ذکر ادب و احترام سے کریں۔</td>
</tr>
<tr>
<td colspan="2">مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: مذکورہ صوفیا کرام رحمھم اللہ کی تعلیمات و تصانیف کے بارے معلومات کا جائزہ بذریعہ معروضی سوالات لیا جائے گا۔<br>تکمیلی جانچ: مذکورہ صوفیا کرام رحمھم اللہ کی کوئی سے پانچ صفات نکات کی صورت میں تحریر کریں گے۔</td>
</tr>
<tr>
<td colspan="2">مجوّزہ سرگرمیاں<br>• مذکورہ صوفیا کرام رحمھم اللہ میں سے کسی ایک کی حالات زندگی اور تعلیمات پر کمرہ جماعت میں مکالمہ کریں۔<br>مذکورہ صوفیا کرام رحمھم اللہ میں سے کسی ایک کے دینی، روحانی، معاشرتی اثرات پر تقریری مقابلہ کروایا جائے۔</td>
</tr>
</table>

# نصابی خاکہ اسلامیات

# (جماعت ششم)

# نصابی خاکہ (جماعت ششم)

## دائرہ کار۔ا: قرآن مجید وحدیث نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم [SLO:I-06-A-__]

| |
|---|
| الف۔ ترجمہ قرآن مجید<br><br>حاصل تعلّم<br>• منتخب سورتوں کے تراجم اور مفاہیم کو سمجھ کر روزمرہ زندگی میں ان سے راہنمائی حاصل کر سکیں۔ |

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-A-01] منتخب سورتوں (بمطابق ضمیمہ) کے ترجمہ کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-06-A-02] ان سورتوں کے پس منظر اور ان میں بیان کردہ تعلیمات کا جائزہ لے سکیں۔<br>• [SLO:I-06-A-03] کلمہ اور اس کی اقسام (اسم، فعل اور حرف) بیان کر سکیں اور منتخب سورتوں کے قرآنی الفاظ کی پہچان ان بنیادوں پر کر سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-A-04] ان سورتوں میں بیان کردہ تعلیمات کو سمجھ کر ان پر عمل کر سکیں۔ |

| |
|---|
| معاون مواد:<br>• قرآن مجید میں تکرار سے آنے والے چند الفاظ کی فہرست<br>• افعال کے مختلف صیغوں کی پہچان |
| مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ:<br>• مذکورہ سورتوں کے مضامین کا مرکزی خیال بیان کریں گے۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش<br>• مختلف سورتوں میں دیے گئے انبیاء کرام علیہم السلام کے قصص کو کہانی کی صورت میں بیان کریں گے۔<br>تکمیلی جانچ:<br>• مذکورہ سورتوں کا مرکزی خیال بیان کریں گے / معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔ |
| مجوّزہ سرگرمیاں<br>• طلبہ کو مختلف گروہوں میں تقسیم کر کے ترجمہ قرآن مجید میں پڑھی گئی سورتوں کے اہم نکات کی فہرست بنوائیں۔<br>• انبیاء کرام علیہم السلام کے قصص سے متعلق چند معلومات تلاش کر کے لائیں اور ہم جماعت ساتھیوں کو بتائیں۔ |

| |
|---|
| ب۔ حفظ قرآن مجید<br>حاصل تعلّم<br>• درست تلفظ اور تجوید کے قواعد کے مطابق حفظ کر سکیں۔ |

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |

| | |
|---|---|
| • [SLO:I-06-A-05]سورۃ الزلزال، سورۃ العٰدیٰت، سورۃ القارعۃ، سورۃ التکاثر، سورۃ العصر، سورۃ الھمزۃ کو درست تجوید کے ساتھ حفظ کر سکیں۔ | • [SLO:I-06-A-06]ان سورتوں کو نماز اور نماز کے علاوہ زبانی پڑھ سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: ہر ایک سورۃ کی تکمیل کے بعد سورتوں کے درست تلفظ اور ادائیگی کا جائزہ لیا جائے گا۔

تکمیلی جانچ: مذکورہ سورتوں کی تجوید کے قواعد کے مطابق زبانی تلاوت کریں گے۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- معروف قراء کی آڈیو یا ویڈیو تلاوت طلبہ کو سنوائی جائے اور طلبہ سنتے ہوئے اس کی مشق کریں۔
- دی گئی سورتوں کو زبانی یاد کریں اور جماعت میں ایک دوسرے کو سنائیں۔
- مسابقہ حسنِ قراءت کرنے والے کی حوصلہ افزائی کی جائے۔

ج۔ حفظ و ترجمہ

**حاصل تعلّم**

- منتخب قرآنی، مسنون دعائیں اور کلمات مع تراجم حفظ کر سکیں اور عملی زندگی میں پڑھنے کے عادی بن جائیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| • [SLO:I-06-A-07]حضرت آدم علیہ السلام کی دعا رَبَّنَا ظَلَمْنَا أَنفُسَنَا وَإِن لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُونَنَّ مِنَ الْخَاسِرِينَ(سورۃ الاعراف آیت ۲۳)اور رَبَّنَا آتِنَا مِن لَّدُنكَ رَحْمَةً وَهَيِّئْ لَنَا مِنْ أَمْرِنَا رَشَدًا(سورۃ الکھف آیت ۱۰) مع ترجمہ حفظ کر سکیں۔<br>• [SLO:I-06-A-08]کلمات طیبات (مثلاً چھے کلمے) معنی و مفہوم کے ساتھ سمجھ سکیں۔ | • [SLO:I-06-A-09]مذکورہ دعائیں اور کلمات طیبات کو اپنی روزمرہ زندگی میں پڑھ سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: وقتاً فوقتاً چیک لسٹ کی صورت میں مذکورہ دعاؤں کا جائزہ لیا جائے گا۔ / مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: مذکورہ دعائیں اور کلمات درست تلفظ اور تجوید کے قواعد کے مطابق زبانی پڑھیں گے۔

**مجوّزہ سرگرمیاں:**

- طلبہ کو عصمت انبیا کے متعلق آگاہ کیا جائے اور انھیں بتایا جائے کہ انبیائے کرام کی یہ دعائیں در حقیقت امت کو سکھانے کی غرض سے مانگی گئی ہیں۔
- طلبہ کے درمیان دُعائیں، مسنون کلمات اور اُن کا ترجمہ سننے کی مشق اور مسابقہ کروایا جائے جس میں صحتِ تلفظ کا اہتمام ہو۔
- قرآن مجید سے چند انبیا کرام علیہم السلام کی دعاؤں کی خطاطی کر کے کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔

د۔ حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم

**حاصل تعلّم**

- منتخب احادیث مع ترجمہ سمجھ کر پڑھ سکیں اور ان کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو سکیں۔

| صلاحیت | علم |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-A-12]ان احادیث مبارکہ کو سمجھ کر روزمرہ زندگی میں ان کی تعلیمات پر عمل کریں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-A-10]سات مستند احادیث مبارکہ (بمطابق ضمیمہ) مع ترجمہ پڑھیں۔<br>(عربی متن مع ترجمہ یاد کرنا افضل ہے)<br>• [SLO:I-06-A-11]سات مستند احادیث مبارکہ (بمطابق ضمیمہ) مع ترجمہ سمجھ سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: بذریعہ معروضی سوالات ہر حدیث مبارک کی تکمیل کے بعد طلبہ کے فہم کا جائزہ لیا جائے گا/ طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

تکمیلی جانچ: منتخب احادیث کے مرکزی مضامین کا تحریری ٹیسٹ لیا جائے گا۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- طلبہ اپنا جائزہ لیں کہ وہ دی گئی احادیث مبارکہ کی تعلیمات میں سے کن کن پر عمل کرتے ہیں، فہرست بنائیں۔
- طلبہ کے درمیان احادیث مبارکہ اور اُن کا ترجمہ سننے کی مشق اور مسابقہ کروایا جائے۔

**ہ۔ دعائیں (زبانی)**

**حاصل تعلّم**

- منتخب دعاؤں کو درست تلفظ کے ساتھ حفظ کر سکیں اور روزمرہ زندگی میں موقع کی مناسبت سے پڑھنے کے عادی بن سکیں۔

| صلاحیت | علم |
|---|---|
| • [SLO:I-06-A-15]مزکورہ دعاؤں کو یاد کر کے اپنی روزمرہ زندگی میں پڑھنے کے عادی بن سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-A-13]منتخب دعاؤں کو درست تجوید کے مطابق حفظ کر سکیں جیسے:<br>i. صبح، شام کی دعا<br>ii. مریض کی عیادت کی دعا<br>iii. مرض سے بچنے کی دعا<br>• [SLO:I-06-A-14] ۹اسمائے حسنیٰ مع معانی پڑھ سکیں۔ (**اَلْحَکَمُ**)فیصلہ فرمانے والا(**اَلْعَدْلُ**)خوب انصاف کرنے والا(**اَللَّطِیْفُ**)بہت لطف و کرم فرمانے والا(**اَلْخَبِیْرُ**)ہر چیز کی خبر رکھنے والا(**اَلْحَلِیْمُ**)بردبار اور حلم والا(**اَلْعَظِیْمُ**)عظمت و بزرگی کا مالک(**اَلْغَفُوْرُ**)بے انتہا بخشش و مغفرت فرمانے والا(**اَلشَّکُوْرُ**)شکر کا بدلہ دینے والا قدردان(**اَلْعَلِیُّ**)سب سے بلند و برتر |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: مذکورہ دعاؤں کی فضیلت و اہمیت کے بارے میں بذریعہ سوالات جائزہ لیا جائے گا۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: مذکورہ دعائیں درست تلفظ اور تجوید کے قواعد کے مطابق زبانی پڑھیں گے۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

| |
|---|
| • طلبہ دعاؤں کا چارٹ بنا کر کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔<br>• طلبہ دی گئی دعاؤں کی فضیلت اور اہمیت کے بارے میں تبادلہ خیال کریں۔<br>• صبح شام کی دعا روزمرہ کی بنیاد پر کمرۂ جماعت میں پڑھنے کا معمول بنائیں۔<br>• اپنے ارد گرد کے ساتھیوں میں سے کسی کے بیمار ہونے پر کمرا جماعت میں اجتماعی طور پر مریض کے لیے شفایابی کی دعا کرنے کا معمول بنائیں۔ |

**دائرہ کار۔ ۲: ایمانیات وعبادات** [SLO:I-06-B-__]

**الف۔ ایمانیات**

<table>
<tr><td colspan="2">الف۔ توحید کی اہمیت اور اثرات<br><br>حاصل تعلّم<br>• عقیدہ توحید کے معنی و مفہوم اور دلائل کی روشنی میں توحید اور شرک میں فرق جان سکیں اور عملی زندگی میں عقیدہ توحید کے اثرات کو سمجھتے ہوئے عملی نمونہ پیش کر سکیں۔</td></tr>
<tr><td>علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-B-01] اسلامی تعلیمات کی روشنی میں عقیدہ توحید کے معنی، مفہوم اور اہمیت کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-06-B-02]توحید کے دلائل جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-B-03]عقیدہ توحید کے حقیقی تصور کو سمجھ کر توحید اور شرک میں فرق بتا سکیں۔<br>• [SLO:I-06-B-04]عقیدہ توحید کے عملی زندگی پر اثرات کا جائزہ لے سکیں۔</td><td>صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-B-05]عقیدہ توحید کے تقاضوں کے مطابق اپنی زندگی گزار سکیں۔</td></tr>
<tr><td colspan="2">مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: عقیدہ توحید کے عملی زندگی پر اثرات کے بارے میں پوسٹر (Poster) بنائیں۔<br>تکمیلی جانچ: توحید اور شرک میں فرق اور توحید کے دلائل کا تفصیلاً تحریری جائزہ لیا جائے گا۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔</td></tr>
<tr><td colspan="2">مجوّزہ سرگرمیاں<br>• توحید کے موضوع پر قرآن مجید کی دو آیات اور دو مستند احادیث مبارکہ مع ترجمہ تلاش کر کے لکھیں اور ہم جماعت ساتھیوں کے سامنے پیش کریں۔<br>• اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ سنوائے جائیں اور چند اسمائے حسنیٰ مثلاً احد، خالق، مالک کے معانی پر مذاکرہ کریں۔<br>• روزمرہ زندگی میں توحید کے تقاضے کیسے پورے کیے جا سکتے ہیں، جماعت میں گفتگو کریں۔</td></tr>
</table>

<table>
<tr><td colspan="2">ب۔ نبوت ورسالت<br>حاصل تعلّم<br>• نبوت ورسالت کا معنی و مفہوم اور انبیاء کرام علیہم السلام کی بعثت کا مقصد جان سکیں۔<br>• عقیدہ ختم نبوت پر پختہ ایمان رکھتے ہوئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے اسوۂ حسنہ پر عمل کر سکیں۔</td></tr>
<tr><td>علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:</td><td>صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:</td></tr>
</table>

| | |
|---|---|
| • [SLO:I-06-B-06]عقیدہ نبوت ورسالت کے معنی و مفہوم اور اہمیت جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-B-07]انبیائے کرام علیہم السلام کی بعثت کا مقصد سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-06-B-08]انبیاء کرام علیہم السلام کی مشترکہ صفات خصوصاً عصمت انبیاء کرام علیہم السلام سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-06-B-09]نبی اور رسول کا فرق جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-B-010]حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم کے فضائل و خصائص (مثلاً ختم نبوت، معراج نبوی، مقام محمود، شفاعت کبریٰ اور حوض کوثر وغیرہ) کے بارے میں سمجھ سکیں۔ | • [SLO:I-06-B-11]بیان کر سکیں کہ مختلف انبیائے کرام کی بعثت کا مقصد کیا تھا۔<br>• [SLO:I-06-B-12]حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم کے اسوۂ حسنہ کے مطابق اپنی زندگیاں ڈھال سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ:**

تشکیلی جانچ: نبی اور رسول میں فرق بیان کریں نیز انبیاء کرام علیہم السلام کی بعثت کے مقصد کا بذریعہ معروضی سوالات تحریری جائزہ لیا جائے گا۔۔ / طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

تکمیلی جانچ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے فضائل و خصائص (ختم نبوت، معراج نبوی، مقام محمود، شفاعت کبریٰ اور حوضِ کوثر) میں سے ہر ایک کے بارے میں تین سے پانچ سطریں تحریر کریں۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- انبیائے کرام علیہم السلام کی چند خصوصیات کا چارٹ بنا کر آویزاں کریں۔
- نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی صفات مبارکہ کی فہرست بنائیں۔
- اذان کے بعد کی دعا پڑھنے پر شفاعت نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے حصول کے حوالے سے جماعت میں بیان کیا جائے۔
- انبیاء کرام علیہم السلام کے چند معجزات تلاش کر کے لکھیں۔

## ب۔ عبادات

**الف۔ اسلام میں عبادات کا جامع تصور**

**حاصل تعلّم**

- اسلام میں عبادت کے جامع تصور کو سمجھ سکیں اور عبادات میں خشوع و خضوع اخلاص اور احسان کا معنی و مفہوم سمجھتے ہوئے عملی زندگی میں اس کے تقاضے پورے کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-B-13]اسلام میں عبادات کا مفہوم اور اس کا جامع تصور تحریر کر سکیں۔<br>• [SLO:I-06-B-14]اسلام میں عبادت کی اقسام (فرض، سنت، نفل وغیرہ) کے متعلق جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-B-15]اسلام میں عبادت کی اہمیت جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-B-16]یہ جان سکیں کہ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو اپنی عبادت اور معرفت کے لیے پیدا کیا ہے۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-B-19]عبادت کی اصل روح کو سمجھ کر عملی زندگی میں اس کے تقاضے پورے کر سکیں۔<br>• [SLO:I-06-B-20]عبادت کی اصل روح کو سمجھ کر عملی زندگی میں عبادت کا رجحان پیدا کر سکیں۔ |

| | |
|---|---|
| • [SLO:I-06-B-17]حدیث جبریل کے حوالے سے عبادت میں خشوع، خضوع، اخلاص اور احسان کا معنی و مفہوم بتا سکیں۔<br>• [SLO:I-06-B-18]عبادت الٰہی میں دوام اور استقامت کی اہمیت سمجھ سکیں۔ | |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: حدیث جبریل کے حوالے سے معلومات نکات کی صورت میں تحریر کریں گے۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: عبادات کی اہمیت، مقصد اور عبادات اور معاملات کے باہمی تعلق کی وضاحت کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- روزمرہ زندگی میں کی جانے والی عبادات کی مختلف صورتوں کی فہرست بنا کر چارٹ پر آویزاں کریں۔
- عبادت الٰہی سے متعلق دو آیات اور دو مستند احادیث مبارکہ تلاش کر کے لکھیں اور ہم جماعت ساتھیوں کو بتائیں۔

ب۔ طہارت و پاکیزگی

حاصل تعلّم

- طہارت و پاکیزگی کے معنی و مفہوم، اہمیت و فضیلت اور ظاہری و باطنی ثمرات سے آگاہ ہو کر عملی زندگی میں اس کا اطلاق کر سکیں۔

| علم | صلاحیت: |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-B-21]طہارت و پاکیزگی کا معنی و مفہوم بیان کر سکیں۔<br>• [SLO:I-06-B-22]طہارت و پاکیزگی کی فضیلت و اہمیت سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-06-B-23]طہارت و پاکیزگی کی مختلف صورتیں (وضو، غسل اور تیمم وغیرہ) اور ان کے احکام و آداب کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-06-B-24]طہارت (وضو، غسل، تیمم) اور عام صفائی کے درمیان فرق بتا سکیں۔<br>• [SLO:I-06-B-25]طہارت و پاکیزگی کے ظاہری اور باطنی تصور میں فرق سمجھ سکیں۔ | • [SLO:I-06-B-26]ظاہری اور باطنی طہارت کے فوائد و ثمرات سے آگاہی حاصل کرتے ہوئے عملی زندگی میں اس کا اطلاق کر سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: ظاہری اور باطنی طہارت کا مفہوم اور فوائد و ثمرات کے بارے میں مختصر پیراگراف تحریر کریں۔

تکمیلی جانچ: طہارت و پاکیزگی کی مختلف صورتوں (وضو، غسل، تیمم) کے احکام اور آداب تحریر کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- طہارت و پاکیزگی کی اہمیت کے بارے میں سبق میں دی گئی احادیث مبارکہ کے علاوہ کوئی دو مستند احادیث مبارکہ تلاش کر کے لکھیں۔
- عملی زندگی میں طہارت کی روحانی اور جسمانی برکات پر مذاکرہ کریں۔
- اسلامی تعلیمات کی روشنی میں طہارت و پاکیزگی کے لیے پانی کے صحیح استعمال پر جماعت میں مباحثہ کروایا جائے۔

ج۔ نماز کی فرضیت واہمیت

حاصل تعلّم

- نماز کی اہمیت و فضیلت، شرائط، ارکان، آداب اور باجماعت نماز کی اہمیت کے بارے میں جان کر عملی زندگی میں نماز کی پابندی کرنے والے بن سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-B-27]نماز کی فرضیت وفضیلت جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-B-28]جان بوجھ کر نماز چھوڑنے کی وعید کے متعلق آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-06-B-29]نماز کی شرائط، فرائض، سنتوں میں فرق، آداب، اور باجماعت نماز کی اہمیت کے بارے میں آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-06-B-30]نماز کی حکمت اور اس کے معاشرتی، روحانی اور جسمانی فوائد کا جائزہ لے سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-B-31]نماز کی فرضیت اور فوائد کو سامنے رکھتے ہوئے اپنی عملی زندگی میں نماز کی پابندی کرنے والے بن سکیں۔ |

مجوزہ جانچ

تشکیلی جانچ: نماز کی فرضیت واقعے کی صورت میں بیان کریں گے۔۔۔۔ / طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

تکمیلی جانچ: نماز کی فرضیت وفضیلت کے بارے میں کوئی ایک آیت قرآنی و مستند حدیث مبارک تحریر کریں گے۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوزہ سرگرمیاں

- طلبہ گھروں سے نماز کی ادائیگی کا عملی طریقہ سیکھیں۔

## دائرہ کار۔۳: سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ سلم[SLO:I-06-C-__]

الف۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم اور مدنی معاشرے کا قیام

حاصل تعلّم

- مدنی معاشرے کے قیام، مسائل و مشکلات، مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی تعمیر مسلمانوں اور دیگر قبائل کے مابین عمرانی معاہدہ، اصحابِ صفہ اور مواخات کے بارے میں آگاہ ہو سکیں اور مواخات مدینہ کی روشنی میں بھائی چارہ کے عالمگیر تصور کو سمجھ کر عملی زندگی میں اس کا نفاذ کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-C-01]نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ واَصحابِہ وسلم کی مدینہ منورہ آمد پر اہل مدینہ کے کردار سے آگاہ ہو سکیں۔ (مسجد قبا کی تعمیر، استقبال وغیرہ) | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ<br>• مدنی معاشرے کی تشکیل میں مواخات کی اہمیت بیان کر سکیں۔<br>• مواخاتِ مدینہ کی روشنی میں اخوت اور بھائی چارہ کے عالمگیر تصور کو سمجھ کر اپنی عملی زندگی میں اس کا نفاذ کر سکیں۔ |

| | |
|---|---|
| • [SLO:I-06-C-01]عہد نبوی میں مسجد نبوی کی تعمیر اور فضیلت کے متعلق جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-C-02]ہجرت کے بعد مسلمانوں کو درپیش مسائل ومشکلات کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-06-C-03]اصحاب صُفہ کا تعارف جان کر اُن کی تعلیمی، تبلیغی اور دعوتی سرگرمیوں سے آگاہ ہو کر اپنی عملی زندگی میں استفادہ کر سکیں۔<br>• [SLO:I-06-C-04]عہد نبوی میں مسجد نبوی کی تعلیمی و معاشرتی اہمیت کا جائزہ لے سکیں۔ | • [SLO:I-06-C-05]مدنی معاشرے کے قیام کی اصل روح کو سمجھ کر معاشرے کی بہتری میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: مواخات مدینہ کی مدنی معاشرے کی تشکیل میں اہمیت بیان کریں۔۔/مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی مدینہ منورہ آمد پر اہل مدینہ کا کیا ردِعمل رہا؟ تفصیلات تحریر کریں۔/معروضی سوالات /موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم میں انجام دیے جانے والے مختلف امور اور معمولات کی فہرست بنوائی جائے۔
- مواخات میں شامل چند مہاجرین اور انصار کے ناموں کی فہرست بنائیں۔
- طلبہ کے درمیان مواخات کی چند عملی صورتوں پر گفتگو کرائی جائے۔
- چند اصحابِ صُفہ کی خدمات پر مذاکرہ/نوٹ لکھوایا جائے۔

**ب۔ ریاست مدینہ کا قیام**

**حاصل تعلّم**

- ریاست مدینہ کے قیام کے مقصد کو جان سکیں۔

**(داخلی وخارجی امور، مہاجرین کی آبادکاری، میثاق، تحویل قبلہ)**

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-C-06]اسلامی ریاست کے تصور کی روشنی میں ریاستِ مدینہ کے قیام کے مقصد کو جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-C-07]مہاجرین کی آبادکاری میں انصار کے ایثار و قربانی کے متعلق سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-06-C-08]ریاستِ مدینہ کو لاحق داخلی وخارجی خطرات اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی دفاعی تدابیر کے متعلق جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-C-09]میثاقِ مدینہ کے پس منظر، اہمیت اور اس کی نمایاں دفعات سے واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-06-C-10] تحویل قبلہ کا واقعہ، اس کی وجوہات اور اس کی روشنی میں اتباعِ رسول کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم اور تسلیم ورضا کی اہمیت سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-06-C-11]میثاقِ مدینہ کے نتیجے میں حاصل ہونے والے فوائد کا جائزہ لے سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-C-12]ریاست مدینہ کی مثال کو سامنے رکھتے ہوئے وطنِ عزیز کے نظم ونسق پر عملدرآمد میں اسوہ حسنہ سے رہنمائی حاصل کر کے اپنا کردار ادا کر سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: ریاست مدینہ کے قیام کا مقصد نکات کی صورت میں تحریر کریں۔۔۔۔/ طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

تکمیلی جانچ: انصار کی ایثار و قربانی کی کوئی دو مثالیں واقعات کی صورت میں تحریر کریں۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- میثاقِ مدینہ کی پانچ اہم دفعات کا چارٹ بنوایا جائے۔
- مسجد ذوالقبلتین کی تصویر تلاش کی جائے یا بنوا کر چارٹ پر چسپاں کرائی جائے۔

ج۔ ریاست مدینہ کا استحکام: جہاد، غزوہ بدر

حاصل تعلّم

- ریاست مدینہ کے استحکام کے پیش نظر جہاد کی اہمیت اور غزوہ بدر کی تفصیلات سے آگاہ ہو سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| • [SLO:I-06-C-13] جہاد کا معنی و مفہوم جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-C-14] جہاد کی فرضیت اور فضیلت کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-06-C-15] غزوہ اور سریہ کے معنی، مفہوم اور ان کے مابین فرق کو جان کر غزوات نبوی کے پس منظر کو جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-C-16] غزوہ بدر کا پس منظر، اسباب، تیاری کے بارے میں حقائق جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-C-17] غزوہ بدر میں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے نمایاں کردار سے واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-06-C-18] غزوہ بدر کے واقعات اور غزوہ بدر کے موقع پر رونما ہونے والے معجزات کے بارے میں جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-C-19] غزوہ بدر کے جنگی قیدیوں کے ساتھ حسن سلوک سے تعلیم کی اہمیت سمجھ سکیں۔ | • [SLO:I-06-C-20] غزوہ بدر کے نتائج جان کر ان کے باعث مسلمانوں کو حاصل ہونے والے دینی، معاشی اور سیاسی فوائد کا جائزہ لے سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: جہاد کی فرضیت و فضیلت کے بارے میں ایک آیت قرآنی اور ایک مستند حدیث مبارک تحریر کریں گے۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: غزوۂ بدر کا واقعہ نکات کی صورت میں تفصیلاً تحریر کریں گے۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- چند بدری صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی فہرست بنوائی جائے۔/ حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور دیگر صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی شجاعت کے بارے میں نوٹ لکھوایا جائے۔
- غزوۂ بدر سے متعلقہ چارٹ تیار کیا جائے جس میں شرکاء کی تعداد، شہداءِ بدر اور کفار کے مقتولین سے متعلقہ تفصیلات مذکور ہوں۔
- طلبہ سے غزوہ بدر کے بعد ۲ ہجری میں نازل ہونے والے احکام مثلاً روزے کی فرضیت، صدقہ فطر، عید الفطر اور زکوۃ کے نصاب وغیرہ کی فہرست بنوائیں۔

د۔ غزوہ اُحد

حاصل تعلّم

- غزوہ احد کی تفصیلات سے آگاہ ہو سکیں اور مشاورت کی اہمیت کو سمجھ کر عملی زندگی میں لاگو کر سکیں۔

علم

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO:I-06-C-21] غزوۂ اُحد کا پس منظر، اسباب، مشاورت اور جنگی تیاری کے بارے میں جان سکیں۔
- [SLO:I-06-C-22] منافقین اور اُن کے مکروہ کردار سے آگاہ ہو سکیں۔
- [SLO:I-06-C-23] غزوۂ اُحد میں رونما ہونے والے معجزات اور واقعات کے بارے میں بیان کر سکیں۔
- [SLO:I-06-C-24] غزوۂ اُحد میں بچوں اور خواتین کے کردار کے متعلق آگاہ ہو سکیں۔
- [SLO:I-06-C-25] غزوۂ اُحد کے شرکا مہاجرین و انصار اور خصوصاً حضرت علی کرم اللہ وجہہ، حضرت حمزہ، حضرت طلحہ اور حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہم کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے لیے جانثاری کے متعلق آگاہ ہو سکیں۔

صلاحیت

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO:I-06-C-26] غزوۂ اُحد کے نتائج و اثرات کو سمجھ کر مسلمانوں کو حاصل ہونے والے دینی اور سیاسی فوائد کا جائزہ لے سکیں۔
- [SLO:I-06-C-27] غزوۂ اُحد کے تناظر میں مشاورت کی اہمیت کو سمجھ کر اپنی زندگی میں اس سے رہنمائی حاصل کر کے عملی نمونہ پیش کر سکیں۔

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: غزوۂ اُحد میں رونما ہونے والے معجزات کی فہرست بنائیں گے۔

تکمیلی جانچ: غزوۂ اُحد کا پس منظر، اسباب اور نتائج کے بارے میں بذریعہ معروضی سوالات / تفصیل مضمون کا تحریری جائزہ لیا جائے گا۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- غزوہ اُحد کے واقعات نقشے کی مدد سے بیان کیے جائیں۔
- غزوہ اُحد کے چند شہداء کی فہرست بنوائی جائے۔
- کمرہ جماعت میں غزوۂِ اُحد میں خواتین کے کردار پر مذاکرہ کرایا جائے۔

ہ۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے محبت اور اطاعت

**اُسوۂ رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم اور ہماری عملی زندگی**

حاصل تعلّم

- نبی اکرم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی محبت و اطاعت کے موضوع کو جان کر اطاعت کے تقاضوں کو پورا کر سکیں۔

علم

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO:I-06-C-28] یہ جان سکیں کہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم سے محبت و عشق رکھنا ایمان کا لازمی جزو ہے۔
- [SLO:I-06-C-29] آگاہ ہو سکیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے فضائل و مناقب اور کمالات عالیہ کیا ہیں۔
- [SLO:I-06-C-30] یہ سمجھ سکیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم کی اطاعت ہر مسلمان پر فرض ہے۔

صلاحیت:

- [SLO:I-06-C-31] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلی الہ وصحابہ وسلم کی نسبت سے اہلِ بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے محبت کرنے والے بن سکیں۔
- [SLO:I-06-C-32] حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم کی محبت کے جذبے سے سرشار ہو کر اخلاقِ حسنہ کو اپنا سکیں۔

| | |
|---|---|
| • [SLO:I-06-C-33]روزمرہ زندگی کے معمولات میں آپ صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم سے محبت کے تقاضے پورے کرتے ہوئے اطاعت کر سکیں۔ | |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: قرآن وحدیث کی روشنی میں اطاعت رسول پر تفصیلی مضمون تحریر کریں گے۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے محبت کے اظہار کیلئے روزانہ کی بنیاد پر کیے جانے والے معمولات کی فہرست بنائیں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- گروپ کی صورت میں رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے اخلاقِ حسنہ کے مختلف پہلوؤں پر تبادلہِ خیال کریں۔
- **"اطاعت اور حُبِ رسول** صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم **تقاضائے ایمان"** کے عنوان پر تقریر کروائی جائے۔
- نبی کریں صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے محبت واطاعت پر ایک آیت قرآنی تلاش کر کے لائیں اور کمرۂ جماعت میں آویزاں کریں۔

و۔ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کا بچوں کے ساتھ حسن سلوک

**حاصل تعلّم**

- حضرت محمد صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے بچوں سے حسن سلوک کے حوالے سے حیات طیبہ کے مختلف واقعات سے رہنمائی حاصل کر کے عملی نمونہ پیش کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-C-34]حضرت محمد رسول خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم کا بچوں کے ساتھ حُسنِ سلوک جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-C-35]حضور صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم کی بچوں خصوصاً حضرات حسنین کریمین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے ساتھ محبت وشفقت کے چند واقعات سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-06-C-36]یہ سمجھ سکیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کس طرح بچوں کی تربیت کا اہتمام فرماتے تھے۔(خصوصاً حضرت اُسامہ بن زید، حضرت انس بن مالک اور حضرت سیدہ امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم)<br>• [SLO:I-06-C-37]یتیم بچوں کے ساتھ حضور صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم کے حُسنِ سلوک کے بارے میں آگاہ سکیں۔(خصوصاً اولادِ حضرت جعفر طیار رضی اللہ عنہ)<br>• [SLO:I-06-C-38]حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی بچوں کے ساتھ خوش طبعی، دلجوئی اور حوصلہ افزائی کے واقعات کا جائزہ لے سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ یہ بتائیں کہ:<br>• [SLO:I-06-C-39]روزمرہ زندگی میں آپ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی شفقت ومحبت اور تربیت کے پہلوؤں کی عملی پیروی کر سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی بچوں سے دلجوئی کے واقعات کہانی کی صورت میں بیان کریں گے۔۔/ طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

تکمیلی جانچ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی بچوں کے ساتھ خوش طبعی کے متعلق ایک پیراگراف تحریر کریں گے / معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- عہدِ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم میں اُن بچوں کے ناموں کی فہرست بنوائیں جنہوں نے براہِ راست حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے بچپن میں تربیت حاصل کی۔
- حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سیرتِ طیبہ سے بچوں کے ساتھ حُسنِ سلوک کے واقعات پر مذاکرہ کروایا جائے۔

ز۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کا ایفائے عہد

حاصل تعلّم

- نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ کی روشنی میں ایفائے عہد کے حوالے سے واقعات سے رہنمائی حاصل کرکے عملی نمونہ پیش کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>● [SLO:I-06-C-40] ایفائے عہد کا معنی و مفہوم جان سکیں۔<br>● [SLO:I-06-C-41] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی مکّی زندگی سے ایفائے عہد کی چند مثالوں سے آگاہ ہو سکیں۔<br>● [SLO:I-06-C-42] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ میں غیر مسلموں سے ایفائے عہد کی چند مثالیں جان سکیں۔<br>● [SLO:I-06-C-43] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم کی ایفائے عہد کے حوالے سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی تربیت کے بارے میں حقائق سمجھ سکیں۔<br>● [SLO:I-06-C-44] ایفائے عہد کے معاشرتی فوائد اور عہد شکنی کے نقصانات کا جائزہ لے سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>● [SLO:I-06-C-45] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم کی حیات طیبہ سے سبق حاصل کرتے ہوئے روزمرہ زندگی میں ایفائے عہد کی صفت کو اپنا سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: سیرت طیبہ سے ایفائے عہد کی مثالیں بیان کریں گے۔۔ / مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: ایفائے عہد کے معاشرتی فوائد اور عہد شکنی کے نقصانات الگ الگ کالم کی صورت میں تحریر کریں گے / معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- ایفائے عہد کے متعلق مستند احادیثِ مبارکہ کا چارٹ بنوایا جائے۔
- طلبہ کی زندگی میں ایفائے عہد کی عملی صورتوں کے متعلق مذاکرہ کیا جائے۔

## دائرہ کار۔۴: اخلاق و آداب [SLO:I-06-D-__]

الف۔ مشاورت کی اہمیت:

حاصل تعلّم

- قرآن و سنت کی روشنی میں مشاورت کے معنی و مفہوم، احکام، فوائد و ثمرات سے آگاہ ہو کر عملی زندگی میں مشاورت کی صورتوں کو اختیار کر سکیں۔

| صلاحیت | علم |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ<br>قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• [SLO:I-06-D-06]اپنی زندگی میں مشاورت کی عملی صورتوں کو اختیار کر سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ<br>قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• [SLO:I-06-D-01]مشاورت کے معنی ومفہوم کو جان کر اس کی اہمیت وفضیلت سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-06-D-02]قرآن وسنت کی روشنی میں مشاورت کے احکام و آداب سے سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-06-D-03]رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم کے اسوہ حسنہ کی روشنی میں مشاورت سے متعلق آپ صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم کے طرزِ عمل کا جائزہ لے سکیں۔<br>• [SLO:I-06-D-04]آپ صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم کے اہل بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم خصوصاً خلفائے راشدین اور حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے مشاورت کے چیدہ چیدہ واقعات جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-D-05]روزمرہ زندگی کے معاملات میں مشاورت کے فوائد وثمرات کا جائزہ لے سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: مشاورت سے متعلق نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی حیات طیبہ سے کوئی سے دو واقعات تحریر کریں گے۔۔۔/ طلبہ کا انفرادی اظہار خیال-

تکمیلی جانچ: مشاورت کے فوائد وثمرات نکات کی صورت میں تحریر کریں گے / معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- مشاورت کی اہمیت سمجھتے ہوئے اپنی روزمرہ زندگی میں مشاورت پر عمل پیرا ہونے کے فوائد واثرات اپنے گھر والوں اور ہم جماعتوں کو بتائیں۔
- کمرہ جماعت اور درسگاہ کے اصول وضوابط کی تشکیل، طلبہ کی مشاورت سے کی جائے۔

**ب۔ صبر و تحمل:**

**حاصل تعلّم:**

- قرآن وسنت کی روشنی میں صبر و تحمل کے معنی ومفہوم، اہمیت وفضیلت کو جان کر اس کا عملی مظاہرہ کر سکیں۔

| صلاحیت | علم |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-D-09]سیرتِ رسول صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی روشنی میں صبر و تحمل کی مثالیں سمجھ کر اس صفت کو اپنی زندگیوں میں اپنائیں۔<br>• [SLO:I-06-D-10]اہلِ بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی زندگیوں سے صبر و تحمل کی مثالیں جان کر اُن سے سبق حاصل کر سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• [SLO:I-06-D-07]صبر و تحمل کے معنی ومفہوم جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-D-08]صبر و تحمل کی اہمیت وفضیلت سمجھ سکیں۔ |

| | |
|---|---|
| • [SLO:I-06-D-11]روزمرّہ معاملات میں صبر و تحمل اختیار نہ کرنے کے نقصانات کا جائزہ لے کر ان سے بچنے کی کوشش کریں۔ | |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: صبر و تحمل کے فوائد اور عدم برداشت کے نقصانات الگ الگ کالم کی صورت میں تحریر کریں گے۔

تکمیلی جانچ: صبر و تحمل کا معنی و مفہوم اور اہمیت و فضیلت کے بارے میں آیت قرآنی و مستند حدیث مبارک تحریر کریں گے۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کے اُسوۂ حسنہ سے صبر و تحمل کے دو ایسے واقعات سنائیں جو سبق میں شامل نہ ہوں۔
- تین قسم کے صبر، صبر علی الاطاعہ، صبر عن المعصیہ، صبر علی المصیبہ کی روزمرہ مثالوں پر تبصرہ کروایا جائے۔
- روزمرہ زندگی میں چند ایسے مواقع کی فہرست بنائیں جہاں صبر و تحمل کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ چند اہم مواقع کے متعلق چارٹ بھی بنائیں۔

## ج۔ اسلامی آدابِ زندگی (راستے، سفر اور عوامی مقامات کے استعمال)

**حاصل تعلّم:**

- قرآن و سنت کی روشنی میں راستے، سفر اور عوامی مقامات کے استعمال کے آداب سے آگاہ ہو کر ذمہ دار شہری کی خصوصیات اپنا سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن و سنت کی روشنی میں: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن و سنت کی روشنی میں: |
| • [SLO:I-06-D-12]اسلامی آداب کی اہمیت و فضیلت سے واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-06-D-13]راستے، سفر، عوامی مقامات کے استعمال کے آداب سے متعلق اسلامی تعلیمات سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-06-D-14]سیرتِ رسول صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم روشنی میں آدابِ زندگی کی مثالیں جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-D-15]اہل بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی زندگیوں سے آدابِ زندگی کی مثالیں سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-06-D-16]روزمرہ زندگی میں ان آداب کو ترک کرنے کی وجہ سے پیدا ہونے والی خرابیوں کا جائزہ لے سکیں۔ | • [SLO:I-06-D-17]راستے، سفر، عوامی مقامات کے استعمال کے آداب پر عمل کر کے ان کے فوائد و ثمرات سے مستفید ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-06-D-18]آدابِ زندگی اختیار کر کے اور مہذب طریقوں پر عمل کر کے سچے مسلمان اور اچھے شہری کی خصوصیات اپنا سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: راستے، سفر اور عوامی مقامات کے آداب نکات کی صورت میں تحریر کریں گے۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: سیرت رسول صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم سے آدابِ زندگی کی کوئی سی دو مثالیں تحریر کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- طلبہ کو گروہوں میں تقسیم کیا جائے اور ہر گروہ آدابِ زندگی کے کسی ایک مذکورہ موضوع پر مکالمہ کرے۔
- طلبہ جماعت میں بتائیں کہ وہ روزمرہ زندگی میں کون کون سے آدابِ زندگی پر کتنا عمل کرتے ہیں۔
- عوامی مقامات کے استعمال کے آداب کے متعلق کمرا جماعت میں تصاویر پر مبنی چارٹ آویزاں کیا جائے۔
- راستے، سفر اور دیگر عوامی مقامات کے آداب کے بارے میں خاکہ پیش کریں۔

## د۔ بری عادات سے اجتناب

| |
|---|
| حاصل تعلّم<br>● قرآن وحدیث کی روشنی میں چوری، غصب اور دھوکا دہی جیسی برائیوں کے نقصانات جان کر عملی زندگی میں ان سے اجتناب کر سکیں۔ |

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن وحدیث کی روشنی میں:<br>● [SLO:I-06-D-19]چوری، غصب اور دھوکا دہی کا مفہوم جان سکیں۔<br>● [SLO:I-06-D-20]اسلام میں چوری، غصب اور دھوکا دہی کی مذمت اور وعید کو سمجھ سکیں۔<br>● [SLO:I-06-D-21]روز مرہ زندگی میں چوری، غصب اور دھوکا دہی کی مختلف صورتوں اور مثالوں کا جائزہ لے سکیں۔<br>● [SLO:I-06-D-22]چوری، غصب اور دھوکا دہی کے دنیوی اور اُخروی نقصانات کو سمجھ سکیں۔<br>● [SLO:I-06-D-23]کسی جگہ سے ملنے والی گمشدہ اشیا(لُقطہ) کے بارے میں بنیادی اسلامی احکامات کا شعور حاصل کر سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>● [SLO:I-06-D-24]عہد رسالت میں چوری، غصب اور دھوکا دہی کے واقعات میں موجود سبق کو سمجھ کر ان سے گریز کر سکیں۔ |

| |
|---|
| مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: چوری، غصب اور دھوکا دہی کو مثالوں کے ذریعے بیان کریں گے۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش<br>تکمیلی جانچ: چوری، غصب اور دھوکا دہی کی وعید کے بارے میں ایک آیت اور حدیث تحریر کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔ |
| مجوّزہ سرگرمیاں<br>● طلبہ کمرہ جماعت میں چوری سے اجتناب پر خاکہ پیش کریں۔<br>● طلبہ روز مرہ زندگی میں چوری، غصب اور دھوکا دہی کی مختلف صورتوں (نقل کرنا، دوسروں کی چیزیں، بلا اجازت لے لینا وغیرہ) پر مشتمل چارٹ بنا کر کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔ |

## دائرہ کار۔۵: حسنِ معاملات و معاشرت[SLO:I-06-E-__]

| |
|---|
| الف۔ حقوق العباد<br>حاصل تعلّم<br>● قرآن وسنت کی روشنی میں حقوق العباد سے واقفیت حاصل کر کے روز مرہ زندگی میں اس کا عملی نمونہ پیش کر سکیں۔ |

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>● [SLO:I-06-E-01]حقوق العباد کا معنی اور مفہوم بیان کر سکیں۔<br>● [SLO:I-06-E-02]حقوق العباد کی ادائیگی کی اہمیت و فضیلت کو سمجھ سکیں۔<br>● [SLO:I-06-E-03]والدین اور بہن بھائیوں کے ساتھ حُسنِ سلوک کے متعلق جان سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>● [SLO:I-06-E-04]اپنی عملی زندگی میں والدین اور بڑوں کی فرمان برداری اور خدمت کی فضیلت کو سمجھتے ہوئے اسے اپنا شعار بنا سکیں۔<br>● [SLO:I-06-E-05]اسلام میں صلہ رحمی کی فضیلت، قطع رحمی کی ممانعت اور ان کے دنیوی و اخروی فوائد و نقصانات کو جان کر عمل کرنے والے بن سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: صلہ رحمی کی فضیلت، قطع رحمی کی ممانعت اور ان کے دنیوی واخروی فوائد و نقصانات کالم کی صورت میں تحریر کریں گے۔

تکمیلی جانچ: والدین کے حقوق کے بارے میں نکات کی صورت میں فہرست تیار کریں گے۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- طلبہ جائزہ لیں کہ وہ اپنے والدین اور بڑوں کی خدمت کس کس انداز میں کرتے ہیں اور اس کا تذکرہ جماعت میں کریں۔
- رشتہ داروں کے حقوق پر مشتمل دو مستند احادیثِ مبارکہ (متن کے علاوہ) تلاش کرکے چارٹ پر تحریر کرتے ہوئے اُن کے موضوع پر آپس میں تبادلۂ خیال کریں۔
- والدین کے ساتھ حُسنِ سلوک پر ایک تقریری مقابلہ کروایا جائے۔

ب۔ عدل و احسان

حاصل تعلّم

- قرآن و حدیث کی روشنی میں عدل و احسان کی اہمیت صورتوں اور مثالوں کو سمجھ کر روزمرہ زندگی میں ایک مثالی مسلمان بن سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن و سنت کی روشنی میں: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن و سنت کی روشنی میں: |
| • [SLO:I-06-E-06] عدل و احسان کا معنی و مفہوم اور ان کے درمیان فرق بیان کر سکیں۔<br>• [SLO:I-06-E-07] عدل و احسان کی اہمیت و فضیلت سے واقف ہو سکیں<br>• [SLO:I-06-E-08] سیرت رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم، اہل بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے معمولات کی روشنی میں عدل و احسان کی مثالیں جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-E-09] روزمرہ زندگی میں عدل و احسان کی مختلف صورتوں کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-06-E-10] عدل و احسان کے معاشرتی زندگی پر اثرات کا جائزہ لے سکیں۔ | • [SLO:I-06-E-11] روزمرہ زندگی سے عدل و احسان کی مثالیں بیان کر سکیں۔<br>• [SLO:I-06-E-12] عدل و احسان کی صفات کو اپنا کر ایک مثالی مسلمان بن کر معاشرے کی خدمت کر سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: عدل و احسان کی اہمیت و فضیلت اور انفرادی و معاشی اثرات پر مختصر نوٹ تحریر کریں گے۔

تکمیلی جانچ: عدل و احسان کے بارے میں سیرت رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی زندگیوں سے ایک ایک مثال تحریر کریں گے۔۔ / معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- خلفائے راشدین کے عدل و احسان کے واقعات پر مذاکرہ منعقد کروایا جائے۔
- طلبہ روزمرہ زندگی میں عدل و احسان کی مختلف صورتوں پر مشتمل چارٹ بنا کر جماعت میں آویزاں کریں۔

ج۔ اسلام میں رفاہ عامہ کی اہمیت

حاصل تعلّم

- قرآن وسنت کی روشنی میں رفاہِ عامہ کی اہمیت، صورتوں اور مثالوں کو سمجھ کر معاشرے کی خدمت میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• [SLO:I-06-E-13]رفاہ عامہ کا معنی اور مفہوم جان سکیں۔<br>• رفاہ عامہ کی اہمیت وفضیلت سے واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-06-E-14]سیرت رسول صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی روشنی میں رفاہ عامہ کی مثالوں سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-06-E-15]اہل بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی زندگیوں سے رفاہ عامہ کی مثالوں سے آگاہی حاصل کریں۔<br>• [SLO:I-06-E-16]روزمرہ زندگی میں رفاہ عامہ کی مختلف صورتوں اور مثالوں کو سمجھیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• [SLO:I-06-E-17]رفاہ عامہ کے معاشرتی اثرات کا تقابلی تجزیہ پیش کر سکیں۔<br>• [SLO:I-06-E-18]رفاہ عامہ کے دنیوی واخروی فوائد کو سمجھ کر ان کو اپنی عملی زندگی میں اپناتے ہوئے معاشرے کی خدمت کر سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: سیرت رسول صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم اہل بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور کی زندگیوں سے رفاہ عامہ کی ایک ایک مثال بیان کریں گے۔۔ / طلبہ کا انفرادی اظہار خیال-

تکمیلی جانچ: رفاہ عامہ کی اہمیت وفضیلت اور معاشرے پر اثرات پر پیراگراف تحریر کریں گے۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- خلفائے راشدین کے عہد میں رفاہِ عامہ کے مختلف کاموں کی فہرست بنائیں۔
- طلبہ روزمرہ زندگی میں رفاہ عامہ کی مختلف صورتوں پر مشتمل چارٹ بنا کر جماعت میں آویزاں کریں۔
- طلبہ رفاہ عامہ کے مختلف کاموں میں عملی شرکت کریں۔ مثلاً پودے لگانا، راستے میں پڑی رکاوٹ دور کرنا، سڑک پار کرانا وغیرہ اور ان موضوعات سے متعلق پوسٹر بنائے جائیں۔

## دائرہ کار۔٦: ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام[SLO:I-06-F-__]

### معیار(Standard)

**الف۔ امہات المومنین (حضرت خدیجہ، حضرت عائشہ اور حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہن)**

حاصل تعلّم

- امّہات المومنین کا اجمالی تعارف حاصل کر سکیں اور حضرت خدیجہ، حضرت عائشہ اور حضرت سودہ رضی اللہ عنہن کے حالاتِ زندگی کا مطالعہ کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• [SLO:I-06-F-01]مذکورہ امہات المومنین رضی اللہ عنہن کا تعارف حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-06-F-02]مذکورہ امہات المومنین رضی اللہ عنہن کی سیرت وکردار اور ان کی دینی ومعاشرتی خدمات سے آگاہ ہوں۔<br>• [SLO:I-06-F-03]مذکورہ امہات المومنین رضی اللہ عنہن کے ذوق علم وعبادت سے واقف ہو سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن وسنت کی روشنی میں:<br>• [SLO:I-06-F-05]مذکورہ امہات المومنین رضی اللہ عنہن کی گھریلو زندگی کے بارے میں جان کر اپنی عملی زندگی کو ان کے اسوہ کے مطابق مثالی بنا سکیں۔ |

| | |
|---|---|
| | • [SLO:I-06-F-04]مذکورہ امہات المومنین رضی اللہ عنہن کی دینی خدمات کا جائزہ لے سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: مذکورہ امہات المومنین رضی اللہ عنہن کی سیرت و کردار اور ان کی دینی خدمات مختلف واقعات کی مدد سے اپنے الفاظ میں بیان کریں گے۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: مذکورہ امہات المومنین رضی اللہ عنہن کے علم حاصل کرنے کے شوق اور ان کی گھریلو زندگی کے بارے میں تفصیلی مضمون تحریر کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- مذکورہ امہات المومنین رضی اللہ عنہا کی حیات طیبہ پر مشتمل معلوماتی چارٹ بنائیں جس میں ان کا نام، ولدیت، پیدائش، قبیلہ، عمر، مروی احادیث کی تعداد، اولاد اور وفات شامل ہوں۔
- ام المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی اسلام کی سربلندی کے لیے مالی خدمات پر مذاکرہ کروائیں۔
- ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی علمی خدمات سے متعلق جماعت میں ذہنی آزمائش کے مقابلے کا اہتمام کریں۔

## ب۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم کی اولاد مبارکہ

**حاصل تعلّم**

- نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی اولادِ مبارکہ کا اجمالی تعارف حاصل کر سکیں اور دینِ اسلام کے لیے ان کی خدمات کا جائزہ لے سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن و سنت کی روشنی میں: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن و سنت کی روشنی میں: |
| • [SLO:I-06-F-06]نبی اکرم صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی اولاد مبارکہ (بیٹوں اور بیٹیوں) سے متعارف ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-06-F-07]رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی اپنے بیٹے اور بیٹیوں کے ساتھ شفقت و محبت کو جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-F-08]بناتِ رسول صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی صفات، عبادت و ریاضت اور گھریلو زندگی کے روشن پہلوؤں سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-06-F-09]بناتِ رسول صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی دین اسلام کے لیے خدمات کا جائزہ لے سکیں۔ | • [SLO:I-06-F-10]رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی بیٹیوں رضی اللہ تعالیٰ عنہن کی سیرت و کردار سے آگاہ ہو کر اس سے سبق سیکھ سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: رسول اللہ کی اولاد کے لیے شفقت کے بارے میں کوئی سے دو واقعات بیان کریں گے۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: رسول اللہ کی بیٹیوں کی دینِ اسلام کے لیے خدمات پر ایک پیراگراف تحریر کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- نبی اکرم صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی اولادِ مبارکہ پر معلوماتی چارٹ تیار کریں جس میں ان کے نام، ولدیت، پیدائش، لقب، عمر، اولاد اور وفات شامل ہوں۔
- نبی اکرم صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی اولادِ مبارکہ پر جماعت میں ذہنی آزمائش کا مقابلہ کروائیں۔

ب۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم کی اولاد مبارکہ خاتون جنت حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا

حاصل تعلّم

- حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراء کے حالاتِ زندگی سے تفصیلی طور پر آگاہ ہو کر ان کی خصوصیات کو عملی زندگی کا حصہ بنا سکیں۔

| صلاحیت | علم |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-F-15]حضرت سیدہ فاطمۃ الزھراء رضی اللہ عنہا اور حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نکاح سے سادگی کا سبق حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-06-F-16]تسبیحاتِ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں جان کر اس پر عمل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-06-F-17]آپ رضی اللہ عنہا کی دین اسلام کے لیے خدمات کو سمجھ کر ان کے طرز زندگی کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنا سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-F-11]خاتون جنت حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کے حالات زندگی کے بارے میں جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-F-12]آپ رضی اللہ عنہا کے مقام و مرتبہ اور سیرت و کردار سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-06-F-13]رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا سے محبت اور ان کی حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے مشابہت کے بارے میں جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-F-14]آپ رضی اللہ عنہا کی صفات: شرم وحیا، عبادت و ریاضت، سادگی، محنت وجفاکشی اور گھریلو زندگی کے روشن پہلوؤں کا جائزہ لے سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی زندگی سے شرم وحیا، عبادت، سادگی اور محنت کے حوالے سے ایک ایک مثال بیان کریں گے۔۔ / طلبہ کا انفرادی اظہار خیال-

تکمیلی جانچ: حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ کے حالت زندگی اور مقام و مرتبہ کے بارے میں معلومات کا بذریعہ معروضی سوالات جائزہ لیا جائے گا۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے فضائل پر مشتمل چارٹ بنوا کر آویزاں کیا جائے۔
- طلبہ حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی امتیازی خصوصیات کی فہرست بنائیں۔
- "ہم روز مرہ زندگی کے معاملات میں کس طرح حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا کی زندگی سے راہنمائی حاصل کر سکتے ہیں"۔ اس موضوع پر تقریری مقابلے کا اہتمام کیا جائے۔

ج۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم: حضرت طلحہ بن عبید، حضرت زبیر بن عوام، سعد بن ابی وقاص وسعید بن زید، ابو عبیدۃ بن جراح وعبد الرحمن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہم

حاصل تعلّم

- قرآن وسنت کی روشنی میں عشرہ مبشرہ کا مختصر تعارف اور انکے حالاتِ زندگی سے تفصیلی طور پر آگاہ ہو کر ان کی سیرت سے سبق حاصل کر سکیں۔

| صلاحیت | علم |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-F-23]عشرہ مبشرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی سیرت و کردار کے مختلف پہلوؤں سے سبق حاصل کر سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-F-18]عشرہ مبشرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا مفہوم ان کے اسمائے گرامی اور ان کی فضیلت جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-F-19] |

<table>
<tr><td>

- [SLO:I-06-F-20]مذکورہ صحابہ کرام کے اخلاق وصفات سے واقفیت حاصل کر سکیں۔
- [SLO:I-06-F-21]مذکورہ صحابہ کرام کی دینی خدمات سے مختصر طور پر آگاہی حاصل کر سکیں۔
- [SLO:I-06-F-22]مذکورہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی امتیازی خصوصیات کا موازنہ کر سکیں۔

</td><td></td></tr>
<tr><td colspan="2">

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: عشرہ مبشرہ کی سیرت و کردار کے بارے میں معلومات کا جائزہ بذریعہ معروضی سوالات / تفصیلی مضمون لیا جائے گا۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: عشرہ مبشرہ کے ناموں کے سامنے ان کے سوانح عمری(Biography) تحریر کیے جائیں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

</td></tr>
<tr><td colspan="2">

مجوّزہ سرگرمیاں:

- مذکورہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہما کی امتیازی خصوصیات پر مشتمل چارٹ بنائیں۔
- طلبہ والدین/اساتذہ کرام کی مدد سے مذکورہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی حیاتِ طیبہ پر مشتمل معلوماتی چارٹ بنائیں جن میں ان کے نام، القابات، ولدیت، پیدائش، قبیلہ، عمر، مروی احادیث کی تعداد، اولاد، وفات شامل ہوں۔
- عشرہ مبشرہ رضی اللہ عنہم کی زندگی اور سیرت و کردار پر ذہنی آزمائش کا مقابلہ کروایا جائے۔

</td></tr>
</table>

<table>
<tr><td colspan="2">

د۔ صوفیائے کرام (حضرت عبداللہ شاہ غازی، حضرت حسن بصری، حضرت بایزید بسطامی، حضرت جنید بغدادی رحمہم اللہ)

حاصل تعلّم

- حضرت عبداللہ شاہ غازی، حضرت حسن بصری، حضرت بایزید بسطامی، حضرت جنید بغدادی رحمہم اللہ کا مختصر تعارف اور ان کے حالاتِ زندگی سے آگاہ ہو کر ان کی سیرت سے سبق حاصل کر سکیں۔

</td></tr>
<tr><td>

علم

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO:I-06-F-24]قرآن و سنت کی روشنی میں تصوف کا معنی و مفہوم جان سکیں۔
- [SLO:I-06-F-25]مذکورہ صوفیائے کرام رحمہم اللہ کے مختصر حالات زندگی، مقام و مرتبہ اور کرامات سے واقف ہو سکیں۔
- [SLO:I-06-F-26]ان کے اخلاق وصفات اور اشاعتِ اسلام کے لیے ان کی خدمات سے واقفیت حاصل کر سکیں۔
- [SLO:I-06-F-27]تصوف و روحانیت اور تزکیہ نفس کے فروغ میں ان کی خدمات کا جائزہ لے سکیں۔

</td><td>

صلاحیت

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO:I-06-F-28]مذکورہ صوفیائے کرام رحمہم اللہ علیہ کے حالات زندگی سے سبق حاصل کر کے اپنی عملی زندگی میں اچھے اوصاف پیدا کرنے کی کوشش کریں۔

</td></tr>
<tr><td colspan="2">

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: مذکورہ صوفیائے کرام رحمہم اللہ میں سے کسی ایک کی اشاعتِ اسلام کے لیے کی جانے والی کوششوں پر ایک تفصیلی مضمون تحریر کریں گے۔۔/ طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

تکمیلی جانچ: مذکورہ صوفیائے کرام رحمہم اللہ میں سے کسی ایک کے اخلاق وصفات کے حوالے سے مختلف واقعات کی مدد سے ایک پیراگراف تحریر کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

</td></tr>
<tr><td colspan="2">

مجوّزہ سرگرمیاں

</td></tr>
</table>

- مذکورہ مذکورہ صوفیائے کرام رحمھم اللہ کے مختصر حالاتِ زندگی پر مشتمل معلوماتی چارٹ بنائیں جس میں ان کے نام، القابات، ولدیت، پیدائش، عمر، تصانیف اور وفات وغیرہ شامل ہوں۔
- مذکورہ مذکورہ صوفیائے کرام رحمھم اللہ کی حالات زندگی اور تعلیمات پر کمرا جماعت میں مکالمہ کریں۔

ہ۔ علماء و مفکرین (حضرت امام جعفر صادق، امام ابو حنیفہ اور امام مالک رحمہم اللہ)

حاصل تعلّم

- حضرت امام جعفر صادق، امام ابو حنیفہ اور امام مالک رحمہم اللہ کے مختصر حالاتِ زندگی اور مقام و مرتبے سے واقف ہو کر ان کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-F-29]مذکورہ شخصیات رحمہم اللہ کی مختصر حالات زندگی، مقام و مرتبہ اور امتیازی خصوصیات سے واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-06-F-30]مذکورہ شخصیات رحمہم اللہ کے اخلاق وصفات اور علمی و فقہی کارناموں کی اہمیت جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-F-31]ان کے اخلاق وصفات اور اشاعتِ اسلام کے لیے ان کی خدمات سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-06-F-32]تصوف و روحانیت اور تزکیہ نفس کے فروغ میں ان کی خدمات کا جائزہ لے سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-F-33]مذکورہ شخصیات رحمہم اللہ کے اعلیٰ افکار و کردار کے مختلف پہلوؤں سے واقفیت حاصل کر کے اپنی زندگیوں کو ان کے مطابق ڈھالیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: مذکورہ شخصیات رحمہم اللہ کے حالات زندگی اور مقام و مرتبہ اپنے الفاظ میں بیان کریں گے۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: مذکورہ شخصیات رحمہم اللہ کی امتیازی خصوصیات پر ایک فہرست تیار کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- طلبہ اساتذہ کی مدد سے مذکورہ شخصیت کی زندگی مثلاً ان کے نام، القاب، پیدائش، تلامذہ، تصانیف، وفات وغیرہ پر مشتمل معلومات حاصل کریں۔
- مذکورہ شخصیت کے علمی، فقہی اور معاشرتی خدمات پر تقریری مقابلہ کروایا جائے۔

و۔ فاتحین

**حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ**

حاصل تعلّم

- حضرت خالد بن ولیدؓ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا تعارف جان سکیں اور ان کی بہادری اور عظمت سے سبق حاصل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-F-34]غلبہ اسلام کے لیے مسلم فاتحین کے کردار سے آگاہ ہو سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:[SLO:I-06-F-38]حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی فتوحات اور کردار کے مختلف پہلوؤں سے واقفیت حاصل کر کے اُن کی قائدانہ صلاحیتوں، بہادری اور عزم و ہمت سے سبق حاصل کر سکیں۔ |

| | |
|---|---|
| | • [SLO:I-06-F-35]حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی حالاتِ زندگی, شجاعت و قیادت اور جہادی کارناموں سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-06-F-36]حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کے لقب سیف اللہ کے بارے میں جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-F-37]معرکوں میں فتح کے لیے نبی کریم صلی اللہ علیہ و علیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے موئے مبارک کی برکت سے آگاہ ہو سکیں۔ |
| مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی فتوحات کے بارے میں معلومات نکات کی صورت میں تحریر کریں گے۔ / طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔<br>تکمیلی جانچ: حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی بہادری کے واقعات میں سے کوئی سے دو واقعات تفصیلاً تحریر کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔ | |
| مجوّزہ سرگرمیاں<br>• جماعت میں حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی فتوحات کے متعلق ذہنی آزمائش کا مقابلہ کروایا جائے۔ | |

## دائرہ کار۔ ۷: اسلامی تعلیمات اور عصر حاضر کے تقاضے [SLO:I-06-G-__]

| | |
|---|---|
| الف۔ انسانی زندگی میں ماحول کی اہمیت<br>حاصل تعلّم<br>• قرآن و سنت کی روشنی میں انسانی زندگی میں ماحول کی اہمیت اور تحفظ کے مختلف پہلوؤں کو سمجھ کر عملی نمونہ پیش کر سکیں۔ | |
| علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-G-01]انسانی زندگی میں ماحول کی اہمیت سے واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-06-G-02]وبائی امراض کے دوران حفاظت سے متعلق اسلامی تعلیمات سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-06-G-03]ماحول کی حفاظت کے مختلف پہلوؤں مثلاً ہوا، پانی اور زمین کی صفائی کی اہمیت کو سمجھ سکیں۔<br>• [SLO:I-06-G-04]ماحول کی حفاظت میں شجر کاری کی اہمیت سے واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-06-G-05]اسلام میں صوتی آلودگی (بے جا شور) کی مذمت کو سمجھ سکیں۔ | صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO:I-06-G-06]روزمرہ زندگی میں ماحول کی حفاظت میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ |
| مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: تاریخِ اسلام سے صوتی آلودگی کی مذمت کے بارے میں کوئی سے دو واقعات تحریر کریں گے۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش<br>تکمیلی جانچ: ماحول کی حفاظت کے طریقوں پر ایک تصویری خاکہ بنائیں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔ | |
| مجوّزہ سرگرمیاں<br>• شجر کاری سے متعلق مستند احادیثِ مبارکہ پر مشتمل چارٹ بنا کر اسکول میں لگائیں۔<br>• طلبہ اپنے گھر، سکول اور محلے میں صفائی اور شجر کاری کے فروغ کی مہم چلائیں۔<br>• طلبہ پانی کے ضیاع سے بچنے کے طریقوں پر مشتمل پوسٹر بنائیں۔ | |

| |
|---|
| • متعدی وبائی امراض اور ماحول کی آلودگی سے بچنے کی تدابیر پر مذاکرہ کروایا جائے۔ |

ب۔ جانوروں کی اہمیت اور ان کے حقوق

حاصل تعلّم

• اسلامی تعلیمات کی روشنی میں جانوروں سے حُسنِ سلوک کے بارے میں جان کر روزمرہ زندگی میں جانوروں کے حقوق کا خیال رکھ سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| • [SLO:I-06-G-07] جانوروں، پرندوں اور حشرات الارض کی مختلف اقسام (فائدہ مند اور نقصان دہ، پالتو اور جنگلی) کے بارے میں جان سکیں۔<br>• [SLO:I-06-G-08] جانوروں پر رحم کے بارے میں اسلامی تعلیمات سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO:I-06-G-09] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے جانوروں، پرندوں وغیرہ کے ساتھ رحم دلی کے بارے میں آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO:I-06-G-10] اہل بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے جانوروں، پرندوں وغیرہ کے ساتھ حُسنِ سلوک کے واقعات کا جائزہ لے سکیں۔ | • [SLO:I-06-G-11] دین اسلام کی روشنی میں روزمرہ زندگی میں جانوروں کے حقوق اور تحفظ کا خیال رکھ سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: جانوروں سے حسن سلوک کے بارے میں سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے کوئی سی دو مثالیں تحریر کریں گے۔۔ / طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

تکمیلی جانچ: جانوروں کی مختلف اقسام کا تصویری خاکہ بنائیں گے۔۔ / معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

• طلبہ اُن جانوروں کی فہرست بنائیں جن کا ذکر قرآن مجید میں ہے۔
• جانوروں کے حقوق کے بارے میں طلبہ مستند احادیثِ مبارکہ تلاش کریں۔
• جانوروں کے ساتھ حُسنِ سلوک سے متعلق طلبہ اپنے ذاتی واقعات ایک دوسرے کو سنائیں۔

# نصابی خاکہ اسلامیات

# (جماعت ہفتم)

# نصابی خاکہ (جماعت ہفتم)

## دائرہ کار۔ا: قرآن مجید و حدیث نبوی صلی اللہ علیہ و علی آلہ واصحابہ وسلم [SLO: I-07-A-__]

<table>
<tr><td colspan="2">

الف۔ ترجمۂ قرآن مجید

حاصل تعلّم

- منتخب سورتوں کے تراجم اور مفاہیم کو سمجھ کر روزمرہ زندگی میں ان تعلیمات پر عمل کر سکیں۔

</td></tr>
<tr><td>

علم

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO: I-07-A-01] منتخب سورتوں (بمطابق ضمیمہ) کے ترجمہ کو سمجھ سکیں۔
- [SLO: I-07-A-02] ان سورتوں کے پس منظر اور ان میں بیان کردہ تعلیمات کا جائزہ لے سکیں۔
- [SLO: I-07-A-03] کلمہ اور اس کی اقسام (اسم، فعل اور حرف) بیان کر سکیں اور منتخب سورتوں کے قرانی الفاظ کی پہچان ان بنیادوں پر کر سکیں۔

</td><td>

صلاحیت

طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:

- [SLO: I-07-A-04] ان سورتوں میں بیان کردہ تعلیمات کو سمجھ کر ان پر عمل کر سکیں۔

</td></tr>
<tr><td>

معاون مواد:

- قرآن مجید میں تکرار سے آنے والے چند الفاظ کی فہرست
- افعال کے مختلف صیغوں کی علامتی پہچان

</td><td></td></tr>
<tr><td colspan="2">

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ:

- مذکورہ سورتوں کے مضامین کا مرکزی خیال بیان کریں گے۔ / مقابلہ ذہنی آزمائش
- مختلف سورتوں میں دیے گئے انبیاء کرام علیہم السلام کے قصص کو کہانی کی صورت میں بیان کریں گے۔

تکمیلی جانچ:

- مذکورہ سورتوں کی مختلف آیات کا ترجمہ کریں گے / معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

</td></tr>
<tr><td colspan="2">

مجوّزہ سرگرمیاں

- طلبہ کو مختلف گروہوں میں تقسیم کرکے ترجمہ قرآن مجید میں پڑھی گئی سورتوں کے اہم نکات کی فہرست بنوائیں۔
- انبیاء کرام علیہم السلام کے قصص سے متعلق چند معلومات تلاش کر کے لائیں اور ہم جماعت ساتھیوں کو بتائیں۔

</td></tr>
</table>

<table>
<tr><td colspan="2">

ب۔ حفظ قرآن

حاصل تعلّم

- درست تلفظ اور تجوید کے قواعد کے مطابق حفظ کر سکیں۔

</td></tr>
<tr><td>علم</td><td>صلاحیت</td></tr>
</table>

| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
|---|---|
| • [SLO: I-07-A-05] سورۃ التین، سورۃ العلق، سورۃ القدر، سورۃ البینۃ کو درست تجوید کے ساتھ حفظ کریں۔ | • [SLO: I-07-A-06] ان سورتوں کو نماز اور نماز کے علاوہ زبانی پڑھیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: ہر ایک سورۃ کی تکمیل کے بعد سورتوں کے درست تلفظ اور ادائیگی کا جائزہ لیا جائے گا۔

تکمیلی جانچ: مذکورہ سورتوں کی تجوید کے قواعد کے مطابق زبانی تلاوت کریں گے۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- تجوید کے اصولوں پر مبنی آڈیو یا ویڈیو ریکارڈنگ طلبہ کو سنوائی جائے اور طلبہ سنتے ہوئے اس کی مشق کریں۔
- طلبہ کو مختلف گروہوں میں تقسیم کر کے ترجمہ قرآن مجید پڑھی گئی سورتوں کے اہم نکات کی فہرست بنوائیں۔
- مسابقہء حسن قراءت کروایا جائے اور بہترین قرائت کرنے والے کی حوصلہ افزائی کی جائے۔

## ج۔ حفظ و ترجمہ

**حاصل تعلّم**

- منتخب قرآنی، مسنون دعائیں اور کلمات مع تراجم حفظ کر سکیں اور عملی زندگی میں پڑھنے کے عادی بن جائیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| • [SLO: I-07-A-07] حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا (القصص آیت:۲۴) | • [SLO: I-07-A-09] دی گئی قرآنی دعاؤں کو یاد کر سکیں، ان کے معنی و مفہوم کو جان سکیں اور ان دعاؤں کو اپنی روزمرہ زندگی بالخصوص نماز میں پڑھ سکیں۔ |
| • [SLO: I-07-A-08] حضرت نوح علیہ السلام کی دعا (سورۃ نوح آیت نمبر ۲۸) مع ترجمہ حفظ کر سکیں۔ | • [SLO: I-07-A-10] مسنون کلمات مع مفہوم یاد کر کے روزمرہ زندگی میں پڑھنے کا معمول بنا سکیں |
| | • [SLO: I-07-A-11] سبحان اللہ وبحمدہ، سبحان اللہ العظیم |
| | • [SLO: I-07-A-12] یاحی یاقیم برحمتک استغیث |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: وقتاً فوقتاً چیک لسٹ کی صورت میں مذکورہ دعاؤں کا جائزہ لیا جائے گا۔

تکمیلی جانچ: مذکورہ دعائیں اور چھٹا کلمہ درست تلفظ اور تجوید کے قواعد کے مطابق زبانی پڑھیں گے۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- طلبہ دی گئی دعائیں اور کلمات کی خطاطی (کیلیگرافی) کریں اور کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔
- طلبہ متعلقہ مواقع پر دعائیں پڑھنے کا عملی مظاہرہ کریں۔
- طلبہ کے درمیان دُعائیں، مسنون کلمات اور اُن کا ترجمہ سننے کی مشق اور مسابقہ کروایا جائے جس میں صحتِ تلفظ کا اہتمام ہو۔

## د۔ حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم

**حاصل تعلّم**

- منتخب احادیث مع ترجمہ سمجھ کر پڑھ سکیں اور ان کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| • [SLO: I-07-A-13] سات مستند احادیث مبارکہ (بمطابق ضمیمہ) مع ترجمہ سمجھ کر پڑھیں۔ | • [SLO: I-07-A-14] روز مرہ زندگی میں ان احادیث مبارکہ کی تعلیمات پر عمل کریں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: بذریعہ معروضی سوالات ہر حدیث کی تکمیل کے بعد طلبہ کے فہم کا جائزہ لیا جائے گا۔۔/ طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

تکمیلی جانچ: منتخب احادیث کے مرکزی مضامین کا تحریری ٹیسٹ لیا جائے گا۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- طلبہ اپنا جائزہ لیں کہ وہ دی گئی احادیث مبارکہ کی تعلیمات میں سے کن کن پر عمل کرتے ہیں، فہرست بنائیں۔
- طلبہ کے درمیان احادیث مبارکہ کی بنیادی تعلیمات پر گفتگو کروائی جائے۔

ہ۔ دعائیں (زبانی)

**حاصل تعلّم**

- منتخب دعاؤں کو درست تلفظ کے ساتھ حفظ کر سکیں اور روز مرہ زندگی میں موقع کی مناسبت سے پڑھنے کے عادی بن سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| • [SLO: I-07-A-15] منتخب دعاؤں کو درست تجوید کے مطابق حفظ کریں۔<br>• [SLO: I-07-A-16] شیطانی وسوسوں سے بچنے کی دعا<br>رَبِّ اَعُوذُبِکَ مِنۡ ھَمَزٰتِ الشَّیٰطِینِ ۙ وَاَعُوذُبِکَ رَبِّ اَنۡ یَّحۡضُرُونِ<br>• [SLO: I-07-A-17] آئینہ دیکھنے کی دعا<br>اَللّٰھُمَّ اَنۡتَ حَسَّنۡتَ خَلۡقِي فَحَسِّنۡ خُلُقِي<br>• [SLO: I-07-A-18] نظر بد سے بچنے کی دعا<br>• [SLO: I-07-A-19] اَعُوذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّاتِ مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ<br>• [SLO: I-07-A-20] 12 اسمائے حسنیٰ مع معانی پڑھ سکیں۔ (**اَلۡکَبِیۡرُ**) بہت بڑا (**اَلۡحَفِیۡظُ**) محافظ و نگہبان (**اَلۡمُقِیۡتُ**) قوت دینے والا اور روزی عطا کرنے والا (**اَلۡحَسِیۡبُ**) جمیع امور میں کفایت کرنے والا ہر چیز کا حساب رکھنے والا (**اَلۡجَلِیۡلُ**) بلند مرتبہ اور بزرگی والا (**اَلۡکَرِیۡمُ** (بہت کرم کرنے والا) الرَّقِیۡبُ (بڑا نگہبان) **اَلۡمُجِیۡبُ**) ہر ایک کی دعا کو قبول کرنے والا (**اَلۡوَاسِعُ**) وسعت و فراخی عطا کرنے والا (**اَلۡحَکِیۡمُ**) حکمت و تدبر والا (**اَلۡوَدُوۡدُ**) بہت محبت | • [SLO: I-07-A-21] مذکورہ مسنون دعاؤں کو مع ترجمہ یاد کر کے اپنی روز مرہ زندگی میں پڑھنے کے عادی ہو سکیں۔ |

| | |
|---|---|
| کرنے والا( **اَلْمَجِیْدُ** )عالی مرتبت اور بزرگی والا( **اَلْبَاعِثُ** )موت کے بعد زندگی عطا کرنے والا | |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: مذکورہ دعاؤں کی فضیلت واہمیت کے بارے میں بذریعہ سوالات جائزہ لیا جائے گا۔ / مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: مذکورہ دعائیں درست تلفظ اور تجوید کے قواعد کے مطابق زبانی پڑھیں گے۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- مذکورہ دعاؤں کا چارٹ بنا کر کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔
- طلبہ دی گئی دعاؤں کی اہمیت اور فضیلت کے بارے میں آپس میں گفتگو کریں۔
- طلبہ کے درمیان مسنون دُعائیں مع ترجمہ سننے کی مشق اور مسابقہ کروایا جائے جس میں صحتِ تلفظ کا اہتمام ہو۔
- مذکورہ دعاؤں سے متعلق پوسٹر بنائے جائیں۔

## دائرہ کار۔۲: ایمانیات وعبادات [SLO: I-07-B-__]

### الف۔ ایمانیات

**الف۔ عقیدہ ختمِ نبوت**

**حاصل تعلّم**

- عقیدہ ختمِ نبوت کے تقاضوں کی اہمیت اور اس کے تحفظ کے بارے میں جان کر عملی زندگی میں اپنا کردار ادا کرسکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ قرآن وسنت کی روشنی میں: | طلبہ اس قابل ہوسکیں گے کہ رآن وسنت کی روشنی میں: |
| • [SLO: I-07-B-01] ختمِ نبوت کے معنی ومفہوم جان سکیں۔ | • [SLO: I-07-B-04] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم کو آخری نبی مانتے ہوئے اس عقیدے کو مضبوط کرسکیں۔ |
| • [SLO: I-07-B-02] اس بات سے واقف ہوسکیں کہ عقیدہ، ختمِ نبوت نبی کریم صلی اللہ علیہ والی الہ واصحابہ وسلم کی رسالت کی اہم خصوصیت ہے۔ | • [SLO: I-07-B-05] یہ پختہ یقین کرسکیں نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم کی لائی ہوئی شریعت آخری، تکمیلی اور جامع شریعت ہے جس کی بدولت گزشتہ تمام شریعتیں منسوخ ہوچکی ہیں۔ |
| • [SLO: I-07-B-03] یہ بات سمجھ سکیں کہ ختمِ نبوت نبی کریم صلی اللہ علیہ والی الہ واصحابہ وسلم کا منکر دائرہ اسلام سے مکمل طور پر خارج ہے۔ | • [SLO: I-07-B-06] عقیدۂ ختمِ نبوت کے تحفظ کے لیے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کے کردار کا جائزہ لے۔ |
| | • [SLO: I-07-B-07] عقیدہ ختمِ نبوت اور اس کے تقاضے پورے کرتے ہوئے مبلغ اسلام بن سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: عقیدہ ختمِ نبوت کے تحفظ کیلئے اپنی تجاویز پیش کریں گے۔ / مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: عقیدہ ختمِ نبوت کے تحفظ کیلئے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی کوششوں کے بارے میں بذریعہ تفصیلی مضمون / معروضی سوالات جائزہ لیا جائے گا۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- ختم نبوت کے موضوع پر قرآن مجید کی آیت کریمہ اور دو مستند احادیث مبارکہ مع ترجمہ تلاش کر کے لکھیں، اس کا چارٹ بھی بنوایا جائے۔
- سورۃ احزاب کی آیت نمبر چالیس مع ترجمہ یاد کروائی جائے۔
- عقیدہ ختم نبوت کے عنوان پر تقریری مقابلہ کرایا جائے۔

ب۔ فرشتوں پر ایمان

حاصل تعلّم

- فرشتوں کے تصور، تخلیق اور صفات کے بارے میں تفصیلی معلومات حاصل کر سکیں

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن و سنت کی روشنی میں: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| • [SLO: I-07-B-08] فرشتوں کے تصور اور اُن کی تخلیق کے مقصد سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-07-B-09] یہ سمجھ سکیں کہ فرشتوں پر ایمان لانا اسلام کے بنیادی عقائد کا جزو لازم ہے۔<br>• [SLO: I-07-B-10] فرشتوں کی صفات خصوصاً معصوم عن الخطا ہونے کے بارے میں آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO: I-07-B-11] قرآن و سنت میں مذکور چند فرشتوں کے ناموں اور اُن کی ذمہ داریوں (مثلاً کراماً کاتبین وغیرہ) کو جان سکیں۔<br>• [SLO: I-07-B-12] یہ سمجھ سکیں کہ اللہ تعالیٰ کی ذات اپنے احکام کی انجام دہی کے لیے فرشتوں سمیت کسی بھی مخلوق کی محتاج نہیں ہے۔ | • [SLO: I-07-B-13] اللہ تعالیٰ کی نوری مخلوق فرشتوں پر ایمان پختہ کرتے ہوئے اپنی عملی زندگی میں ان کے ادب و احترام کو ملحوظِ خاطر رکھتے ہوئے اُن کے متعلق تعظیمی رویہ اختیار کر سکیں۔<br>• [SLO: I-07-B-14] یہ بیان کر سکیں کہ فرشتوں کے وجود کا انکار، توہین اور تمسخر اڑانا ایمان کے منافی ہے۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: قرآن میں مذکورہ فرشتوں کے نام پڑھ کر ان کی ذمہ داریاں فہرست کی صورت میں تحریر کریں گے۔۔/ طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

تکمیلی جانچ: فرشتوں سے متعلق قرآن پاک کی ایک آیت مع ترجمہ حوالے کے ساتھ تحریر کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوزہ سرگرمیاں

- چند آیاتِ قرآنی کی فہرست (سورۃ کا نام اور آیت نمبر) بنائیں جن میں فرشتوں کا ذکر ہو۔
- قرآن و سنت میں مذکورہ چند فرشتوں کے نام اور ان کی ذمہ داریوں پر مشتمل فہرست بنائیں۔

ج۔ آسمانی کتابوں پر ایمان

حاصل تعلّم

- قرآن و سنت کی روشنی میں آسمانی کتب اور صحائف کے نزول کا مقصد جان کر ایمان پختہ کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن و سنت کی روشنی میں: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |

| | |
|---|---|
| • [SLO: I-07-B-15] اس بات کو سمجھ کر ایمان پختہ کریں کہ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی رہنمائی کے لیے اپنے رسولوں پر الہامی کتب اور صحائف نازل کیے ہیں۔<br>• [SLO: I-07-B-16] آسمانی کتب اور صحائف میں فرق اور اُن کے نزول کا مقصد جان سکیں۔<br>• [SLO: I-07-B-17] یہ سمجھ سکیں کہ قرآن مجید ہی اللہ تعالیٰ کی وہ واحد اور آخری کتاب ہے جو ہر قسم کی تحریف سے محفوظ ہے۔<br>• [SLO: I-07-B-18] قرآن مجید کی خصوصیات اور اس کی اعجازی شان سے واقف ہو سکیں۔ | • [SLO: I-07-B-19] تمام آسمانی کتب پر ایمان رکھیں اور الہامی کتب میں صرف قرآن مجید کو ہی مکمل ضابطۂ حیات سمجھتے ہوئے اس کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو سکیں۔ |
| مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: آسمانی کتب اور صحائف میں فرق بیان کریں گے۔۔ / مقابلہ ذہنی آزمائش<br>تکمیلی جانچ: قرآن کا اعجاز کیا ہے؟ تفصیلاً تحریر کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔ | |
| مجوّزہ سرگرمیاں<br>• طلبہ ترتیبِ زمانی سے الہامی کتب اور جن انبیائے کرام علیہم السلام پر یہ کتب نازل ہوئیں اُن کے ناموں پر مشتمل چارٹ بنائیں۔<br>• چند انبیائے کرام علیہم السلام کے ناموں کی فہرست بنائیں جن پر صحائف نازل کیے گئے۔<br>• قرآن مجید کی حفاظت سے متعلق آیتِ کریمہ (سورہ الحجر) مع ترجمہ یاد کروائیں۔ | |

## ب۔ عبادات

| | |
|---|---|
| الف۔ روزہ اور اس کی فضیلت<br>حاصل تعلّم<br>• روزے کے احکام، اہمیت و فضیلت اور ماہِ رمضان کی فضیلت سے آگاہ ہو سکیں اور عملی زندگی میں تقویٰ اختیار کر سکیں۔ | |
| علم<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن وحدیث کی روشنی میں:<br>• [SLO: I-07-B-20] روزہ کا معنی و مفہوم اور مقصد (تقوی) جان سکیں۔<br>• [SLO: I-07-B-21] روزہ کی اہمیت و فضیلت سمجھ سکیں۔<br>• [SLO: I-07-B-22] روزہ کے احکام و آداب سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO: I-07-B-23} ماہِ رمضان میں بدنی و مالی عبادات بالخصوص تلاوتِ قرآن مجید، قیام اللیل (تراویح)، شبِ قدر، اعتکاف کرنے، سحری کرنے، افطار کروانے اور صدقہ و خیرات کی فضیلت کو سمجھ سکیں۔ | صلاحیت<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-B-24] ماہِ رمضان میں نبی کریم کے معمولات سے واقفیت حاصل کر کے اپنی عملی زندگی کا حصہ بنا سکیں۔<br>• [SLO: I-07-B-25] روزے سے حاصل ہونے والے روحانی، جسمانی اور معاشرتی فوائد کا جائزہ لے سکیں۔<br>• [SLO: I-07-B-26] مکمل دینی آداب کے ساتھ روزہ رکھنے والے اور عملی زندگی میں تقویٰ اختیار کرنے والے بن سکیں۔ |
| مجوّزہ جانچ<br>تشکیلی جانچ: ماہِ رمضان کی جانے والی بدنی اور مالی عبادات کی فہرست کالم کی صورت میں بنائیں گے۔۔۔ / طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔ | |

| |
|---|
| تکمیلی جانچ: "روزہ کا اہم ترین تقوی کا حصول ہے۔" تقویٰ کے بارے میں قرآن و حدیث سے مثالیں تحریر کریں گے۔۔ / معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔ |
| **مجوّزہ سرگرمیاں**<br>• ماہِ رمضان کا آغاز ہوتے ہی اس کے آداب و احکام اسمبلی میں بتائے جائیں۔<br>• رمضان المبارک میں کیے جانے والے مسنون کاموں کی فہرست بنوائیں<br>• حدیث مبارک کی روشنی میں شب قدر کی دعا یاد کرائی جائے۔<br>• رمضان المبارک کی برکات و ثمرات حاصل نہ ہونے کی وجوہات پر مذاکرہ کروایا جائے۔ |

| | |
|---|---|
| **ب۔ نمازِ جنازہ اور دیگر نمازیں**<br>**حاصل تعلّم**<br>• نمازِ جنازہ اور دیگر مذکورہ نماز کی فضیلت سے آگاہ ہو کر عبادت کرنے کی عادت اپنا سکیں۔ | |
| **علم**<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-B-27] نمازِ جنازہ کی اہمیت و فضیلت کو جان سکیں۔<br>• [SLO: I-07-B-28] نمازِ جنازہ کے احکام و آداب سے آگاہی حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO: I-07-B-29] تعزیت اور قبرستان کے آداب سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-07-B-30] خسوف و کسوف کی نمازوں کے متعلق جان سکیں۔ | **صلاحیت**<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-B-31] نمازِ جنازہ کے معاشرتی اثرات کا جائزہ لے سکیں۔<br>• [SLO: I-07-B-32] تہجد، اشراق، چاشت، اوابین، استسقاء تحیۃ الوضوء، تحیۃ المسجد اور حاجات کی نمازوں اور اُن کی فضیلت جانتے ہوئے انھیں پڑھنے کا اہتمام کریں۔<br>• [SLO: I-07-B-33] مختلف عبادات ادا کر کے اللہ تعالیٰ کا قرب اور خوشنودی حاصل کریں۔ |
| **مجوّزہ جانچ**<br>تشکیلی جانچ: تہجد، اشراق، چاشت، اوابین، استسقاء، تحیۃ الوضو، تحیۃ المسجد، حاجات خسوف اور کسوق کی نمازوں کے اوقات اور فضیلت مختصراً تحریر کریں گے۔۔ / مقابلہ ذہنی آزمائش<br>تکمیلی جانچ: نمازِ جنازہ کے احکام و آداب اور اہمیت و فضیلت کا بذریعہ معروضی سوالات جائزہ لیا جائے گا۔۔ / موضوعی سوالات تحریر کریں۔ | |
| **مجوّزہ سرگرمیاں**<br>• نمازِ جنازہ اور دیگر مذکور نمازوں کا طریقہ اور اُن میں پڑھی جانے والی دُعائیں اپنے گھر سے سیکھیں۔<br>• مسنون اور نفلی نمازوں کی رکعات اور اُن کے اوقات کی فہرست بنائیں۔<br>• سجدہ سہو اور سجدہ تلاوت کے احکامات گھر یا مسجد سے سیکھیں۔ | |

| | |
|---|---|
| **ج۔ دعا کی اہمیت و فضیلت**<br>**حاصل تعلّم**<br>• دعا کی فضیلت و اہمیت اور قبولیتِ دعا کی مختلف صورتوں سے آگاہ ہو کر دعا مانگنے کے عادی بن سکیں۔ | |
| **علم**<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن و سنت کی روشنی میں:<br>• [SLO: I-07-B-34] دعا کے لغوی اور اصطلاحی معنی جان سکیں۔<br>• [SLO: I-07-B-35] دعا کی فضیلت و اہمیت سے آگاہ ہوں سکیں۔ | **صلاحیت**<br>طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-B-38] قبولیت کا یقین رکھتے ہوئے ہر حال میں اللہ تعالیٰ سے دعا مانگنے کی عادت کو اپنائیں۔ |

| | |
|---|---|
| • [SLO: I-07-B-36] دعا کی قبولیت میں حمد و ثنا اور درود شریف کی فضیلت و اہمیت سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO: I-07-B-37] دعا کے آداب، قبولیت دعا کے مواقع اور دعا کی قبولیت کی مختلف صورتوں سے آگاہ ہو سکیں۔ | |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: دعا کی قبولیت کی مختلف صورتوں کا نکات کی صورت میں جائزہ لیا جائے گا۔

تکمیلی جانچ: دعا کے لغوی و اصطلاحی معنی اور دعا کی قبولیت میں درود شریف کی فضیلت تحریر کریں گے۔۔ / معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- دُعا کی فضیلت سمجھتے ہوئے اپنی دُعا کے قبول ہونے کا کوئی واقعہ سنائیں۔
- روزمرہ زندگی میں مختلف مواقع کی مسنون دعاؤں کو یاد کر کے پڑھنے کو اپنا معمول بنائیں۔
- طلبہ کو قرآن مجید و احادیث مبارکہ کی مدد سے آگاہ کیا جائے کہ حرام کمائی و خوراک دُعا کی قبولیت میں اہم رکاوٹ ہے۔
- طلبہ قبولیتِ دُعا کے اہم مواقع کی فہرست بنائیں۔

## دائرہ کار۔۳: سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ آلہ واصحابہ وسلم [SLO: I-07-C-__]

**الف۔ عہد نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے ماہ و سال (مدنی دور)**

**نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم اور مدنی معاشرے کا استحکام**

**حاصل تعلّم**

- مدنی معاشرے کے مسائل، مشکلات اور ان کے حل کے لیے نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے اقدامات کے بارے میں جان سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| • [SLO: I-07-C-01] منافقین (رئیس المنافقین عبد اللہ بن ابی سلول وغیرہ) اور ان کے مکروہ کردار اور سازشوں کے متعلق جان سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-02] مدینہ منورہ میں یہود کے تین بڑے قبائل (بنو نضیر، بنو قینقاع، بنو قریظہ) کی سازشوں کے متعلق آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-03] غزوہ بنو قینقاع اور بنو نضیر کے اسباب اور مختصر واقعات جان سکیں۔ | • [SLO: I-07-C-04] یہود کی سازشوں اور ان کے سدباب کے لیے نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے اقدامات کا جائزہ لے سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-05] ان غزوات کے نتائج کا جائزہ لے کر اپنی عملی زندگی کے لیے سبق حاصل کر سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: بنو نضیر، قینقاع اور بنو قریظہ کی سازشوں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے اقدامات مختصراً تحریر کریں گے۔۔ / مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: غزوہ بنو قینقاع اور بنو نضیر کے اسباب اور نتائج نکات کی صورت میں تحریر کریں گے۔۔ / معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- اساتذہ کی مدد سے قرآن و حدیث میں مذکور منافقین کی چند صفات و علامات پر مذاکرہ کریں۔
- یہود کے نمایاں قبائل اور اُن کے سرداروں کے ناموں پر مبنی چارٹ بنائیں۔ منافقت کے ذاتی نقصانات کا جائزہ لیں۔

**الف۔ عہد نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے ماہ و سال (مدنی دور)**

**غزوہ خندق**

**حاصل تعلّم**

- غزوہ خندق کے بارے میں تفصیلی معلومات سے واقفیت حاصل کر سکیں اور عملی زندگی میں رہنمائی حاصل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
| --- | --- |
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-C-06] غزوہ خندق کے پس منظر اور اسباب سے آگاہ ہو سکیں۔ (منافقین اور یہود کا کردار)<br>• [SLO: I-07-C-07] غزوہ خندق میں رونما ہونے والے واقعات و معجزات خاص طور پر حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کی شجاعت کے بارے میں آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-08] غزوہ خندق کے سلسلے میں ہونے والی مشاورت (حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ) اور جنگی تیاریوں کے بارے میں جان سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-09] غزوہ خندق میں خواتین کے کردار (مثلاً حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا) کے متعلق جان سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-10] غزوہ خندق کے نتائج و اثرات کا جائزہ لے سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-C-11] غزوہ خندق کی کامیابی کے باعث مسلمانوں کو حاصل ہونے والے دینی، معاشی اور سیاسی فوائد کا جائزہ لے سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-12] غزوہ خندق سے اپنی زندگی کے لیے عملی نکات حاصل کر سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: غزوہ خندق میں رونما ہونے والے معجزات کو کہانی صورت میں بیان کریں گے۔۔ / مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: غزوہ خندق کا پس منظر، اسباب اور نتائج کا بذریعہ معروضی سوالات جائزہ لیا جائے گا / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- طلبہ کو نقشے یا گوگل میپ وغیرہ کی مدد سے غزوہ خندق کا جغرافیائی محل وقوع سمجھایا جائے۔
- غزوہ خندق کے متعلق ایک معلوماتی پوسٹر بنوائیں۔
- غزوہ خندق میں حضرت سلمان فارسی، حضرت صفیہ اور حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے کردار کے متعلق مذاکرہ کرایا جائے۔

**الف۔ عہد نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے ماہ و سال (مدنی دور)**

**غزوہ بنو قریظہ**

**حاصل تعلّم**

- غزوہ بنو قریظہ کے اسباب اور دیگر واقعات کے بارے میں مختصراً جان سکیں اور یہود کے ساتھ ہونے والی مہمات کے نتیجے میں حاصل ہونے والے فوائد کا جائزہ لے سکیں۔

| علم | صلاحیت |
| --- | --- |
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-C-13] غزوہ بنو قریظہ کے اسباب (یہود کی بدعہدی وغیرہ) کے متعلق جان سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-C-17] یہود کے ساتھ ہونے والی مہمات کے نتیجے میں مسلمانوں کو حاصل ہونے والے دینی، معاشی اور سیاسی فوائد کا جائزہ لے سکیں۔ |

| | |
|---|---|
| • [SLO: I-07-C-14] غزوہ بنو قریظہ کے واقعات کے بارے میں مختصر اواقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-15] غزوہ قریظہ میں حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے کردار کی اہمیت جان سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-16] غزوہ بنو قریظہ کے نتائج کا جائزہ لے سکیں۔ | • [SLO: I-07-C-18] یہود کے ساتھ ہونے والی مہمات کے نتائج سے عملی نکات (تحمل، معاملہ فہمی وغیرہ) جان کر انھیں اپنی عملی زندگی کا حصہ بنا سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: غزوہ بنو قریظہ کے اسباب اور واقعات مختصراً بیان کریں گے۔۔۔/ طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

تکمیلی جانچ: غزوہ بنو قریظہ میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے کردار پر تفصیلی مضمون تحریر کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- غزوہ بنو قریظہ کے متعلق قرآن مجید کی آیت پڑھائی جائے۔
- ۵ ہجری تک ہونے والے غزوات کی زمانی ترتیب کے ساتھ فہرست بنوائیں۔

الف۔ عہد نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے ماہ وسال (مدنی دور)

صلح حدیبیہ

حاصل تعلّم

- صلح حدیبیہ سے متعلق تفصیلی معلومات سے آگاہ ہو سکیں اور عملی زندگی میں رہنمائی حاصل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| • [SLO: I-07-C-19] صلح حدیبیہ کے پس منظر اور اسباب کے بارے میں جان سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-20] صلح حدیبیہ کے واقعات و معجزات سے آگاہ ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-21] بیعت رضوان اور اس کے پس منظر سے واقف ہو کر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی عظمت بیان کر سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-22] معاہدہ صلح حدیبیہ کی تحریر کے تناظر میں حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ کے ادبِ رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے بارے میں جان سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-23] حضرت ابو جندل رضی اللہ عنہ کے واقعہ کے تناظر میں ایفائے عہد کی اہمیت سمجھ سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-24] صلح حدیبیہ میں حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے کردار کا جائزہ لے سکیں۔ | • [SLO: I-07-C-25] صلح حدیبیہ کی شرائط جان کر ان کا تنقیدی جائزہ لے سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-26] صلح حدیبیہ کے مثبت نتائج کے باعث مسلمانوں کو حاصل ہونے والے دینی، معاشی اور سیاسی فوائد کا جائزہ لیتے ہوئے اپنی عملی زندگی کے لئے عملی نکات حاصل کر سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: صلح حدیبیہ کا پس منظر، اسباب اور معجزات اپنے الفاظ میں بیان کریں گے۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: بیعت رضوان کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ایک پیراگراف کی صورت میں تحریر کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور حضرت ابو جندل رضی اللہ عنہ کے واقعات ہم جماعت ساتھیوں کو سنائیں۔
- صلح حدیبیہ کے متعلق ذہنی آزمائش کا مقابلہ کرایا جائے۔
- طلبہ کے درمیان صلح کرانے کے متعلق ایک خاکہ تیار کرایا جائے۔

الف۔ عہد نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے ماہ و سال (مدنی دور)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی تعلیمی سرگرمیاں

حاصل تعلّم

- معلم انسانیت رسول کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی مسجد نبوی میں تعلیمی سرگرمیوں کے واقعات سے متعارف ہو سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-C-27] معلم انسانیت رسول کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے تعلیم و تربیت کے اسلوب کو جان سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-28] حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شخصیت، خدمات اور تعلیمی سرگرمیوں سے واقفیت حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-29] مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم میں اسلام کی پہلی درسگاہ "صُفّہ"، اس کے قیام کے مقصد اور تعلیمی و تربیتی سرگرمیوں (مثلاً قرآن، حدیث، تزکیہ نفس، زبانوں کا سیکھنا) سے واقف ہو سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-C-30] سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی روشنی میں تعلیمی اور تربیتی سرگرمیوں کے واقعات کو سمجھ کر عملی زندگی میں تعلیم کے فروغ میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم میں اسلام کی پہلی درسگاہ "صُفّہ"، اس کے قیام کے مقصد اور تعلیمی و تربیتی سرگرمیوں کے بارے میں نوٹ لکھیں۔

تکمیلی جانچ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی تعلیمی اور تربیتی سرگرمیوں کو واقعات کی صورت میں تحریر کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- اساتذہ کرام حضرت ارقم رضی اللہ عنہ کے گھر میں قائم تعلیمی درسگاہ کے متعلق طلبہ کو آگاہ کریں۔
- طلبہ اصحابِ صفہ (خصوصاً مختلف شعبوں میں نمایاں خدمات انجام دینے والے) چند صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ناموں کی فہرست بنائیں۔
- چند کاتبین وحی رضی اللہ عنہم کے اسمائے گرامی، ولدیت، پیدائش ولقب، عمر، مروی احادیث کی تعداد، وفات پر مشتمل چارٹ بنوائیں۔
- مسلمانوں کو لکھنا پڑھنا سکھانے کو بدر کے قیدیوں کا فدیہ مقرر کرنے سے علم کی اہمیت کے بارے میں طلبہ جماعت میں تبادلہِ خیال کریں۔

الف۔ عہد نبوی صلاللہ علیہ آلہ واصحابہ وسلم کے ماہ و سال (مدنی دور)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم بطور داعی امن

حاصل تعلّم

| |
|---|
| • اسلام میں امن و سلامتی کی اہمیت اور قیام امن کے لیے حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حکمت عملی سے واقف ہو سکیں اور اپنی عملی زندگی میں امن کا مظاہرہ کر سکیں۔ |

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| • [SLO: I-07-C-31] اسلام میں امن و سلامتی کی اہمیت کے بارے میں شعور حاصل کر سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-32] اس بات سے واقف ہو سکیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی ذات گرامی امن و سلامتی کا محور ہے۔<br>• [SLO: I-07-C-33] قیام امن کے لیے حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حکمت عملی سے واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-34] سیرتِ نبوی سے قیام امن کے لیے کیے گئے اقدامات کی چند مثالیں جان سکیں۔ | • [SLO: I-07-C-35] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سیرت طیبہ کو مشعل راہ سمجھ کر اپنی عملی زندگی میں امن و سلامتی کا مظاہرہ کر سکیں۔ |

**مجوّزہ جانچ**

تشکیلی جانچ: اسلام میں امن و سلامتی کے موضوع پر ایک آیت اور ایک حدیث تحریر کریں گے۔۔ / مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: امن کے قیام کے لئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حکمت عملی پر ایک پیراگراف تحریر کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- صلح حدیبیہ میں رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی امن پالیسی کے تناظر میں امن و سلامتی کی اہمیت پر مذاکرہ کرایا جائے۔
- نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے قیام امن کے لیے کیے جانے والے چند معاہدوں کی فہرست بنائیں۔

**ب۔ اسوہ رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم اور ہماری عملی زندگی**

**حضرت محمد صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کا صبر و شکر**

**حاصل تعلّم**

- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین کی مکی و مدنی زندگی سے صبر و شکر کے واقعات جان کر اپنی عملی زندگی میں ان عظیم صفات کو شامل کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| • [SLO: I-07-C-36] صبر و شکر کی فضیلت اور اہمیت سے واقف ہو سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-37] سیرت طیبہ (مکی اور مدنی زندگی) سے صبر کے مختلف واقعات جان سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-38] سیرتِ طیبہ (مکی اور مدنی زندگی) سے شُکر کے مختلف واقعات جان سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-39] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سیرت طیبہ میں اہل بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو صبر و شکر کی ترغیب و تلقین کے واقعات کی اہمیت جان سکیں۔ | • [SLO: I-07-C-40] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے اسوہ حسنہ کی روشنی میں صبر و شکر جیسی عظیم صفات کو اپنی عملی زندگی میں شامل کر سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-41] صبر و شکر جیسی صفات کو روزمرہ زندگی میں اپنا کر معاشرے کو امن و سلامتی کا گہوارہ بنا سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: غم وخوشی کے موقع پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کا طرز عمل کیا تھا؟ مثالوں کی مدد سے واضح کریں گے۔۔۔ / طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

تکمیلی جانچ: صبر وشکر کے معاشرے پر اثرات و قواعد کا تفصیلی جائزہ لیا جائے گا۔۔ / معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- صبر وشکر کے متعلق دو آیات کریمہ اور دو مستند احادیثِ مبارکہ مع ترجمہ تلاش کر کے لکھیں۔
- طلبہ اپنی عملی زندگی میں صبر وشکر کا کوئی واقعہ سنائیں۔
- غم وخوشی کے مواقع پر صبر وشکر کی مختلف صورتوں کی فہرست بنوائی جائے۔

ب۔ اسوہ رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم اور ہماری عملی زندگی

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کا سادہ طرز زندگی اور قناعت

حاصل تعلّم

- نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سیرت طیبہ سے سادگی و قناعت کی مثالیں جان کر عملی زندگی میں نمونہ پیش کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| • [SLO: I-07-C-42] سادگی، قناعت اور فضیلت کا مفہوم بیان کر سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-43] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سیرت طیبہ سے سادگی اور قناعت کی مثالوں سے اہم نکات اخذ کر سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-44] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سیرت میں اہل بیت اطہار، خلفائے راشدین اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو سادگی و قناعت کی ترغیب و تلقین سے متعلق واقعات کا جائزہ لے سکیں۔ | • [SLO: I-07-C-45] اسوۂ حسنہ کی روشنی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے سادہ طرز زندگی اور قناعت کو سمجھ کر اپنی عملی زندگی میں شامل کر سکیں۔<br>• [SLO: I-07-C-46] سادگی اور قناعت جیسی صفات کو روزمرہ زندگی میں اپنا کر معاشرے میں اعتدال قائم کرنے کا ذریعہ بن سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی زندگی سے سادگی اور قناعت کی کوئی سی دو مثالیں تحریر کریں گے۔۔ / مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: سادگی اور قناعت کی مدد سے معاشرے میں اعتدال کیسے قائم رکھا جائے مختصراً تحریر کریں گے۔۔ / معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- سادگی اور قناعت کے متعلق دو مستند احادیثِ مبارکہ تلاش کر کے لکھیں۔
- طلبہ سے روزمرہ زندگی میں سادگی اور قناعت کی عملی صورتوں (کھانا، پینا، لباس وغیرہ) پر مشتمل فہرست بنوائی جائیں۔

ب۔ اسوہ رسول صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم اور ہماری عملی زندگی

حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ عَلَیْہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم کا انداز گفتگو

حاصل تعلّم

- اسوۂ حسنہ کی روشنی میں آداب گفتگو جان کر ان آداب پر عمل کر کے اپنی روزمرہ زندگی میں عملی نمونہ پیش کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|

| | |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-C-47] اسوہ حسنہ کی روشنی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے آداب گفتگو سے واقفیت حاصل کریں۔<br>• [SLO: I-07-C-48] سیرت طیبہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ و اصحابہ وسلم کے فصیح و بلیغ انداز گفتگو کی نمایاں مثالیں بیان کریں۔<br>• [SLO: I-07-C-49] تعلیم و تربیت میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے انداز گفتگو کو جانیں۔<br>• [SLO: I-07-C-50] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی سیرت طیبہ سے لوگوں بشمول سامعین کی ذہنی سطح کا خیال رکھتے ہوئے ان سے گفتگو کرنے اور ان کی بات کو توجہ سے سننے کے بارے میں جانیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-C-51] نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے عمدہ انداز گفتگو کو روزمرہ زندگی میں اپنائیں۔<br>• [SLO: I-07-C-52] ان آداب پر عمل کر کے اپنی روزمرہ زندگی میں سلیقے، شائستگی اور نرم مزاجی سے گفتگو کریں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: رسول اللہ کے فصیح و بلیغ اندازِ گفتگو کی کوئی سی دو مثالیں تحریر کریں گے۔

تکمیلی جانچ: قرآن و سنت کی روشنی میں آدابِ گفتگو ایک فہرست کی صورت میں تحریر کریں گے۔۔/معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- گفتگو کے آداب پر آیات کریمہ اور مستند احادیثِ مبارکہ مع ترجمہ تلاش کر کے لکھیں۔
- طلبہ سے گفتگو کے آداب پر مشتمل چارٹ بنوا کر کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔
- طلبہ سے جماعت میں مکالمہ کروایا جائے جس میں آدابِ گفتگو کو مدِ نظر رکھنے کی تربیت کی جائے۔

## دائرہ کار۔۴: اخلاق و آداب

## [SLO: I-07-D-__]

معیار

اسلامی تعلیمات کی روشنی میں اخلاقِ حسنہ اور اچھی عادات سے واقفیت حاصل کر کے اپنی عملی زندگی میں ان کا اطلاق کریں۔

الف۔ میانہ روی

حاصل تعلّم

- سیرت طیبہ صلی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّم کی روشنی میں میانہ روی کی اہمیت و فضیلت اور روزمرہ زندگی میں میانہ روی کی مختلف صورتوں کو سمجھ کر اعتدال کا راستہ اختیار کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-D-01] میانہ روی کے معنی و مفہوم کو بیان کریں۔<br>• [SLO: I-07-D-02] میانہ روی کے معنی اہمیت و فضیلت سے واقفیت حاصل کریں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-D-06] زندگی کے تمام پہلوؤں کھانا پینا، سونا کھیلنا، جدید ٹیکنالوجی کا استعمال وغیرہ میں افراط و تفریط کے نقصانات کا جائزہ لیں۔ |

| | |
|---|---|
| • [SLO: I-07-D-03] سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے میانہ روی کی چند مثالیں جانیں۔<br>• [SLO: I-07-D-04] اہل بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کی زندگیوں سے میانہ روی کی مثالوں کی اہمیت سمجھیں۔<br>• [SLO: I-07-D-05] روزمرہ زندگی کی میں میانہ روی کی مختلف صورتوں اور ان کے فوائد سے آگاہی حاصل کریں۔ | • [SLO: I-07-D-07] زندگی کے تمام امور میں میانہ روی اور اعتدال کا راستہ اختیا کریں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی حیات مبارکہ سے میانہ روی کی کوئی دو مثالیں تحریر کریں گے۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: میانہ روی کے ذاتی اور معاشرتی فوائد کالم کی صورت میں تحریر کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- کمرا جماعت میں میانہ روی کے متعلق مستند حدیثِ مبارک کی روشنی میں مذاکرہ کروائیں۔
- طلبہ فہرست بنائیں کہ افراط و تفریط کی مختلف صورتیں کیا ہو سکتی ہیں۔

ب۔ سخاوت وایثار

حاصل تعلّم

- اسوہ حسنہ کی روشنی میں سخاوت وایثار کی اہمیت اور اس کی مختلف صورتوں کو جان سکیں اور بخل کے نقصانات کو سمجھ کر عملی نمونہ پیش کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>قران وسنت کی روشنی میں:<br>• [SLO: I-07-D-08] سخاوت اور ایثار کا معنی ومفہوم بیان کریں۔<br>• [SLO: I-07-D-09] سخاوت، ایثار اور بخل میں فرق جانیں۔<br>• [SLO: I-07-D-10] سخاوت اور ایثار کی اہمیت وفضیلت سے واقف ہوں۔<br>• [SLO: I-07-D-11] بخل کی وعید اور اس کے نقصانات کو جانیں۔<br>• [SLO: I-07-D-12] سخاوت اور ایثار کی مختلف صورتوں (مالی، بدنی اور علمی) کا جائزہ لیں۔<br>• [SLO: I-07-D-13] اُسوہ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم، اہل بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی سیرتِ مبارکہ سے سخاوت وایثار کی مثالوں کی اہمیت سمجھیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-D-14] معاشرتی زندگی میں سخاوت وایثار کے فوائد کا جائزہ لے کر انھیں اپنائیں۔<br>• [SLO: I-07-D-15] معاشرتی فلاح وبہبود کے لیے سخاوت و ایثار جیسی صفات کو اپنا کر اپنا مثبت کردار ادا کریں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: سخاوت اور ایثار کے معاشرتی فوائد اور بخل کے نقصانات کا موازنہ کالم کی صورت میں کریں گے۔۔۔/ طلبہ کا انفرادی اظہارِ خیال۔

تکمیلی جانچ: اسوہ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم اہل بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنھم کی زندگی سے سخاوت و ایثار کی کوئی سے دو مثالیں تحریر کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- طلبہ اپنے جیب خرچ میں سے جمع شُدہ رقم کے ذریعے فلاحی کاموں میں اپنا حصہ ڈالیں / طلبہ جمع شدہ رقم اسکول کی جانب سے کسی فلاحی ادارے وغیرہ کو امداد کی صورت میں دیں گے۔
- نشاندہی کریں کہ روزمرہ زندگی میں سخاوت اور ایثار کی ضرورت کن کن مواقع پر پیش آتی ہے۔
- طلبہ کو ہدایت کی جائے کہ وہ بخل سے پناہ مانگنے کی مسنون دُعا پڑھنے کو اپنا معمول بنائیں۔
- بخل سے بچنے کی دعا جماعت میں ایک دوسرے کو بتائیں۔

ج۔ تعلیم اور تعلّم کے آداب

حاصل تعلّم

- تعلیم و تعلّم کے حوالے سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے طریقہ تدریس اور اساتذہ و طلبہ کے حقوق و فرائض کو جان کر ایک باادب طالب علم بن سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن و سنت کی روشنی میں: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| • [SLO: I-07-D-16] تعلیم و تعلّم کے مفہوم بتائیں۔<br>• [SLO: I-07-D-17] تعلیم و تعلّم کے آداب سمجھیں۔<br>• [SLO: I-07-D-18] علم دین کی فضیلت جان سکیں۔<br>• [SLO: I-07-D-19] حصولِ علم کے لیے سوال کرنے اور سفر کی اہمیت سے آگاہ ہوں۔<br>• [SLO: I-07-D-20] اُستاد اور وسائل علم (کتاب، قلم، کاغذ، اسکول اور عملہ وغیرہ) سے محبت اور اُن کے احترام کی اہمیت سمجھیں۔ | • [SLO: I-07-D-21] اُستاد اور طلبہ کے چند حقوق و فرائض کا جائزہ لیں۔<br>• [SLO: I-07-D-22] با مقصد اور نافع علم کے حصول کی جدوجہد کر سکیں۔<br>• [SLO: I-07-D-23] قرآن و سنت کی تعلیمات کی روشنی میں ایک باادب طالب علم بن سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: ایک باادب طالب علم کی خصوصیات کیا ہونی چاہییں؟ قرآن و سنت کی روشنی میں تحریر کریں گے۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: تعلیم و تعلّم کے مفہوم اور حصول علم کے لیے سوال کرنے کی اہمیت پر ایک پیراگراف تحریر کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- حصولِ علم کے متعلق دو آیات کریمہ اور دو احادیثِ مبارکہ مع ترجمہ تلاش کر کے لکھیں اور اپنے ہم جماعت ساتھیوں کے سامنے پیش کریں گے۔
- صحابہ کرام نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے سامنے علم حاصل کرتے ہوئے جن آداب کا خیال رکھتے تھے ان پر خاکہ پیش کریں۔

د۔ بری عادات سے اجتناب

ریاکاری اور نمود و نمائش

حاصل تعلّم

- قرآن و حدیث کی روشنی میں ریاکاری کے نقصانات سے آگاہ ہو کر ان عادات سے اجتناب کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
| • [SLO: I-07-D-24]ریاکاری اور نمود و نمائش کا مفہوم بیان کر یں۔<br>• [SLO: I-07-D-25]ریاکاری کی مذمت اور وعید کی اہمیت کو سمجھیں۔<br>• [SLO: I-07-D-26]ریاکاری کے مختلف مواقع (بدنی ومالی عبادات میں، محافل، عمومی معاملات وغیرہ) سے آگاہ ہوں۔<br>• [SLO: I-07-D-27]اسوہ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم اہل بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی سیرتِ مبارکہ سے ریاکاری اور نمود و نمائش کی مذمت کے بارے میں اہم تعلیمات جانیں۔<br>• [SLO: I-07-D-28] عملی زندگی میں ریاکاری اور نمود نمائش سے ہونے والے نقصانات<br>(تکبر اسراف، حسد، چشم بد، دوسروں کی دل آزاری اور جانی ومالی نقصان وغیرہ) کا جائزہ لیں۔ | • [SLO: I-07-D-29]ریاکاری اور نمود و نمائش کے نقصانات جان کر عملی زندگی میں ان سے محفوظ رہنے کی کوشش کریں۔<br>• [SLO: I-07-D-30]عبادات میں ریاکاری سے اجتناب کرتے ہوئے خلوص اپنا سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: تکبر، اسراف، حسد، دوسروں کی دل آزادی اور نظر بد کی مذمت کے بارے میں تعارف مع احادیث تحریر کریں گے۔۔ / طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

تکمیلی جانچ: ریاکاری اور نمود و نمائش سے بچنے کے حوالے سے سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے کوئی سی دو مثالیں تحریر کریں گے۔۔ / معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- عملی زندگی سے مثالیں دیں کہ ہم کس طرح نمود و نمائش اور ریاکاری سے بچتے ہوئے اخلاق کو اپنا سکتے ہیں؟
- ریاکاری کی مختلف صورتوں کے بارے میں طلبہ کے درمیان ایک مکالمہ کروایا جائے۔
- مختلف تقریبات میں ہونے والی نمود و نمائش کی مثالوں کی فہرست بنائیں۔
- ریاکاری کے مختلف مواقع (بدنی ومالی عبادات، محافل، عمومی معاملات) کے بارے میں خاکہ پیش کریں۔

## دائرہ کار۔۵: حسنِ معاملات و معاشرت [SLO: I-07-E-__]

معیار

باہمی تعلقات اور معاملات میں اسلامی تعلیمات سے آگاہ ہوں اور قومی و بین الاقوامی معاملات میں ان سنہری اصولوں پر عمل کریں۔

الف۔ حقوق العباد

حاصل تعلّم

- قرآن وسنت کی روشنی میں حقوق العباد کی اہمیت جان کر مہمان، خواتین، مسافر اور دوستوں سے حسن سلوک کا مظاہرہ کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-E-01] حقوق العباد کی اہمیت جانیں۔<br>• [SLO: I-07-E-02]میزبانی کی فضلیت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے مہمانوں اور مسافروں کے حقوق سے آگاہی حاصل کریں۔<br>• [SLO: I-07-E-03]دیگر مذاہب کی نسبت اسلام میں خواتین کو دیے گئے خصوصی حقوق کو جان کر اُن کے مقام کو سمجھیں۔<br>• [SLO: I-07-E-04]نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے مختلف لوگوں سے حُسنِ سلوک اور اس کی روشنی میں خواتین کے احترام سے واقف ہوں۔<br>• [SLO: I-07-E-05]اسوہ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم، اہل بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی سیرت مبارکہ سے مذکورہ حقوق العباد کی مثالوں کا جائزہ لیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-E-06]مذکورہ حقوق العباد کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بناتے ہوئے معاشرے کو امن وسلامتی کا گہوارہ بنائیں۔<br>• [SLO: I-07-E-07]ساتھیوں (ہم جماعت، رفیق کار، محلے دار، ہم سفر وغیرہ) کے ساتھ حُسن سلوک کرنے والے بننے کی کوشش کریں۔<br>• [SLO: I-07-E-08]دین اسلام کی تعلیمات کی روشنی میں صوفیائے کرام، بزرگان دین، علمائے کرام اور اپنے بڑوں کا احترام اور چھوٹوں پر شفقت کرنے والے بن سکیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: حقوق العباد کی اہمیت پر سیرت مبارکہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے لی گئی مثالوں کے ذریعے تفصیلی مضمون تحریر کریں گے۔۔ / مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: طلبہ اظہار خیال کریں کہ وہ گھر، اسکول اور محلے میں حقوق العباد کا اہتمام کس طرح کرتے ہیں؟

مجوّزہ سرگرمیاں

- خواتین، مہمانوں، مسافروں اور ساتھیوں کے حقوق کے موضوع پر آپس میں تبادلہِ خیال کریں۔
- طلبہ اظہارِ خیال کریں کہ وہ جماعت اور محلے میں اپنے دوستوں کا خیال کیسے رکھتے ہیں؟

ب۔ نظم وضبط اور قانون کا احترام

حاصل تعلّم

- قران وسنت کی روشنی میں نظم وضبط اور قانون کے احترام کے بارے میں جان کر عملی زندگی کا حصہ بنا سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-E-09] نظم وضبط کے معنی ومفہوم جان سکیں ۔<br>• [SLO: I-07-E-10]نظم وضبط کی ضرورت واہمیت سے واقف ہو سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ:<br>• [SLO: I-07-E-14]انفرادی اور اجتماعی زندگی میں نظم وضبط اور قانون کی بالادستی اور احترام کے فوائد واثرات کو سمجھتے ہوئے انہیں اپنی زندگی کا حصہ بنا سکیں۔ |

| | |
|---|---|
| • [SLO: I-07-E-11]اسوہ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہ وسلم، اہل بیت اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی سیرت مبارکہ سے نظم و ضبط کی مثالوں کو جان سکیں۔<br>• [SLO: I-07-E-12]نظامِ کائنات اور اسلامی عبادات (باجماعت نماز، روزہ، حج وغیرہ) سے نظم وضبط کا سبق سیکھ سکیں۔<br>• [SLO: I-07-E-13]ملکی قوانین کو سمجھتے ہوئے اُن پر عمل درآمد کے فوائد کا جائزہ لے سکیں۔ | |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: ملکی قوانین کی اہمیت بیان کریں۔ نیز کوئی سے تین ملکی قوانین پر عمل درآمد کے فوائد تحریر کریں گے۔

تکمیلی جانچ: نظم وضبط کے قیام کے لیے ہم کن اسلامی عبادات سے رہنمائی لے سکتے ہیں؟ ناموں کے ساتھ وضاحت بھی تحریر کریں گے۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- طلبہ کائنات میں نظم وضبط سے متعلق دو قرآنی آیت مع ترجمہ پر مبنی چارٹ بنا کر کمرہ جماعت میں آویزاں کریں۔
- طلبہ نظام کائنات اور اسلامی عبادات سے نظم وضبط کی دیگر مثالیں (متن کے علاوہ) تلاش کریں۔
- طلبہ یہ جائزہ لیں کہ وہ اپنی روزمرہ زندگی (گھر اسکول، محلہ، کھیل کا میدان، عوامی مقامات وغیرہ) میں کس طرح نظم وضبط پر عمل کر سکتے ہیں۔
- ملکی قوانین (ٹریفک قوانین، امن عامہ وغیرہ) کے فوائد پر اظہارِ خیال کر سکیں۔

ج۔ کسب حلال

حاصل تعلّم

- قرآن وسنت کی روشنی میں کسبِ حلال کی اہمیت و فضیلت کو سمجھ کر مستقبل میں اس خصوصیت کو اپنا سکیں۔

| علم | صلاحیت |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن وسنت کی روشنی میں کہ:<br>• [SLO: I-07-E-15] کسبِ حلال کا معنی ومفہوم بتائیں۔<br>• [SLO: I-07-E-16]کسبِ حلال کی فضیلت و اہمیت سمجھیں۔<br>• [SLO: I-07-E-17]اسوہ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہ وسلم، سیرتِ اہل بیتِ اطہار اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی روشنی میں کسب حلال کی مثالوں کی اہمیت سمجھیں۔<br>• [SLO: I-07-E-18]کسبِ حلال کے مختلف ذرائع سے واقف ہوں۔<br>• [SLO: I-07-E-19]کسبِ حرام کے مختلف ذرائع خصوصا سود رشوت، ظلم، غصب، جوئے، ملاوٹ اور ذخیرہ اندوزی وغیرہ کی حرمت کے بارے میں جائزہ لے سکیں۔ | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن وسنت کی روشنی میں کہ:<br>• [SLO: I-07-E-20]کسبِ حلال کے فوائد اور کسبِ حرام کے نقصانات کا جائزہ لیں۔<br>• [SLO: I-07-E-21]کسبِ حرام سے بچتے ہوئے کسبِ حلال اختیار کرنے والے بنیں۔ |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: سود، رشوت، ظلم، غصب، جوئے، ملاوٹ، ذخیرہ اندوزی میں سے کوئی سے تین موضوعات پر احادیث کی روشنی میں تحریر کریں گے۔۔/ مقابلہ ذہنی آزمائش

تکمیلی جانچ: وہ کون سی برائیاں تھیں جو حضرت شعیب علیہ السلام کی قوم پر عذاب کی وجہ بنیں؟ فہرست کی صورت میں بیان کریں۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

**مجوّزہ سرگرمیاں**

- کسبِ حلال سے متعلق دو قرآنی آیات اور دو مستند احادیث مبارکہ مع ترجمہ کی فہرست بنائیں۔
- طلبہ کسبِ حلال اور کسبِ حرام کے مختلف اثرات پر غور و فکر کریں۔
- طلبہ کسبِ حلال کے فوائد اور کسبِ حرام کے نقصانات پر مشتمل فلیش کارڈز بنائیں۔

**د۔ قومی املاک و وسائل کے استعمال کے آداب**

حاصل تعلّم

- وسائل کے استعمال کے احکام، آداب اور تفصیلات سے آگاہ ہو سکیں اور املاک کی حفاظت میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔

| علم | صلاحیت |
| --- | --- |
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ کہ قرآن و سنت کی روشنی میں کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ قرآن و سنت کی روشنی میں کہ: |
| • [SLO: I-07-E-22] قومی املاک و وسائل کی اہمیت کے بارے میں آگہی حاصل کریں۔ | • [SLO: I-07-E-27] قومی املاک و وسائل کا استعمال امانت داری اور دیانت داری سے کرنے والے بنیں۔ |
| • [SLO: I-07-E-23] قومی املاک و وسائل کے استعمال میں امانت داری کی اہمیت کو سمجھیں۔ | • [SLO: I-07-E-28] قومی املاک و وسائل کی حفاظت اور ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔ |
| • [SLO: I-07-E-24] قومی املاک و وسائل کے استعمال کے احکام و آداب جان سکیں۔ | • [SLO: I-07-E-29] قومی املاک و وسائل کو نقصان پہنچانے کو ایک جرم سمجھ سکیں۔ |
| • [SLO: I-07-E-25] اسوہ نبوی صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم، سیرتِ اہل بیت اطہار و صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے قومی املاک و وسائل میں امانت داری کی مثالیں جانیں۔ | |
| • [SLO: I-07-E-26] قومی املاک و وسائل کی حفاظت کے فوائد اور ضیاع کے نقصانات کا جائزہ لیں۔ | |

مجوّزہ جانچ

تشکیلی جانچ: قومی املاک و وسائل کے استعمال کی جائز صورتوں اور ناجائز صورتوں کا موازنہ کالم کی صورت میں کریں۔۔۔/ طلبہ کا انفرادی اظہار خیال۔

تکمیلی جانچ: امانت داری کے بارے میں سیرت مبارکہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم سے چند مثالیں تحریر کریں۔۔/ معروضی سوالات / موضوعی سوالات تحریر کریں۔

مجوّزہ سرگرمیاں

- قومی املاک و وسائل کی اہمیت اور ان کے احکام و آداب پر طلبہ کے مابین مکالمہ کرائیں۔
- سرکاری وسائل (سرکاری گاڑی، سٹیشنری، بجلی، گیس، پانی، لیپ ٹاپ، کمپیوٹر، جنگلات وغیرہ) کے ناجائز استعمال کی صورتوں کا جائزہ لیں اور اس عمل سے بچنے پر تبادلہ خیال کریں۔

## دائرہ کار۔٦: ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام [SLO: I-07-F-__]

**معیار:**

امہات المومنین کی پاکیزہ زندگیوں سے آگاہ ہوں اور عملی زندگی میں ان کی پیروی کریں۔

- الف۔ حضرت حفصہ، حضرت زینب بنت خزیمہ، حضرت ام سلمہ اور حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہن

حاصل تعلّم

- مزکورہ امہات المومنین کا اجمالی تعارف حاصل کر سکیں اور انکے حالات زندگی کا تفصیل سے مطالعہ کر سکیں اور ان کی صفات کو اپنا سکیں۔

| علم | علم |
|---|---|
| طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: | طلبہ اس قابل ہو سکیں گے کہ: |
